# جانِ جاناں ﷺ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی

ادارۂ مسعودیہ
۲/۶، ۵۔ای، ناظم آباد۔کراچی
اسلامی جمہوریۂ پاکستان

Marfat.com

ادارہ مسعودیہ کراچی Idara-e-Mas'udia, Karachi

اور سبھوں کے ساتھ ہو جاؤ

Marfat.com

# جانِ جاناں صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔ اے (گولڈ میڈلسٹ)
پی ایچ ڈی

ادارۂ مسعودیہ ۲/۶، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان

Marfat.com


جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

کتاب ــــــــــــ جانِ جاناں صلی اللہ علیہ وسلم
مصنف ــــــــــــ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
مصحح ــــــــــــ علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری
کاتب ــــــــــــ محمد الیاس
طابع ــــــــــــ ڈاکٹر صفی الدین
ناشر ــــــــــــ ادارۂ مسعودیہ، کراچی
طباعت ــــــــــــ ۱۴۱۸ھ / ۱۹۹۸ء
تعداد ــــــــــــ گیارہ سو
قیمت ــــــــــــ ۷۵ روپے

## ملنے کے پتے

۱۔ ادارۂ مسعودیہ، ۶/۶، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی
۲۔ مختار پبلی کیشنز، ۲۵ جاپان مینشن، ریگل، صدر، کراچی
۳۔ مکتبہ غوثیہ، سبزی منڈی، کراچی
۴۔ مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی
۵۔ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور
۶۔ شبیر برادرز، اُردو بازار، لاہور
۷۔ مکتبۂ ضیائیہ، بوہڑ بازار، راولپنڈی

Marfat.com



مسجدِ نبویؐ کا اندرونی منظر

Marfat.com

بحضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

کشف الدجیٰ بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ

صلوا علیہ وآلہٖ

علیہ الصلوٰۃ والسلام

کلام شیخ سعدی

کتبہ گوہر قلم


Marfat.com

# انتساب

لہلہاتی بہاروں کے نام
سنہری راتوں کے نام
صبحِ سعادت کے نام
چمکتی فضاؤں کے نام
روشن عذاروں کے نام
شرم آگیں نگاہوں کے نام
پیاری پیاری اداؤں کے نام
جھلملاتے درودوں کے نام
جگمگاتے سلاموں کے نام
مچلتی اُمنگوں کے نام
تڑپتی تمناؤں کے نام
پھڑکتی آرزوؤں کے نام
بلبلاتی آہوں کے نام
ڈبڈباتی آنکھوں کے نام
چھلکتے آنسوؤں کے نام
معصوم شہیدوں کے نام
مسکراتی رُوحوں کے نام
چمکتی رہ گزاروں کے نام

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ

Marfat.com



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اظہارِ تشکر

مندرجہ ذیل محسنین و مخلصین و محبّین نے کتاب کی تدوین و کتابت اور طباعت و اشاعت میں مدد فرمائی، راقم ان سب کا تہ دل سے ممنون ہے، مولائے کریم اس حسن عمل کے صلے میں اپنی بیکراں نعمتوں سے نوازے۔ آمین!

۱۔ ابوالفتح علامہ محمد نصر اللہ خاں، کراچی۔

۲۔ ڈاکٹر کریم بخش خالد، ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن حکومت سندھ، کراچی

۳۔ سید ریاست علی قادری، صدر ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی

۴۔ سیّد منظور حسین جیلانی، اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ، حبیب بینک کراچی

۵۔ سیّد وجاہت رسول صاحب، اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ، حبیب بینک، کراچی

۶۔ مولانا شاہ محمد خالد میاں فاخری، دائرۃ المصنفین، کراچی

۷۔ پروفیسر حافظ محمد عبدالباری صدیقی، کراچی

۸۔ مولانا غلام رسول سعیدی، شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی

۹۔ سید زین الحسن، ایڈوکیٹ سندھ ہائی کورٹ، کراچی

۱۰۔ شیخ صبور احمد ڈائریکٹر کراچی کیمیکل انڈسٹریز، کراچی

۱۱۔ مولانا جاوید اقبال مظہری، کراچی

۱۲۔ جناب فریدالدین صاحب، مدینہ پبلشنگ کمپنی، کراچی

۱۳۔ علامہ مفتی عبدالرحمٰن مجدّدی، دارالعلوم عثمانیہ مجددیہ، ٹھٹھہ

۱۴۔ علامہ ابوالسّراج محمد طفیل احمد، ڈسٹرکٹ خطیب، ضلع ٹھٹھہ، مکلی (سندھ)

Marfat.com

۱۵۔ پروفیسر محمد انور آرائیں، صدر شعبۂ طبعیّات، گورنمنٹ ڈگری کالج ٹھٹھہ (سندھ)

۱۶۔ علامہ مفتی احمد میاں برکاتی، دارالعلوم احسن البرکات، حیدرآباد سندھ

۱۷۔ علامہ عبدالحکیم شرف قادری، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

۱۸۔ مولانا محمد منشا تابش قصوری، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

۱۹۔ علامہ عبدالحکیم اختر شاہجہا پوری، لاہور

۲۰۔ حاجی مقبول احمد ضیائی، لاہور۔

۲۱۔ راجہ رشید محمود، مدیر ماہنامہ لغت، لاہور

۲۲۔ علامہ نور محمد قادری، گجرات (پاکستان)

۲۳۔ سید رضا، اللہ عارف نوشاہی، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

۲۴۔ جناب خلیل احمد رانا، جہانیاں منڈی

۲۵۔ جناب محمد صدیق فانی، خانیوال

۲۶۔ آر بی، صدیقی، حیدرآباد سندھ

۲۷۔ حکیم محمد عمر قریشی منظہری، لاہور

۲۸۔ جناب اسلم کمال، لاہور

۲۹۔ جناب خورشید عالم گوہر رقم، لاہور

۳۰۔ جناب محمد الیاس صدیقی خوشنویس۔ کراچی

۳۱۔ پروفیسر مدد علی قادری، حیدرآباد سندھ

۳۲۔ پروفیسر محمد طاہر القادری، لاہور

۳۳۔ جناب محمد خاں قادری، لاہور

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم

# حرفِ آغاز

۱۹۸۶ء میں محبی سید منظور حسین جیلانی (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ، حبیب بینک کراچی) نے ایک نجی محفل میں یہ اظہار خیال فرمایا کہ عقائد و اخلاق کی اصلاح کے لئے کتابچے ترتیب دیئے جائیں اور وہ خود اس کی طباعت کا اہتمام فرمائیں گے. ساتھ ہی یہ تجویز رکھی کہ اس سلسلہ کا آغاز راقم ہی کرے ـــــ انھیں دنوں ایک کرم فرما سید زین الحسن صاحب (ایڈووکیٹ سندھ ہائی کورٹ، کراچی) عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق ایک کتاب لائے جو منفی انداز سے اور منفی مقصد کے لئے لکھی گئی تھی، پڑھ کر افسوس ہوا اور حیرت بھی کہ ایک مسلمان اس طرح بھی سوچ سکتا ہے!؛ ـــــ زین الحسن صاحب نے کتاب مذکور کے بارے میں اظہار خیال کے لئے فرمایا؛ راقم نے مناسب سمجھا کہ اس موضوع پر تحقیقی انداز سے ایک سنجیدہ کتابچہ لکھ دیا جائے مگر جب لکھنے بیٹھا تو فیضان محمدی صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک کتاب تیار ہوگئی،

فالحمد للہ علی ذالک ع رحمت حق بہانہ می جوید

راقم کے والد ماجد مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی دہلوی قدس سرہ العزیز نے راقم کو دعا دی تھی "مولا تعالی روح القدس سے تمہاری مدد فرمائے"! ـــــ اس علمی سفر میں یہ دعا رفیق راہ رہی اور مواد کی فراہمی پردۂ غیب سے ہوتی گئی، دل کھلتا گیا، حوصلہ بڑھتا گیا ـــــ ۱۹۸۷ء میں اس کتاب کا آغاز کیا اور ۱۹۸۸ء میں یہ مکمل ہوگئی۔

شکر کدام فضل بجا آورد کسے
عاجز بماندہ ہر کہ دریں افتکار کرد

انشاء اللہ تعالی دنیا کی متعدد زبانوں میں اس کا ترجمہ کرایا جائے گا تاکہ دنیا

Marfat.com

کے نہ صرف ایک ارب مسلمان ہی فیض یاب ہوں بلکہ وہ کروڑوں غیر مسلم بھی استفادہ کرسکیں جن کو اللہ تعالیٰ نے حق قبول کرنے کا جوہر عطا فرمایا ہے —— اس کتاب کا موضوع ایک ایسی ہستی ہے جو ہمہ گیر اور عالم گیر ہے —— تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سب کے لئے آئے اور سب اُن کے لئے —— یہ ایک کائناتی حقیقت ہے —— اپنے اپنے وقتوں میں اپنی اپنی قوموں کے لئے آنے والے آتے رہے مگر وہ آنے والا ساری نوع انسانی کے لئے آیا:-

سیل انوار رحمت رواں جو ہوا    نور ہی نور تھا جس طرف دیکھئے
دیدہ و دل اجالوں میں ڈوبے ہوئے    جلوہ طور تھا جس طرف دیکھئے    کاوش

وہ کیا آئے خزاں رسیدہ عالم میں بہار آگئی، وہ رحمت بن کر آئے اور نور بنکر پھیل گئے —— وہ اللہ کا عظیم احسان ہیں، وہ اللہ کی عظیم نعمت ہیں:-

نورِ احمد کو رب کا احساں کہوں    جانِ جاناں کہوں روحِ خوباں کہوں
نورِ ایماں کہوں رازِ عرفاں کہوں    رمزِ قرآں کہوں شانِ یزداں کہوں    کاوش

اللہ تعالیٰ ہم سب کو آپ کے دامن سے وابستہ رکھے اور ہمارے سینوں کو آپ کی محبت و عشق سے سوزاں و بریاں رکھے۔ آمین ثم آمین!

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ
پرنسپل
گورنمنٹ ڈگری کالج، ٹھٹہ (سندھ پاکستان)
۳ رجب ۱۴۰۸ھ، ۱۰ مارچ ۱۹۸۸ء

Marfat.com

# جانِ جاناں صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

الله اکبر

۱۴

آن حسن و خوبی بی نشان آن آن شمع جمع عاشقان
آن تاج خوبان جهان آن آن روشنی شب

شکر خدا را بی گمان آن باغ عشق در کوی آن
ای شمس در راه عشق تا آن حسن آن جان جان

[illegible]

Marfat.com

۱

# جھلکیاں

## خلقتِ محمدّی

۲ ـــــ ۴۰

نورِ محمدّی ـــــ ستارۂ محمدّی ـــــ حقیقت محمدّی

جانِ جہاں ـــــ ذکر محمدّی ـــــ وسیلۂ محمدّی

پیمانِ محمدّی ـــــ دیدار محمدّی ـــــ سفر نورِ محمدّی

نظارۂ آدم ـــــ آرزوئے آدم ـــــ نزول نورِ محمدّی

ـــــ دعائے ابراہیمی ـــــ عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت

یعقوب علیہ السلام کی خوشخبری ـــــ موسیٰ علیہ السلام کی خوشخبری

تبعؑ اول کی وصیت ـــــ گوتم بدھ کی خوش خبری

سینٹ پال کی خوش خبری ـــــ

علامہ ابن جوزی کے تاثرات ـــــ

حواشی اور حوالے ـــــ ۱۶۴ ـــــ ۱۶۲

Marfat.com

# ۲

## ظہورِ قدسی ۴۱ــــ ۶۲

(۱) خوش خبریاں اور بشارتیں ــــ ملاکی نبی کی بشارت ــــ داؤد علیہ السلام کی بشارت ــــ موسیٰ علیہ السلام کی بشارت ــــ اشعیاہ علیہ السلام کی بشارت ــــ ویاس جی کی بشارت ــــ عبدالمطلب کا خواب ــــ آمنہ کا خواب ــــ ظہورقدسی ــــ طلوع ستارۂ محمدیؐ ــــ یہودی کا اعلان ــــ فیضان نورِ محمدی ــــ تاثیر نورِ محمدیؐ ــــ آمدِ مصطفیٰ ــــ دیارِ مصطفیٰ ــــ بھاگوت پران کی پیشگوئی ــــ شب ولادت کی عظمت ــــ نام محمد اور احمد ــــ اتھروید کی پیشگوئی ــــ رگ وید کی پیش گوئی ــــ بھوشیہ پران کی پیش گوئی ــــ ژند اوستا کی پیش گوئی ــــ نگاہِ سلیمان علیہ السلام اور سراپائے مصطفیٰ

(ب) بعثت محمدی ــــ توریت کی بشارت ــــ علاماتِ محمدی ــــ بھوشیہ پران کی پیش گوئی ــــ مہادیوجی کی خوش خبری ــــ سقراط کی پیش گوئی ــــ عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ــــ پطرس کی کرسی ــــ حکیم جاماسپ کی خوش خبری ــــ توریت و انجیل کی شہادتیں ــــ

## حواشی اور حوالے ــــ ۱۶۳ ــــ ۱۸۳

Marfat.com

# ۳ جشنِ ولادت

۶۳ــــ۸۴

(۱) احسانِ الٰہی ـــــ رحمتِ الٰہی ـــــ نعمتِ الٰہی ـــــ داؤد علیہ السلام کا ارشاد ـــــ دانیال علیہ السلام کا ارشاد ـــــ قرآنِ حکیم کا ارشاد ـــــ عیسٰی علیہ السلام کا ارشاد ـــــ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم اور جشن ولادت ـــــ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اور ذکرِ ولادت ـــــ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور صحابہ کے نعتیہ قصائد ـــــ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ذکر ولادت؛

(ب) یوم ولادت ـــــ زمانۂ ولادت کی عظمت ـــــ یوم ولادت اور قرآن ـــــ یوم عاشورہ کی عظمت ـــــ پیر کی اہمیت ـــــ جشن ولادت اور تخفیف عذاب الٰہی ـــــ یوم ولادت آزادی اور خوشی کا دن ـــــ جشن ولادت اور خلفائے راشدین ـــــ جشن ولادت اور تابعین و تبع تابعین ـــــ ذکرِ مصطفٰے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کا اہتمام ـــــ جشن ولادت اور غوث اعظم ـــــ ذکر مصطفٰے کی زمین و آسمان میں گونج ـــــ محبوبوں کی محبوب ادائیں ـــــ ذکر مصطفٰے اور قرآن ـــــ ذکر مصطفٰے اور بحر و بر ـــــ قبۂ جونپور اور ذکر مصطفٰے ـــــ ذکر مصطفٰے اور صنفِ لغت ـــــ نعت مصطفٰے اور شاہ چین ـــــ آیات و احادیث اور عشق مصطفٰے ـــــ دیوانِ گانِ مصطفٰے ـــــ

## حواشی اور حوالے

۱۸۴ــــ۱۹۷

Marfat.com

# ۴

# جشنِ ولادت ـــــ ابتداء اور انتہاء

۸۵ ـــــــــ ۱۲۸

(ا) انجیل کی تمثیل ـــــ قطرے سے دریا تک ـــــ تخم سے درخت تک ـــــ تصویر سے تحریر تک ـــــ آیت آیت سے قرآن تک ـــــ قرآن سے سیلِ علوم تک ـــــ نماز تہجد سے نماز پنجگانہ تک ـــــ درود ابراہیمی سے درودوں کے سیلِ رواں تک ـــــ ذکر مصطفےٰ، مکاں سے لامکاں تک ـــــ جشن میلادِ مصطفےٰ، حرمین سے کونین تک، ـــــ انسان اور عید کا تصوّر ـــــ نصاریٰ کی عید ـــــ مسلمانوں کی عید ـــــ ابن عباد اور جشن میلاد مصطفےٰ ـــــ ابن جوزی اور جشن میلاد مصطفےٰ ـــــ مجالِس میلاد مصطفیٰ اور عالم اسلام ـــــ جشن میلاد مصطفےٰ اور شاہانِ اسلام ـــــ عمر بن ملاّ محمد موصلی کی محفل میلاد ـــــ سلطان اربل ملک معظم ابوسعید مظفر الدین (عزیز سلطان صلاح الدین ایوبی) کا جشن میلاد مصطفےٰ ـــــ ابن خلکان اربلی کے مشاہدات ـــــ عمر بن حسن دحیہ کلبی کا مولود نامہ ـــــ شاہ مصر کا جشن میلاد مصطفےٰ ـــــ ابن جزری کے مشاہدات ـــــ شاہِ تلمسان سلطان ابوحمو موسیٰ کا جشن میلاد مصطفےٰ ـــــ حافظ ابوالخیر سخاوی اور جشن میلادِ مصطفےٰ ـــــ

(ب)

قیام میلاد مصطفےٰ ـــــ حیات محمدّی ـــــ رفاقت محمدّی ـــــ شہادت محمدی ـــــ تشہدّ کی شہادت ـــــ صحابہ کی عادت ـــــ نواب صدیق حسن خاں کے تاثرات ـــــ وہ موجود ہیں، وہ دیکھ رہے ہیں، وہ سن رہے ہیں ـــــ مولانا قاسم نانوتوی اور

Marfat.com

حیاتِ محمدیؐ ــــ فرشتوں کا کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام پڑھنا ــــ امام تقی الدین سبکی اور علمائے وقت کا قیام ــــ علمائے اسلام اور استحبابِ قیام ــــ ذکرِ مصطفیٰ اور معیّتِ مصطفیٰ ــــ قیام میلاد اور حاجی محمد امداد اللہ مہاجر مکیؒ ــــ برہان الدین حلبی کی شہادت ــــ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کی شہادت ــــ ابن تیمیہ اور ذکر میلاد مصطفیٰ ــــ قیام و میلاد اور مالکی و شافعی فقہاء ــــ

(ج)

علمائے اعلام اور ذکر میلاد مصطفیٰ ــــ شارح بخاری علامہ قسطلانی کا بیان ــــ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا بیان ــــ میلاد مصطفیٰ اور شاہ عبدالرحیم ــــ محفل میلاد مصطفیٰ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی میلاد مصطفیٰ اور شاہ احمد سعید دہلوی ــــ شیخ محمد رضا مصری کی شہادت ــــ مفتی محمد ضیاء الدین مدنی اور ذکر میلاد مصطفیٰ ــــ محفل میلاد اور آیات و احادیث ــــ ارشاد نبوی ہر قوم کی عید ــــ میلاد کی اہمیت اور ڈاکٹر محمد اقبال ــــ ابوالحسن علی ندوی کا اعلان حقیقت ــــ علماء حق کی مساعی ــــ میلاد مصطفیٰ اور علمائے اعلام کی تصانیف ــــ

حواشی اور حوالے ، ۱۹۸ ۲۱۳

Marfat.com

# ۵

# رسمیں اور عادتیں

۱۲۹ — ۱۶۲

(۱) حلال اور حرام —— جس کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اچھی ہے —— بڑی جماعت کی پیروی کا حکم —— کثرت رائے کی اہمیت —— کثرت رائے کی کرامت —— جمہوریت کی قدردانی —— ہدایت محمدی جماعت سے علیحدگی اسلام سے علیحدگی —— مومن کا مومن سے تعلق —— ملت اسلامیہ جسم واحدہ —— سنن حسنہ اور سنن سیئہ —— اچھی اور بری رسمیں اور عادتیں —— جس نے اچھا طریقہ نکالا اس کے لئے اس کا دوہرا ثواب ہے —— جس کی اصل دین سے نہیں وہ مردود ہے —— اعمال کا دارومدار نیت پر —— مقاصد، فعل کے احکام تبدیل کر دیتے ہیں —— اختلاف کے اسباب —— عادات و رسوم اور شاہ ولی اللہ —— اچھی رسموں اور عادتوں کو روکا جائے تو انسان درندہ بن جاتا ہے —— رسوم کی تبدیلیاں اور ڈاکٹر محمد اقبال، رسم و رواج اور معاشرہ! ——

(ب) سازشیں —— انگریزوں کی مخالفت اور اس کی وجہ —— مسلمانوں کا جذبۂ فداکاری —— انحطاط و زوال —— سازشیں اور فتنہ گری —— دشمنان اسلام کی ریشہ دوانیاں —— برطانیہ کا جاسوس ہمفرے

Marfat.com

—— برطانیہ کے عزائم —— افتراقِ ملّتِ اسلامیہ کی تدابیر ——
محبّت مصطفےٰ اور محبّت صلحاء کا دلوں سے استیصال —— حیاتُ النبیؐ
کا انکار —— اولیاء و صلحاء کے مزارات کا انہدام —— نئے دین
اور نئے مسلک کی ایجاد —— برطانیہ کا دوسرا جاسوس لارنس آف عربیا
—— عربوں اور ترکوں کی جنگ —— سلطنت عثمانیہ کی ویرانی
جاسوسوں کا لامتناہی سلسلہ —— سازشیں اور ہم ——
بانیٔ میلاد کی خانہ ویرانی —— محفلِ میلاد کی مطلق ممانعت ——


(ج)

خود احتسابی —— راہ دکھانے والے اور گمراہ کرنے والے —
—— تعلیم سے زیادہ تربیت کی ضرورت —— محفلِ میلاد اور
ملّتِ اسلامیہ کی تربیت —— جذبات کی بیداری ——
جہاں گیری و جہانبانی —— محبت کی فطرت —— اہلِ محبت
کی حالت —— محبت رسول کی اہمیت —— اطاعت رسول
کی اہمیت ! ——

## حواشی اور حوالے ، ۲۱۴ ۲۲۴

## مآخذ و مراجع ، ۲۲۵ ۲۳۷


Marfat.com



Marfat.com

# خلقتِ محمدّی

Marfat.com



کعبہ شریف کا ایک رُوح پرور منظر

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کچھ نہ تھا ـــــ نہ زمین تھی نہ آسمان ـــــ نہ آفتاب تھا نہ ماہتاب ـــــ نہ دن تھا نہ رات ـــــ نہ گرمی تھی نہ سردی ـــــ نہ نسیم تھی نہ شمیم ـــــ نہ پھول تھے نہ پھل ـــــ نہ بہار تھی نہ خزاں ـــــ نہ بادل تھے نہ برسات ـــــ نہ چرند تھے نہ پرند ـــــ نہ صحرا تھے نہ گلشن ـــــ نہ شجر تھے نہ حجر ـــــ نہ دریا تھے نہ سمندر ـــــ نہ ہوا تھی نہ پانی ـــــ نہ آگ تھی نہ خاک ـــــ نہ جن تھے نہ مَلَک ـــــ نہ حیوان تھے نہ انسان ـــــ نہ یہ چہل پہل تھی نہ یہ ریل پیل ـــــ نہ دیوانگی تھی نہ شعور، نہ ہجر تھا نہ وصال ـــــ نہ اقرار تھا نہ انکار ـــــ نہ آہ تھی نہ فریاد ـــــ نہ رونا تھا نہ ہنسنا ـــــ نہ جاگنا تھا نہ سونا ـــــ نہ جذبہ تھا نہ احساس ـــــ نہ جوانی تھی نہ بڑھاپا ـــــ نہ ہوش تھا نہ خرد ـــــ نہ نشیب تھا نہ فراز ـــــ

کچھ نہ تھا ـــــ وہی وہ تھا ـــــ پھر کیا ہوا؟ ـــــ کائنات کی وسیع و عریض فضاؤں میں ایک نور چمکا ـــــ وہ نور کیا چمکا گویا زندگی میں بہار آگئی ـــــ سلسلہ چل نکلا ـــــ چراغ سے چراغ جلنے لگے۔ ـــــ دیکھتے ہی دیکھتے سارا جہاں جگمگانے لگا ـــــ ٹھہریئے ٹھہریئے ـــــ دیکھئے دیکھئے ـــــ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے وہ کیا فرما رہے ہیں :۔

اے جابر! اللہ تعالٰے نے تمام مخلوقات سے پہلے اپنے نور سے تیرے نبی کے نور کو پیدا فرمایا، یہ یقینی بات ہے، اس میں کوئی شک نہیں ـــــ پھر وہ نور قدرتِ الٰہی سے جہاں خدا نے چاہا دورہ کرتا رہا

Marfat.com

اُس وقت لوح، قلم، جنّت، دوزخ، فرشتے، آسمان، زمین، سورج، چاند جن و انس کچھ نہ تھا[1] ——

ایک مرتبہ فرمایا :-

سب سے پہلے اللہ تعالےٰ نے میرا نور پیدا فرمایا اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی[2] ——

قرآن حکیم میں اس حقیقت کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے :-

بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب[3]

کون جانے یہ نور کب ظاہر ہوا ! —— اتنا پتہ چلتا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت فرمایا ——

"تمہاری عمر کتنی ہے"؟ —— انھوں نے عرض کیا :-

اس کے سوا میں کچھ نہیں جانتا کہ چوتھے حجابِ عظمت میں ہر ستّر ہزار برس کے بعد ایک ستارہ طلوع ہوتا تھا۔ جسے میں نے اپنی عمر میں ستّر ہزار مرتبہ دیکھا ——

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

اے جبریل ! —— میرے رب کے عزّت و جلال کی قسم وہ ستارہ میں ہی ہوں[4] ——

امام بخاری نے بخاری شریف میں وہ طویل حدیث نقل فرمائی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تمام اشیاء و بتدریج نور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے پیدا فرمائیں[5]۔ چنانچہ اسی حدیث کی روشنی میں اہل حدیث کے مشہور فاضل نواب صدیق حسن خاں صاحب بعض عرفاء کے تاثرات و خیالات نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

چونکہ ممکنات کی ہر شئے موجودات کے ہر ایک ذرّے میں حقیقت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جاری و ساری ہے اس لئے تشہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کو خطاب کیا گیا ہے۔ پس آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نمازیوں کے وجود میں حاضر ہیں اس لئے نمازی پر واجب ہے کہ اس حقیقت سے باخبر رہے اور اس مشاہدے سے غافل نہ رہے تاکہ انوارِ قرب اور اسرارِ معرفت سے روشن اور بامراد ہو ــــ ہاں ؎

در راہِ عشق مرحلۂ قرب و بُعد نیست
می بینمت عیاں دعامی فرستمت[٦]

سکھ مت کے بانی گرونانک (۱۴۶۹ – ۱۵۳۹) نے ریاضیاتی طور پر ثابت کیا ہے کہ نورِ محمدی کائنات کی ہر شئے میں جلوہ گر ہے، انھوں نے اپنے شبد میں بڑے یقین کے ساتھ کہا ہے ع

گرونانک یوں کہے ہر شئے میں محمد کو پائے[٧]

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ کائنات کی ہر شئے میں نورِ محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کی جلوہ گری ہے تو گویا ہم یہ اعتراف کرتے ہیں کہ کائنات کی ہر شئے اپنی تخلیق میں نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی مرہونِ منت ہے، آپ نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا ــــ ــــ اگر یہ حقیقت ہے تو پھر اس کو دنیا کی ہر مذہبی کتاب میں ہونا چاہیئے،۔ حدیث میں ہونا چاہیئے، دیدہ وروں کے اقوال میں ہونا چاہیئے ــــ آیئے ایک نظر احادیث پر ڈالیں ــــ

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم سے فرمایا کہ اللہ عز و جل نے فرمایا :۔

اے محمد! میری عزت و جلال کی قسم اگر آپ نہ ہوتے تو میں نہ زمین پیدا کرتا اور نہ آسمان اور نہ یہ نیلگوں چھت بلند کرتا اور نہ یہ خاکی فرش بچھاتا[٩]

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے یوں فرمایا :۔

میرے پاس جبریل (علیہ السلام) آئے اور کہا ــــ اے محمد! اگر

Marfat.com

آپ نہ ہوتے تو جنت پیدا نہ کرتا، آپ نہ ہوتے جہنم پیدا نہ کرتا[۱]

ایک اور روایت میں یہ بھی ہے :۔ ——

آپ نہ ہوتے تو دنیا پیدا نہ کرتا" ——

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ ——

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) سے فرمایا، محمد نہ ہوتے تو میں تم کو پیدا نہ کرتا ——

اور ایک دوسری حدیث میں ہے :۔

اگر محمد نہ ہوتے تو نہ تم کو پیدا کرتا اور نہ ہی زمین و آسمان کو۔[۱۲]

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایک روز حضرت جبریل علیہ السلام سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا :۔

آپ کا رب فرماتا ہے، بیشک میں نے تم پر انبیاء کو ختم کیا، اور کوئی ایسا نہ بنایا جو تم سے زیادہ میرے نزدیک عزت والا ہو —— تمہارا نام میں نے اپنے نام سے ملایا کہ کہیں میرا ذکر نہ ہو جب تک کہ میرے ساتھ تم یاد نہ کیے جاؤ، بیشک میں نے دنیا اور اہل دنیا سب کو اس لئے بنایا کہ تمہاری عزت اور اپنی بارگاہ میں تمہارا مرتبہ ان پر ظاہر کروں اور اگر تم نہ ہوتے نہ میں آسمان و زمین اور جو کچھ ان میں ہے اصلاً نہ بناتا[۱۳] ——

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام سے لغزش سرزد ہو گئی تو انھوں نے آپ کے وسیلے سے مغفرت کی دعا فرمائی، —— رب تعالےٰ نے پوچھا، " محمد کو کیسے پہچانا" —— عرض کیا، آنکھ کھولتے ہی سر عرش یہ کلمہ لکھا دیکھا" لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ"

—— فرمایا، میں نے تمہیں بخشدیا اور ساتھ ہی یہ فرمایا :۔

وہ تمہاری اولاد میں سے آخری نبی ہیں، اگر وہ نہ ہوتے تو میں تمہیں پیدا نہ کرتا[۱۴] ——

Marfat.com

یہ روایت ابن تیمیہ نے فتاویٰ کبریٰ میں نقل کی ہے ۔

انجیل برناباس اور انجیل یوحنا میں بھی اس عالم گیر حقیقت کا ذکر ملتا ہے ـــــ

انجیل برناباس میں رب تبارک و تعالےٰ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے :۔

میں نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خاطر تمام اشیاء بنائی ہیں تاکہ اس کے وسیلے سے تمام اشیاء میری صفت و ثنا کریں[16]

اس انجیل برناباس میں ہے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام سے جب پوچھا گیا کہ آنے والے رسول کا کیا نام ہوگا، تو آپ نے فرمایا :۔

اس کا نام محمد ہوگا، کیوں کہ اللہ نے جس وقت اس کی روح پیدا کی یہی نام رکھا تھا اور اس روح کو ایک آسمانی نور میں رکھا تھا اور فرمایا تھا ـــــ

"محمد انتظار کیجئے کیوں کہ میں تیری خاطر جنت، دنیا اور بکثرت مخلوق پیدا کروں گا، جس پر آپ کو گواہ بناؤں گا ـــــ جو تجھ پر سلام بھیجے گا اس پر سلام بھیجا جائے گا۔[17]

اور انجیل یوحنا میں ہے :۔

ساری چیزیں اس کے وسیلے سے پیدا ہوئیں، جو کچھ پیدا ہوا ہے اُس میں سے کوئی چیز بھی اس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی ـــــ اُس میں زندگی تھی، اور وہ زندگی آدمیوں کا نور تھا[18]

مندرجہ بالا حقائق و شواہد سے معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور کائنات کے ذرّے ذرّے میں جاری و ساری ہے اور بیشک آپ وجہ تخلیق کائنات ہیں ۔

حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۔ ۱۵۰ھ) اپنے نعتیہ قصیدے میں فرماتے ہیں :۔

(۱) اگر آپ نہ ہوتے تو کوئی انسان پیدا نہیں کیا جاتا اور مخلوق خدا پیدا کی جاتی۔

(۲) آپ ہی کے نور سے چودھویں کے چاند نے چاندنی کا لباس پہنا اور آپ ہی

Marfat.com

کے جمال کے نور سے سورج نورانی ہے۔

(ماخوذ از قصیدۃ النعمان مع شرح رحمۃ الرحمان، مطبوعہ سیالکوٹ، ص ۴۰۔۴۱)

حضرت عمر بن فارض رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۶۳۳ھ / ۱۲۳۴ء) نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں قصیدہ تائیۃ الکبریٰ پیش کیا ہے، اس میں فرماتے ہیں :۔

موجودات کے ہر وجود کی اصل محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود ہے۔ کیونکہ آپ ساری کائنات کے لئے روح اعظم کی صورت میں ہیں اور آپ ہی رابطۂ ایجاد ہیں ـــــ مکاشفہ والوں کو شہود کی نعمت عظمیٰ آپ ہی کے سبب ملتی ہے کیوں کہ شہود روح کی صفت اور فخر دو عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی روح مقدس تمام روحوں کی اصل ہے۔[19]

علامہ ابن جوزی (م۔ ۵۹۷ھ / ۱۲۰۰ء) سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد آمد پر ملت اسلامیہ کو مبارک باد دیتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

اگر آپ نہ ہوتے تو یہ ساری دنیا ہی نہ پیدا کی جاتی، یہ فخر کی بات ہے ـــــ میں انکار کی بات نہیں کر رہا ـــــ ایسے ہدایت کرنے والے نبی کی اُمت! تمہیں مبارک ہو![20]

علامہ محمد ہاشم ٹھٹوی رحمۃ اللہ علیہ (۱۱۰۴ھ / ۱۶۹۴ء تا ۱۱۷۲ھ / ۱۷۵۸ء) سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں اپنے ایک عربی قصیدے میں فرماتے ہیں :۔

(۱) تمام جہاں تجھ سے روشن ہوا، تو اے اللہ کے نور مجھے بھی چمکا!

(۲) تمام کائنات کے اطراف تیرے روئے زیبا سے روشن ہوئے۔

(۳) تمام دل محمد عربی کی طرف مائل ہوئے کیوں کہ وہی تو حسن وجمال کو تقسیم کرنے والے ہیں۔

(۴) اگر آپ نہ ہوتے تو سات طبق آسمانوں کے اور نہ ہی جنت اور نغمہ سرا پرندے ہوتے۔[22]

اور ایک عاشق صادق نے کیا خوب فرمایا ہے :۔

Marfat.com

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

بیشک اللہ تعالےٰ نے سب سے پہلے اپنے نور سے نور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پیدا فرمایا، پھر اس نور سے تخلیق کا سلسلہ شروع ہوا ـــــ ہاں، انھیں کے نور سے کائنات کا ذرّہ ذرّہ روشن ہوا ـــــ مگر یہ نور کہاں کہاں رہا اور کہاں سے کہاں پہنچا؟ ـــــ قرآن حکیم کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ لاکھوں برس پہلے ابھی دنیا بھی آباد نہ ہوئی تھی، ابھی وہ نور دنیا میں ظاہر نہ ہوا تھا کہ دنیا میں آنے والے ہزاروں پیغمبروں سے ان کے پروردگار نے ایک تاریخی اور یادگار عہد لیا ـــــ خود پروردگار عالم اس عہد کو ان الفاظ میں یاد دلا رہا ہے :۔

اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے اُن کا عہد لیا ـــــ "جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا" ـــــ فرمایا ـــــ "کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمّہ لیا"؟ ـــــ سب نے عرض کیا ـــــ "ہم نے اقرار کیا" ـــــ فرمایا ـــــ "تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں"۔[۲۳]

انجیل کے مطالعہ سے تو معلوم ہوتا ہے کہ آنے والے رسولوں اور پیغمبروں کو آپ کی صورت بھی دکھادی گئی تھی ـــــ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں :۔

یقین جانو میں نے اُسے دیکھا ہے اور اس کی تعظیم کی ہے جیسے اُسے ہر نبی نے دیکھا ہے کیوں کہ اُس کی روح سے خدا نے انھیں نبوت دی، جب میں نے دیکھا تو میری روح تسکین سے بھر گئی۔[۲۴]

نور محمدی کی تخلیق کے لاکھوں برس بعد جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو یہ نور

Marfat.com

مبارک اُن کی پشت میں رکھ دیا گیا ـــــ حدیث شریف میں اس کی تفصیل موجود ہے جس کا خلاصہ یہ ہے :۔

اللہ تعالےٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو نورِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کی پشت مبارک میں رکھ دیا اور یہ نور ایسا شدید چمک والا تھا کہ باوجود پشت آدم (علیہ السلام) میں ہونے کے پیشانی آدم (علیہ السلام) سے چمکتا تھا اور آدم (علیہ السلام) کے باقی انوار پر غالب آجاتا تھا[۲۵] ـــــ

ہاں اسی نور کا نام سرِ عرش لکھا ہوا تھا جس کو آدم علیہ السلام نے عالم ظاہر میں آتے ہی ملاحظہ فرمایا، پھر اسی نور کے وسیلے سے اپنی لغزش کی معافی چاہی اور رَب تعالےٰ نے اپنے کرم سے معاف فرما دیا ـــــ یہ تفصیل خود سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اس طرح بتائی ـــــ

آدم علیہ السلام :۔ اے پروردگار میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔

رب تبارک و تعالیٰ :۔ تم نے محمد کو کیسے پہچانا، ابھی تو میں نے ان کو پیدا بھی نہ فرمایا؟

آدم علیہ السلام :۔ میں نے اس طرح پہچانا کہ تو نے جب مجھے اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور میرے اندر اپنے طرف کی روح پھونکی، میں نے اپنا سر اٹھایا تو عرش کے پایوں پر لَا اِلٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ لکھا ہوا دیکھا تو میں نے جان لیا تو نے اپنے نام کے ساتھ جسے ملایا ہے۔ یقیناً وہ تیرے نزدیک ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے؟

رب تبارک و تعالےٰ :۔ آدم تم نے سچ کہا، یقیناً وہ میرے نزدیک ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے اور جب تم نے اس کے وسیلے سے دعا کی تو میں نے تم کو بخش دیا ـــــ اگر محمد نہ ہوتے تو میں تمہیں پیدا نہ

Marfat.com

کرتا۔[۲۶]

انجیل برناباس کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے آنکھ کھولی تو فضاؤں میں ایک چمکتی دمکتی تحریر دیکھی:۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

دیکھ کر وہ حیران ہو گئے اور بارگاہ خداوندی میں عرض کیا:۔

مجھ سے پہلے بھی انسان ہوئے ہیں؟

اس بارگاہ عالی سے جواب آیا:۔

اے میرے بندے آدم! تمہارا آنا مبارک ہو ـــــ میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو پہلا انسان ہے جس کو میں نے پیدا کیا ہے اور جس کا نام تونے دیکھا وہ تیرا ہی بیٹا ہے لیکن وہ آج سے سالوں بعد دنیا میں آئے گا اور میرا پیغمبر ہو گا ـــــ اس کے لئے میں نے تمام چیزیں پیدا کی ہیں ـــــ وہ جب آئے گا تو دنیا کو روشن کر دے گا ـــــ یہ وہی ہے جس کی روح تخلیق کائنات سے ساٹھ ہزار برس پہلے ایک آسمانی نور کی شکل میں تھی۔[۲۷]

حضرت آدم علیہ السلام نے یہ سن کر رب تعالیٰ کے حضور التجا کی کلمہ طیبہ کے دونوں جز ان کے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر آجائیں ـــــ خدا کی شان سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے پر لا الٰہ الا اللہ اچانک ظاہر ہوا اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے پر محمد رسول اللہ ـــــ آپ نے دیکھتے ہی بےتابانہ اپنے انگوٹھے چوم لیے[۲۸] اور آنکھوں سے لگائے اور فرمایا:۔

مبارک ہو وہ دن جس دن تو اس دنیا میں تشریف فرما ہو[۲۹] ـــــ

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی اس سنت پر عمل فرمایا اور آج مسلمانان عالم کی ایک کثیر تعداد اس سنت پر عمل کر رہی ہے۔

علامہ ابن جوزی نے سیدنا وہب بن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے مزید

Marfat.com

تفصیلات لکھی ہیں اور لکھا ہے :۔

یہ نورِ مبارک آدم علیہ السلام کی پشت میں ودیعت رکھا گیا، پھر یہ نور پاک اور طاہر پشتوں میں منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ عبداللہ کی پشت تک پہنچا اور پھر پیکر بشری میں ظاہر ہوا ۔[۳۰]

یہ نور دیکھنے والوں نے عبداللہ کی پیشانی میں دیکھا پھر یہ نور حضرت آمنہ کے بطن میں منتقل ہو گیا ۔[۳۱]

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم خود فرما رہے ہیں :۔

اللہ تعالےٰ نے مجھے صلب آدم میں زمین پر اتارا اور مجھے حضرت نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا ـــــ اور مجھے صلب ابراہیم میں آگ میں ڈالا ـــــ میں اسی طرح اپنے والد حضرت عبداللہ تک ایک صلب سے دوسری صلب کی طرف منتقل ہوتا گیا ۔[۳۲]

انبیاء علیہم السلام آپ کی آمد آمد کا اعلان کرتے رہے اور آرزوئیں کرتے رہے ـــــ تعمیر کعبہ کے بعد حضرت ابراہیم نے دُعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور عرض کیا :۔

اے ہمارے رب! اور بھیج ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمائے، بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا ۔[۳۳]

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ آخری اعلان فرمایا :۔

اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں، اپنے سے پہلی کتاب توریت کی تصدیق کرتا ہوا اور اُن رسول کی بشارت سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے، ان کا نام "احمد" ہے ۔[۳۴]

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :۔

میں تمہیں اپنے ابتدائے حال کی خبر دوں ـــــ میں دعائے ابراہیم ہوں

Marfat.com

—— بشارت عیسیٰ ہوں —— اپنی والدہ کے اُس خواب کی تعبیر ہوں جو انھوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا اور اُن کے لئے ایک نور ساطع ظاہر ہوا جس سے ملک شام کے ایوان و قصور اُن کے لئے روشن ہوگئے ——[۳۵]

○

وہ نور جو لاکھوں برس پہلے جھلملایا —— جس کے دم سے کائنات جگمگائی —— جو چلتا چلتا پشت آدم تک پہنچا اور پشت آدم سے صلب عبداللہ تک —— ہاں آنے والے ہر پیغمبر نے اپنی اپنی قوم کو جس کی آمد آمد کی خوشخبریاں سنائیں —— جو سب کے لئے آیا تھا —— جو ساری قوموں کے لئے آیا تھا —— جو سارے جہان کے لئے آیا تھا —— سب انتظار کرتے رہے —— سب راہ تکتے رہے —— سنیئے، سنیئے قرآن کیا کہہ رہا ہے:۔

عنقریب نعمتوں کو ان کے لئے لکھدوں گا جو ڈرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں، وہ غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت میں اور انجیل میں، وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری چیزیں ان کے لئے حلال فرمائے گا، اور گندی چیزیں اُن پر حرام کرے گا اور اُن پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو اُن پر تھے اتارے گا۔ تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسے مدد دیں اور اس نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اترا، وہی بامراد ہوئے[۳۶]

شاہ حبش نجاشی، حضرت عبداللہ بن سلام اور حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہم علماء یہود و نصاریٰ میں تھے، ان حضرات نے توریت اور انجیل کی پیش گوئیوں کی تصدیق کی اور مشرف باسلام ہوئے —— قرآن حکیم کی مندرجہ بالا آیات میں

Marfat.com

اسی قسم کے حضرات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ــــــــ

بعثت نبوت سے تقریباً ڈھائی ہزار برس پہلے حضرت یعقوب علیہ السلام نے بشارت دی:۔

شیلون (بنی الامان) کے ہاتھ پر بنی اسرائیل کا ملک اور شریعت ختم ہو جائے گی [۳۷] ــــــــ

ولادت نبوی سے دو ہزار برس پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کی کی بشارت دی اور آپ کی مندرجہ ذیل نشانیاں بیان فرمائیں:۔

(۱) وہ غیب کی خبریں بتائیں گے
(۲) حضرت اسماعیل کی اولاد میں ہوں گے
(۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کو منسوخ کریں گے
(۴) بے پڑھے ہوں گے
(۵) امانت دار ہوں گے
(۶) کسی کو قتل نہیں کریں گے۔ [۳۸]

اللہ اکبر! ــــــ یہ ساری علامتیں اور یہ ساری نشانیاں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود تھیں ــــــــ

حضرت یعقوب اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ حضرت اشعیاء، حضرت دانیال، حضرت ارمیاہ اور حضرت حبقوق علیہم السلام نے بھی آپ کی آمد آمد کی عظیم خوش خبریاں سنائیں [۳۹] ــــــ یہ بشارتیں ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل ایک سے ڈھائی ہزار برس کے درمیان سنائی گئیں۔ ــــــــ

تاریخ نے ایک اور اہم واقعہ اپنے سینے میں محفوظ رکھا ہے۔ آپ بھی سنیئے اور ایمان تازہ کیجئے ــــــــ

ولادت نبوی سے ہزار سال قبل دنیا کا حکمران تبع اول (حمیری ن ورد ع) چار ہزار علماء و دانشور اور ایک فوج ظفر موج کے ساتھ سفر پر نکلا ــــــــ وزیر خاص عمار بھی

Marfat.com

ہمرکاب تھا ــــ جب صحرائے مدینہ سے گزر ہوا تو یہاں ایک خیمہ کے سوا کچھ نہ تھا ــــ مگر توریت و زبور کے عالم جانتے تھے کہ یہاں ایک آنے والا آنے والا ہے ــــ چار سو علماء نے عرض کیا "ہم کو یہیں رہنے دیں" ــــ پوچھا "کیوں؟"

حقیقت حال بیان کی گئی کہ یہاں ایک رسول امیؐ مبعوث ہونے والا ہے جس کا نام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوگا، وہ ہجرت کرکے یہاں آئے گا اور یہیں بس جائے گا" ــــ تبعؔ اول نے یہ سُن کر حکم دیا کہ مدینہ میں ایک بستی بسائی جائے اور چار سو مکان بنائے جائیں ــــ پھر سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے نام ایک عریضہ لکھا اور ایک عالم کو دیا کہ جب اس رسول امیؐ کا ظہور ہو تو ان کی خدمت میں یہ عریضہ پیش کردینا ــــ خدا کی شان جس عالم کو خط دیا تھا سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے میزبان اوّل حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ اسی عالم کی اولاد میں تھے ــــ جب بعثت نبوی کا غلغلہ بپا ہوا تو مدینہ منورہ سے ابولیلیٰ یہ عریضہ لیکر مکہ معظمہ گئے اور دربار نبوی میں حاضر ہوئے دیکھتے ہی فرمایا "تم ابولیلیٰ ہو؟

ابولیلےٰ حیران رہ گئے ــــ پھر فرمایا، "تبعؔ اوّل کا خط لاؤ"

ابولیلیٰ نے خط پیش کیا ــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو حکم دیا کہ پڑھ کر سناؤ ــــ آپ نے یہ خط پڑھ کر سنایا ــــ سُن کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوئے اور فرمایا:۔

"نیک بخت بھائی، شاباش"![40] ــــ

تاریخ کے اوراق میں اس خط کا پورا متن محفوظ ہے ــــ یہ بھی ایک معجزہ ہے ــــ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً پانچ سو برس پہلے بدھ مت کا بانی اوّل گوتم بدھ ہندوستان میں پیدا ہوا[41] ــــ اس نے واضح الفاظ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کئی پیش گوئیاں کی ہیں ــــ ان میں سے ایک یہ بھی ہے:۔

Marfat.com

## میرے بعد ایک اور پیغمبر ''میتریا'' آئے گا [۴۲]

سنسکرت میں ''میتریا'' کے معنی رحیم، مہربان یا رحمتِ عالم اور مہربان عالم کے ہیں [۴۳] ـــــ قرآن حکیم میں صاف لفظوں میں آپ کو ''رحمۃ للعالمین'' کہا گیا ہے

جب گوتم بدھ کا انتقال ہونے لگا تو اس کے خادم نے پوچھا کہ اس کے بعد ان کی کون رہنمائی کرے گا؟ ـــــ گوتم بدھ نے جو جواب دیا اس میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک ایک نشانی بتادی تاکہ کسی شک کرنے والے کے دل میں شک نہ رہے ـــــ اُس نے کہا:۔

- ـــ میں ہی اکیلا رسول نہیں ہوں جو دنیا میں آیا اور نہ میں آخری رسول
- ـــ ہوں [۴۵] ـــــ اپنے وقت پر ایک رسول آئے گا۔
- ـــ مقدس نورٌ علی نور
- ـــ جو علم و حکمت کی تعلیم دے گا؛
- ـــ جو قدرت کے سارے غیبوں سے واقف ہوگا۔
- ـــ جو سراپا شان ہی شان ہوگا۔
- ـــ جو نوع انسانی کا ایک مثالی قائد ہوگا اور جن و انس کا معلّم
- ـــ وہ الٰہی حقیقتیں اس طرح کھولے گا جس طرح میں کھولتا ہوں
- ـــ وہ اپنے مذہب کی تبلیغ کرے گا
- ـــ حقیقت میں اس کا مذہب بہترین مذہب ہوگا
- ـــ وہ شان و شوکت اور فضل و بزرگی کی انتہائی بلندیوں تک پہنچ جائے گا
- ـــ وہ میری طرح سچائی کی زندگی گزارے گا
- ـــ اس کے پیروکار ہزاروں کے حساب سے بڑھیں گے
- ـــ وہ سراپا رحمت ہی رحمت ہوگا [۴۶]

گوتم بدھ نے ایک ایسی بھی پیش گوئی کی ہے جو ہر شک کرنے والے کے دل سے شکوک و شبہات کے سارے خس و خاشاک دور کر دیتی ہے ـــــ سنئے وہ کیا کہتے ہیں:۔

Marfat.com

اس کی وحی بڑی فصیح ہوگی، جو اس کو سنیں گے وہ سُن سن کر کبھی نہ تھکیں گے بلکہ زیادہ سے زیادہ سننا چاہیں گے [۴۷] ـــــــ

قرآن حکیم کا یہ اعجاز ہے کہ بار بار پڑھا جاتا ہے اور بار بار سننے کو دل چاہتا ہے۔ ـــ دنیا کی کسی کتاب میں یہ خوبی نہیں، ایک دو بار پڑھ کر جی اکتانے لگتا ہے مگر قرآن بار بار پڑھا جاتا ہے، بار بار سنا جاتا ہے ـــــ ہیری، ڈرومن، چیمبر اور پال وغیرہ ماہرین کتب مذاہب نے قرآن حکیم کی اس خوبی کا بطور خاص ذکر کیا ہے۔ ـــــ

۹۶ء میں سینٹ پال نے اپنے مشاہدات و مکاشفات اس طرح بیان کئے:۔

میں آسمان کھلا ہوا دیکھ رہا ہوں ـــــ دیکھو دیکھو ایک سفید گھوڑا ـــــ جو اس پر سوار ہے اس کو "صادق" و "امین" کہا جاتا ہے وہ سچائی سے انصاف کرے گا اور سچائی کے لئے جنگ کرے گا۔[۴۹]


علامہ ابن جوزی نے، سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی آمد آمد پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے سیر و حدیث کی حقیقتوں کو کس خوبی سے سمیٹا ہے، وہ فرماتے ہیں:۔

ہر ایک نبی اپنے رب کے حضور (اس نور محمدی سے) توسل کر کے پناہ مانگتا رہا ـــــ چنانچہ سیدنا آدم علیہ السلام کی توبہ انھیں کے وسیلے سے قبول ہوئی اور حضرت ادریس علیہ السلام کو انھیں کی وجہ سے مقام بلند میں رفع کیا گیا اور حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں انہیں کا وسیلہ پکڑا اور حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی دعا میں اسی وسیلے پر اعتماد فرمایا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام انھیں کو شفیع لائے اور حضرت ایوب علیہ السلام نے انہیں کے واسطے سے تضرع و زاری کی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو انھیں کی منزلت اور مرتبت سے روشناس کرایا اور انہوں نے رب سے دعا مانگی کہ میں ان کا وزیر اور اُمتی بنوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں کے وجود باجود کی بشارت دی اور آپ

Marfat.com

کی تشریف آوری کے زمانے تک قائم و زندہ رہنے کی مہلت مانگی ـــــ اور استدعا کی کہ وہ آپ کے معاون و مددگار بنیں؛


علمائے یہود یعنی احبار نے آپ کی تشریف آوری کی خبریں دیں اور اہل کتاب کے عابدوں اور راہبوں نے آپ کے ظہور سراپا سرور کی بشارتیں دیں اور غیبی ہاتفوں نے آپ کے ذکر مبارک، ولادت باسعادت کی منادی کی اور جنات آپ کی رسالت و نبوت پر ایمان لائے ـــــ [٥١]




Marfat.com

# ظہورِ قدسی

Marfat.com



مکّہ معظمہ کا ایک فضائی منظر

Marfat.com

# ۲

جس کی آمد آمد کے ذکر اذکار قرنوں سے چلے آرہے تھے — جس کے لیئے یہ سارا سنسار سجایا تھا — جس کا انتظار کرتے کرتے دنیا والوں کی آنکھیں پتھرا گئی تھیں — جس کے لیئے سارا عالم چشم براہ تھا — اب اس کی ولادت باسعادت کی گھڑی قریب آرہی ہے — زمانہ کروٹ بدل رہا ہے — ستارے چمک رہے ہیں — چاندنی کھل رہی ہے — سنیئے سنیئے ملاکی نبی کیا فرمارہے ہیں :-

ہاں عہد کا رسول جس کے تم آرزو مند ہو آئے گا، پر اس کے آنے کے دن کی کس کو تاب ہے؟ اور جب اس کا ظہور ہوگا کون کھڑا رہ سکے گا؟

اور حضرت داؤد علیہ السلام کیا فرمارہے ہیں :-

وہ آرہا ہے — وہ زمین کی عدالت کرنے کو آرہا ہے — وہ صداقت سے جہاں کی اور اپنی سچائی سے قوموں کی عدالت کرے گا — ۲

اور سنیئے سنیئے اللہ کے برگزیدہ رسولوں کی یہ کیا آوازیں آرہی ہیں :-

آئے گا اللہ جنوب سے اور قدوس فاران[۳] کے پہاڑ سے آسمانوں کو جمال سے چھپائے گا — اس کی ستائش سے زمین بھر جائے گی — ۴

رب سینا سے آیا — ساعیر سے چمکا اور جبل فاران سے ظاہر ہوا۔ — ۵

اور سنیئے حضرت اشعیاہ علیہ السلام کیا فرمارہے ہیں :-

Marfat.com

- اے آسمان کان بن جا اور اے زمین خاموش ہو جا!
- اے پہاڑو! سب دم بخود ہو کر سنو!
- بنی اسماعیل میں سے ایک پیغمبر پیدا کروں گا جو بہرے کانوں کو سننے والا بنا دے اور اندھی آنکھوں کو بینا کر دے۔
- جو دل پردے میں چھپے ہوئے ہیں ان کے پردے اتار پھینکے اور باہر لے آئے۔
- اس کی پیدائش کی جگہ مکّہ ہوگی اور اس کی ہجرت کی جگہ طیبہ (مدینہ) ہوگی۔[۶]

اور دیکھئے ویاس جی کیا کہہ رہے ہیں :-

دیس عرب میں ایک خوشنما ستارہ ہوگا ـــــ ان ہونی باتیں اس سے ظہور میں آئیں گی ـــــ ساتویں صدی میں پیدا ہوگا ـــــ اندھیری رات میں مثل چار آفتاب چمکے گا ـــــ اس کے چار خلیفہ ہوں گے ـــــ اس کی نسل بہت بھاری ہوگی ـــــ اس کے دین کے جاری رہنے تک جو کوئی خدا تک پہنچنا چاہے گا، بغیر محمد کے وسیلے کے پار نہ ہوگا۔[۷]

ہاں اس خوشنما ستارے کا سب قوموں کو انتظار تھا ـــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسلمانوں کے ایک مجمع میں تقریر فرما رہے ہیں اور سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی آمد آمد کی بشارت دے رہے ہیں، حاضرین جوش و خروش میں ہیں اور بے تابانہ التجائیں کر رہے ہیں، دعائیں کر رہے ہیں ـــــ

اے اللہ! اپنے رسول کو بھیجئے! ـــــ اے محمد! دنیا کی نجات کے لئے جلد آئیے۔[۸]

ہاں اُس دن کا انتظار ہے جو سب دنوں کا سرتاج ہے ـــــ وہ آپس میں مبارک بادیں دے رہے ہیں اور بیساختہ کہہ رہے ہیں :-

مبارک ہو وہ دن جس دن تو اس دنیا میں تشریف فرما ہو۔[۹]

ہاں گھڑی قریب آ رہی ہے ـــــ عبدالمطلب خواب دیکھ رہے ہیں :-

Marfat.com

ان کے ہاتھ میں ایک تناور درخت ہے جس کا سر آسمان سے لگا ہے ـــــ اس کی شاخیں مشرق و مغرب میں پھیلی ہوئی ہیں ـــــ ایسی روشن و تابناک کہ کوئی روشنی اس سے زیادہ روشن نہ دیکھی ـــــ یہ روشنی آفتاب سے ستّر گنا سے زیادہ روشن ہے ـــــ عرب و عجم اس کے سامنے سجدہ ریز ہیں نلہ

خواب بہت طویل اور بڑا معنی خیز ہے ـــــ جب عبدالمطلب نے نجومیوں کے سامنے بیان کیا تو انھوں نے کہا:۔

اگر تیرا خواب سچّا ہے تو تیرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کے زیر نگیں مشرق و مغرب ہوں گے اور تمام انسان اس کے مطیع و فرماں بردار ہوں گے ١١ـ

اِدھر دادا کو خواب میں بشارتیں مل رہی ہیں اُدھر والدہ کو خواب میں خوش خبریاں مل رہی ہیں ـــــ خواب میں ایک آنے والا آیا جو یہ کہہ رہا ہے:۔

- تمہارے بطن میں اس امت کا آقا ہے۔
- ان کے ساتھ ایک ایسا نور ظاہر ہوگا جس سے سرزمین شام کے مقام بصریٰ کے محلات روشن ہوجائیں گے۔
- جب وہ تشریف لائیں ان کا نام محمّد رکھنا۔
- ان کا نام توریت و انجیل میں احمد ہے۔
- تمام اہل زمین و آسمان ان کے مدحت سرا ہیں ١٢ـ

حلیمہ بنت ابی ذریب نے دو سال دودھ پلایا ـــــ برکتوں اور رحمتوں کو دیکھ کر اور رکھنے کو دل چاہا ـــــ مکّہ جاکر آمنہ سے اجازت لیکر آئیں۔

ـــــ شق صدر کا عجیب و غریب واقعہ پیش آیا ـــــ حلیمہ گھبرا گئیں

Marfat.com

ہیں بچے پر اوپری اثر نہ ہو ــــــ فوراً ساتھ لے کر واپس لوٹیں ــــــ
آمنہ حیران کہ کچھ دن نہ ہوئے تھے کہ اجازت لے کر گئیں نہ معلوم پھر کیوں لے
آئیں ــــــ حلیمہ نے واقعہ شق صدر کچھ اس طرح سنایا جیسے وہ بچے سے
ڈری ہوئی ہوں ــــــ آمنہ جلال میں آگئیں اور فرمایا :۔

تم اس بچہ پر شیطان کا خوف کرتی ہو، ہرگز نہیں، خدا کی قسم
جب یہ بچہ میرے شکم میں آیا تو میں نے دیکھا کہ ایک نور مجھ سے
نکلا جس کی وجہ سے شام کے محل دکھائی دینے لگے ۱۳

یہ اس خواب کی تعبیر تھی جو ظہور قدسی سے قبل حضرت آمنہ نے دیکھا
تھا ــــــ سنیئے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرما رہے ہیں :۔

میں ابراہیم کی دعا اور عیسیٰ کی بشارت ہوں ــــــ میں جس
وقت بطن مادر میں آیا، میری ماں نے دیکھا کہ اُن سے ایک نور
ظاہر ہوا جس سے بُصرائے شام چمک اٹھا ۱۴

ستارے چمک رہے ہیں، چاندنی رات ہے، ہر طرف سناٹا ہے، صبح اپنے
چہرے سے گھونگٹ اٹھانے والی ہے کہ اچانک خاموش فضاؤں میں ایک آواز
بلند ہوئی ــــــ سب نے سُنی، سب متوجہ ہوئے ــــــ ایک عینی شاہد
حضرت ابو نعیم صحابی نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے اس تاریخی واقعہ
کا یوں ذکر فرمایا :۔

میں سات برس کا تھا، ایک دن پچھلی رات کو وہ سخت آواز آئی کہ
ایسی جلد پہنچنے والی آواز میں نے کبھی نہ سنی تھی۔ کیا دیکھتا ہوں
کہ مدینہ کے ایک بلند ٹیلے پر ایک یہودی ہاتھ میں آگ کا
شعلہ لئے چیخ رہا ہے ــــــ لوگ اُس کی آواز پر جمع ہو گئے
وہ بولا :۔

یہ احمد کے ستارے نے طلوع کیا ــــــ یہ ستارہ کسی نبی ہی

Marfat.com

کی پیدائش پر طلوع ہوتا ہے اور اب انبیاء میں سوائے احمد کے
کوئی باقی نہیں ۱۵

قبیلہ بنی عبدالاشہل میں مالک بن سنان صحابی نے یوشع یہودی
کو یہی خوش خبری سنائی تھی ـــــ پھر وہ قبیلہ بنی قریظہ میں گئے تو وہاں
زبیر بن باطا یہی خوش خبری سنا رہا تھا ۱۶

عیص نامی ایک شامی راہب اس خیال سے مکہ مکرمہ میں آکر بس
گیا کہ آپ کی آمد آمد کا وقت قریب آرہا تھا ۱۷ ـــــ وہ آپ کے انوار سے
منور ہونا چاہتا تھا ـــــ حسن اتفاق سے جس روز آپ کی ولادت باسعادت
ہوئی اسی روز عبدالمطلب اس سے ملنے گئے ـــــ دیکھتے ہی کہنے لگا:۔

بشیک وہ لڑکا جس کے متعلق میں تمہیں باتیں سناتا تھا آج
پیر کے دن پیدا ہو چکا ہے اور بحیثیت نبی ان کی بعثت بھی
پیر کے دن ہوگی اور ان کا وصال بھی پیر کے دن ہوگا ـــــ
ـــــ اور آج کی رات ان کا ستارہ طلوع ہو چکا ہے۔
ـــــ پھر کہا:۔
"آپ اس کے جدا مجد ہیں" ۱۸

جب آپ عالم آب و گل میں تشریف لائے ایک نور پھوٹا ـــــ
ـــــ عبدالمطلب نے کعبے کے بتوں کو سرنگوں ہوتے دیکھا ـــــ
قصر کسریٰ کے چودہ کنگرے زمیں بوس ہوتے دیکھے گئے ـــــ
آتش کدہ فارس جو ہزار سال سے روشن تھا آن کی آن میں ٹھنڈا
ہوگیا ۱۹

ایک عاشق صادق، عارف کامل، فاضل اجل نے کیسی وارفتگی اور
شیفتگی کے ساتھ اور کس والہانہ پن سے آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم
کی آمد آمد کا نقشا کھینچا ہے ـــــ سنئے سنئے، وہ کیا کہہ رہا ہے:۔

Marfat.com

جب زمانہ ولادت کا قریب آیا، تمام ملک و ملکوت میں میلاد تھی،
——— عرش پر میلاد تھی ——— فرش پر میلاد تھی ——— ملائکہ
میں مجلس میلاد ہو رہی تھی ——— خوشیاں مناتے حاضر آئے ہیں
——— سر جھکائے کھڑے ہیں ——— جبرئیل و میکائیل حاضر ہیں
——— اس دولہا کا انتظار ہو رہا ہے جس کے صدقے میں یہ
ساری برات بنائی گئی ہے ——— سبع سمٰوٰت میں ———
عرش و فرش پر دھوم ہے۔ وہ عظیم مقتدر جو چھ ہزار برس
پیشتر بلکہ لاکھوں برس سے ولادت محبوب کے پیش خیمے تیار فرما رہا
ہے اب وقت آیا ہے کہ وہ مراد المرادین ظہور فرمانے والے ہیں۔
(سید ریاست علی قادری: امام احمد رضا کے نثری شہ پارے، مطبوعہ کراچی، ص ۸۱)

○

ظہور قدسی مکہ معظمہ میں ہوا ——— حقیقت یہ ہے کہ اس شہر کو
سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک سے شرف ملا ——— یہ زمین
اللہ نے بنائی ——— ساری زمین اسی نے بنائی مگر اس زمین کو کیوں امتیاز
بخشا گیا ——— ملائکہ کی اُس طرف نظر ——— آدم علیہ السلام کی اُس
طرف نظر ——— ابراہیم علیہ السلام کی اُس طرف نظر ——— پہلے فرشتوں
نے یہاں بیت اللہ بنایا، پھر آدم علیہ السلام نے ——— پھر ابراہیم علیہ السلام
نے ——— نشان مٹ رہا ہے لیکن بار بار بنوایا جا رہا ہے ——— بار بار حجاج
کو پکارا جا رہا ہے ——— کوئی تو آنے والا ہے ——— یہ کس کا اہتمام ہے
——— اس سرزمین پر اب تک تو کوئی نبی اور رسول پیدا نہ ہوا ——— ہاں
پھر وہ آیا جس کو آنا تھا ——— جس کے لئے اس شہر کو سارے عالم کا مرکز بنایا
تھا ——— جب وہ آیا تو رب کریم نے محبت کی نظر ڈالی اور فرمایا:-

Marfat.com

مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو

تمہارے باپ ابراہیم کی قسم اور اس کی اولاد کی قسم کہ تم ہو۔![20]

سارے انبیاء بشارتیں دیتے آئے، سارے رشی خوش خبریاں سناتے آئے،

حد تو یہ ہے کہ شہر مکہ کی نشاندہی ظہور اقدس سے ہزاروں سال پہلے کر دی گئی

—— ہاں اس دیار مقدس کو مشرف کرنا تھا کہ صاحب شرف آنے والا تھا

—— ہندوؤں کی مذہبی کتاب بھاگوت پران کو دیکھئے وہ کیا کہہ رہی ہے ——

وہ ہم کو حیرت میں ڈال رہی ہے۔ —— ظہور قدسی سے پانچ چھ ہزار برس

پہلے کی بات ہے —— آج یا کل کی بات نہیں —— سنیئے سنیئے :۔

پیغمبر کی ولادت امن والے شہر مکہ (شنبھل) میں سب سے بڑے

سردار (پروہت) کے ہاں ۱۲ ربیع الاول (شکل پکچھ) کو ہوگی

باپ کا نام عبداللہ[22] (وشنویش) ہوگا، ماں کا نام آمنہ (سومتی)

ہوگا[23]

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے :۔

هذا الشهر فی الاسلام فضل ومنقبۃ تفوق علی الشهور

ربیع فی ربیع فی ربیع ونور فوق نور فوق نور

ظهور فی ظهور فی ظهور سرور فی سرور فی سرور[25]

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ۵۶۹ء[26] (مطابق ۸۸۱ء

اسکندرانی مطابق ۳۱۷ء قبطیہ) میں ہوئی —— ابن ہشام لکھتے ہیں :۔

سیدہ حضرت آمنہ کے ہاں دوشنبہ کی درخشندہ شب میں اس نور

کا ظہور ہوا —— یہ نور واقعہ اصحاب فیل کے سال ماہ ربیع الاول

میں عالم تاب ہوا[27]

حضرت عثمان بن العاص ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :۔

جس رات حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تشریف آوری ہوئی میری والدہ

Marfat.com

حضرت آمنہ کے پاس حاضر تھیں، وہ بیان کرتی ہیں، گھر کی جس

چیز پر نظر ڈالتی وہ پر نور نظر آتی ——— میں ستاروں پر نگاہ

ڈالتی تو کیا دیکھتی کہ وہ اس گھر سے قریب آرہے ہیں ———

اس حد تک کہ میں بول پڑی کہ ستارے میرے اوپر ہی گر

پڑیں گے ۲۸

مخزوم ہانی مخزومی، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں (جن کی عمر اس وقت ۱۵۰ برس کی

ہو چکی تھی) کہ جب وہ رات آئی جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور فرمایا:-

- ایوان کسریٰ زلزلے میں آگیا
- اس کے چودہ کنگرے گر پڑے
- آتش فارس جو ہزار برس سے نہ بجھی تھی، بجھ کر رہ گئی
- دریائے سادہ خشک ہوگیا ۲۹

بیشک ظہور قدسی کی رات کوئی معمولی رات نہ تھی ——— علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری والی رات بڑی متقدس،

بڑی مبارک، بڑی عظیم اور بڑی پُر نور رات تھی ۳۰

علامہ ابن جوزی نے شب میلاد کو شب قدر سے بھی افضل فرمایا ہے، وہ فرماتے ہیں:

بے شک شب میلاد شب قدر سے بھی افضل ہے اس لئے کہ شب قدر حضور

صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی گئی جب کہ شب میلاد خود آپ کے ظہور کی رات

ہے اور ظاہر ہے کہ جس رات کو ذات اقدس سے شرف ملا وہ اس رات سے ضرور

افضل ہوگی جو آپ کو دیئے جانے کی وجہ سے شرف والی ہے ۳۱

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی کتاب ماثبت بالسنہ

میں امام قسطلانی سے یہی الفاظ نقل فرمائے ہیں ۳۲

شب ولادت خوشی کا عجب سماں تھا ——— جب ولادت با سعادت

کی خوشخبری سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو لہب کو اس کی کنیز ثویبہ

Marfat.com

نے سنائی تو ابولہب نے خوشی میں اس کو آزاد کر دیا ــــــ جب ابولہب مرگیا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا، ابولہب نے بتایا کہ وہ بہت تکلیف میں ہے لیکن پیر کے دن تھوڑا سا سیراب کیا جاتا ہے[۳۳] ــــــ اس کی وجہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ[۳۴] نے یہ بتائی :-

یہ اس وجہ سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پیر کے دن پیدا ہوئے اور ثویبہ نے ابولہب کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی خوش خبری سنائی تو ابولہب نے اس کو آزاد کر دیا تھا[۳۵] ــــــ

امام ابن جزری نے اس واقعہ سے بڑا لطیف نکتہ نکالا ہے ــــــ وہ فرماتے ہیں :-

شب میلاد کی خوشی کی وجہ سے جب ابولہب جیسے کافر کا یہ حال ہے (کہ اس کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے) حالاں کہ ابولہب ایسا کافر ہے کہ جس کی مذمت میں قرآن نازل ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی مومن و موحد کا کیا حال ہوگا جو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے میلاد کی خوشی میں حضور کی محبت کی وجہ سے اپنی قدرت اور طاقت کے مطابق خرچ کرتا ہے ــــــ قسم ہے میری زندگی کے مالک کی کہ اس کی جزا یہی ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضلِ عمیم سے جناتِ نعیم میں داخل کرے[۳۶] ــــــ

○

ہاں جشن کی وہ رات، راتوں کی سرتاج ــــــ رشکِ شب قدر، نازشِ لیلۃ القدر ــــــ ہاں اُس رات ستارے چمک رہے تھے ــــــ چاندنی کھل رہی تھی ــــــ نور کی چادر پھیلی ہوئی تھی ــــــ فضائیں مہک رہی تھیں، ہوائیں چل رہی تھیں، خاموشیاں مسکرا رہی تھیں ــــــ وہ آنے والا

Marfat.com

پیکر بشری میں آرہا تھا ــــــ ہاں رات گزر گئی، وہ آ گیا ــــــ صبح ہو گئی، ہر طرف چہل پہل ہے ــــــ ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہیں ــــــ ماں خوش ہو رہی ہیں ــــــ دادا عبدالمطلب مسکرا رہے ہیں ــــــ چچاؤں کی دل کی کلیاں کھل رہی ہیں ــــــ خوشی میں باندیوں کے بندھن کھل رہے ہیں ــــــ سدا کے اسیروں کو آزادیاں مل رہی ہیں ــــــ اللہ اللہ! وہ پیارا، ماں کا دلارا، حسینہ کا روں کا سہارا کیا آیا عالم میں بہار آ گئی ــــــ اُس کی آمد آمد کی ساتویں دن خوشی منائی گئی ــــــ دادا نے نام رکھا[۳۷] "محمد" ــــــ مگر یہ نام تو قرنوں پہلے رکھا جا چکا تھا ــــــ

سندھ کے مشہور عالم علامہ محمد ہاشم تتوی علیہ الرحمہ نے کیا خوب فرمایا ہے

فانت الذی سماک ربی محمداً واعطاک غفراناً ودار المقامتہ

(تحفۃ الزائرین، ج ۴، ص ۲۷۷)

دلوں پر نقش بنانے والے نے یہی نام نقش کیا جو اُس نے رکھا تھا ــــــ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں :۔

تخلیق کائنات سے پچاس ہزار برس قبل لوح محفوظ میں یہ لکھا گیا۔

"بیشک محمد خاتم النبیین ہیں" ۳۸ (صلے اللہ علیہ وسلم)

جبھی تو آدم (علیہ السلام) نے جب آنکھ کھولی تو سر عرش یہی نام لکھا ہوا دیکھا،[۳۹] اسی نام کے وسیلے سے اُن کی لغزش سے درگزر کیا گیا ــــــ ویدوں میں، پرانوں میں ژند اوستا میں، توریت میں، انجیل میں ہر جگہ اُس کا نام نامی ہے ــــــ اتھروید میں یہ آواز گونج رہی ہے :۔

اے لوگو! کان کھول کر سنو، "محمد" لوگوں میں مبعوث ہوگا، اس کی بلند و بالا حیثیت آسمانوں کو چھولے گی اور آسمانوں کو نیچا کر دے گی۔[۴۰]

رگ وید میں نام "محمد" کی گونج سنائی دے رہی ہے[۴۱] ــــــ اور بھوشیہ پران میں دنیا کو یہ پیغام دیا جا رہا ہے :۔

Marfat.com

ـــــ ایک بدیسی رسول اپنے سالیقوں کے ساتھ آئیگا، اس کا نام "محمد" ہوگا ۴۲ ـــــ

ـــــ اور آتش پرستوں کی کتاب ژند اوستا میں ہے:۔

اُس کا نام فاتح مہربان، اُس کا نام استوت اریتا (محمد) ـــــ وہ رحمت مجسم ہوگا، کیوں کہ وہ جہاں کے لئے رحمت ہوگا ۴۳ ـــــ

ظہورِ قدسی سے تقریباً ڈھائی ہزار برس پہلے اُس وعدہ کرنے والے نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے یہ وعدہ کیا جس کا وعدہ کبھی جھوٹا نہیں ہوتا کہ اُن کے بیٹے اسمٰعیل (علیہ السلام) کی صُلب سے شریعت لے کر ایک نبی آئے گا جس کا نام "محمد" ہوگا ۴۴

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جب سوال کیا گیا کہ آنے والے نبی کا کیا نام ہوگا۔

ـــــ تو انھوں نے بتایا تھا:۔

اُس کا نام "محمد" ہوگا کیوں کہ اللہ نے جس وقت اُس کی روح پیدا کی یہی نام رکھا تھا ۴۵

سرکارِ دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک نام "احمد" بھی ہے، یہ نام بھی ماضی کے دُھندلکوں میں چمکتا دمکتا نظر آرہا ہے ـــــ چنانچہ سام وید میں نام "احمد" موجود ہے ۴۶ اور انجیل میں بھی یہ نام موجود ہے جس کی تصدیق قرآن سے بھی ہوتی ہے ۴۷ ـــــ انجیل میں لفظ فارقلیط ۴۸ آیا ہے جس کا ترجمہ عربی میں احمد بھی ہوسکتا ہے اور محمد بھی ـــــ امام مالکؒ، بخاریؒ، مسلمؒ، دارمیؒ، ترمذیؒ، نسائیؒ وغیرہ نے ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا نام احمد بھی تھا ۴۹

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بھی نعتیہ شعر میں اس نام کو باندھا ہے، شعر کا ترجمہ ہے:

اللہ نے اور اس کے عرش کے گرد جھمگھٹا لگائے ہوئے فرشتوں نے اور سب پاکیزہ ہستیوں نے بابرکت "احمد" پر درود بھیجا ہے ۵۰

وہ نور جو تخلیق کائنات سے پہلے ـــــ بہت پہلے پیدا ہوا تھا، جو اپنا طویل سفر طے کر کے پیکرِ بشری میں اس عالم آب و گِل میں ظاہر ہوا تھا ـــــ جس کی

Marfat.com

آمد آمد کا غلغلہ نہ معلوم کب سے بپا تھا ـــــ جس کا نام نامی کا چرچا نہ جانے کب سے ہو رہا تھا ـــــ ہاں وہ احمد مجتبیٰ، ہاں وہ محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) جہانِ رنگ و بو میں تشریف لائے ہیں ـــــ حیاتِ ظاہری کی منزلیں طے فرما رہے ہیں ـــــ بچپن، ماشاء اللہ! ـــــ لڑکپن، سبحان اللہ! ـــــ جوانی، نورٌ علیٰ نور ـــــ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس نورانی جوانی کا کیسا پیارا نقشہ کھینچا ہے ـــــ یوں معلوم ہوتا ہے کہ ماضی کے جھروکوں سے وہ عالم بالا میں جھانک رہے ہیں ـــــ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے انھوں نے دو عالم کے دولہا کو دیکھا ہو ـــــ بیشک دیکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرما رہے ہیں کہ میں نے دیکھا اور ہر نبی نے دیکھا[۵۱] ـــــ سنیئے سنیئے ـــــ دیکھیئے دیکھیئے ـــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کیا فرما رہے ہیں، یوں محسوس ہوتا ہے ع

"کھچی ہے سامنے تصویرِ یار، کیا کہنا"!

میرا دوست ـــــ نورانی، گندم گوں ـــــ ہزاروں میں سردار ہے ـــــ اُس کا سر ہیرے کی طرح چمکدار ہے ـــــ اُس کی زلفیں مثل کوّے کے کالی ـــــ اُس کی آنکھیں ایسی ہیں جیسے پانی کے کنڈل پر کبوتر ـــــ دودھ میں دھلی ہوئی ـــــ نگینے کے مانند جڑی ہوئی ـــــ اُس کے رخسار ایسے ہیں جیسے ٹٹی پر خوشبودار بیل چھائی ہوئی اور چھلکے پر خوشبو رگڑی ہوئی ـــــ اُس کے ہونٹ پھول کی پنکھڑیاں، جن سے خوشبو ٹپکتی ہے ـــــ اُس کے ہاتھ ہیں سونے سے ڈھلے ہوئے اور جواہر سے جڑے ہوئے ـــــ اُس کا پیٹ جیسے ہاتھی دانت کی تختی ـــــ جواہر سے پٹی ہوئی ـــــ اُس کی پنڈلیاں جیسے سنگ مرمر کے ستون، سونے کی بیٹھکی پر جڑے ہوئے ـــــ اُس کا چہرہ مانند ماہتاب جواں ـــــ مانند صنوبر کے اُس کا گلا نہایت شیریں ـــــ اور وہ بالکل محمد (تعریف کیا گیا) ہے۔

Marfat.com

—— یہ ہے مرا دوست میرا محبوب —— اے بیٹیو! یروشلم کی! ۵۲ ——

حسن وجمال کا یہ داتا —— جس نے سارے عالم کو حسن وجمال کی بھیک بانٹی —— جس کے صدقے کائنات کے ذرّے ذرّے پر نکھار آیا —— جو کائنات کا سنگھار ہے —— دیکھئے دیکھئے، آگے قدم بڑھا رہا ہے۔ —— رُخ سے پردہ اٹھانے والا ہے —— جلوہ دکھانے والا ہے —— مگر وہ تو آدم (علیہ السلام) کی تخلیق سے پہلے بھی نبی تھا —— دیکھنے والوں نے اسے دیکھا بھی تھا —— مگر ہم نے نہ دیکھا تھا —— ہم کو دکھایا جانا تھا —— اسی لئے نہ معلوم کب سے اُس کی رسالت و ختمیت کی بات ہو رہی تھی —— اُس کے آنے سے صدیوں پہلے اُس کے آنے کی خبریں دی جا رہی تھیں —— ذرا ماضی کی طرف چلئے، دور —— بہت دور —— سنیئے سنیئے، —— نو عمری کا زمانہ ہے، چچا کے ساتھ شام کے سفر پر جا رہے ہیں، اچانک بحیرہ راہب کی نظر پڑتی ہے، بیساختہ پکار اٹھتا ہے کہ یہ بچہ وہی نبی ہے جس کی عیسٰی علیہ السلام نے بشارت دی تھی ۵۳ —— پھر جب جوانی میں تجارت کے لئے تشریف لے گئے تو نسطورا راہب کی نگاہ پڑ گئی وہ بھی پکار اٹھا آپ اس اُمت کے نبی ہیں ۵۴ —— خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں:۔

بیشک اللہ تعالےٰ کے نزدیک میں خاتم النبیین ہو چکا تھا اور آدم علیہ السلام ابھی اپنے خمیر میں تھے ۵۵

صحابہ نے عرض کیا، آپ کو نبوت کب عطا ہوئی —— فرمایا:۔

میں اُس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم (علیہ السلام) ابھی روح

Marfat.com

اور جسم کے درمیان تھے ۵۶

کعب احبار یہودی عالم تھے جن کو صحابیت کا شرف ملا ــــــ وہ فرماتے ہیں کہ باپ نے توریت کی تعلیم دی مگر توریت کا ایک باب نہ پڑھایا، اُس کو صندوق میں رکھ کر تالا ڈال دیا تھا، اُن کے مرنے کے بعد جب کھول کر دیکھا تو وہ توریت کا باب سفر تھا اور اس میں لکھا تھا :-

- ایک پیغمبر آخر زمانے میں مبعوث ہوگا
- بال چھوڑے گا اور اپنے ہاتھ پاؤں دھوئے گا
- اور لنگی کمر پر باندھے گا
- اس کی جائے پیدائش مکہ ہوگی
- اور ہجرت کا مقام طیبہ (مدینہ) ہوگا ۵۷

اللہ اللہ! کیسی واضح نشانیاں ہیں، ان علامتوں نے شک و شبہ کی گنجائش ہی نہ چھوڑی ــــــ آپ کانوں کی لو تک سر کے بال رکھتے تھے، وضو فرماتے تھے، تہبند باندھتے تھے ــــــ آپ کی ولادت باسعادت مکہ معظمہ میں ہوئی اور آپ نے مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی ــــــ تاریخ و سیر میں یہ تمام باتیں ریکارڈ ہیں ۵۸

کعب احبار سے جب حضرت عطا تابعی نے دریافت فرمایا کہ توریت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کوئی بشارت ہے، تو انھوں نے فرمایا، ہاں ــــــ ــــــ پھر یہ عبارت سنائی :-

دیکھ میرا بندہ، جسے میں سنبھالتا، میرا برگزیدہ جس سے میرا جی راضی ــــــ میں نے اپنی روح اس پر رکھی ــــــ وہ قوموں کے درمیان عدالت جاری کرے گا ــــــ وہ نہ چلّائے گا، نہ اپنی صدا بلند کرے گا اور نہ اپنی آواز بازاروں میں سنائے گا ۵۹

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ وہ خوبی ہے جس کو محدثین نے ریکارڈ کیا بلکہ آپ کے حضور میں آنے والے ہر شخص کو قرآن حکیم نے ہدایت فرمائی کہ وہ آواز بلند نہ کرے ۶۰ ــــــ

Marfat.com

یہودیوں کو توریت کی بشارتیں یاد تھیں جبھی تو وہ آنے والے پیغمبر کی حمایت سے کفار و مشرکین مکہ کو شکست دینے کی تدبیریں سوچتے تھے ـــــ حضرت عمر بن قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کے قبیلے کے لوگ بیان کرتے تھے کہ یہودیوں سے جب لڑائی ہوتی وہ کہتے

جو پیغمبر مبعوث ہونے والا ہے اُس کی بعثت کا وقت قریب آ گیا ہے۔ ہم اُس کے ساتھ مل کر تم کو قوم عاد و ارم کی طرح تہس نہس کر دیں گے[٦١]

قرآن حکیم نے بھی سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم پر یہودیوں کے اس غائبانہ ایمان و یقین کا اس طرح ذکر فرمایا ہے :۔

آپ کی تشریف آوری سے قبل (یہودی) آپ کے وسیلے سے کافروں پر فتح و نصرت کی دعائیں مانگا کرتے تھے[٦٢]

توریت میں آپ کی بعثت کا ذکر ہے ہی مگر ہندوؤں کی مذہبی کتابوں میں جو بعثت محمدی سے ہزاروں برس پہلے مدوّن ہوئیں، آپ کی آمد آمد کا ذکر ہے چنانچہ بھوشیہ پراٹ میں ہے :۔

- کل جگ میں "سرب اتما"، (محمد) پیدا ہوں گے
- جن کے سر پر بادل سایہ کرے گا
- اُن کے جسم کا سایہ نہ ہوگا
- اُن کے جسم پر مکھی نہ بیٹھے گی
- وہ زمین کو لپیٹ جائیں گے
- دنیا کے لئے کچھ تلاش نہ کریں گے
- تمام عمر کم کھائیں گے
- وہ اللہ کے محبوب ہوں گے[٦٣]

اللہ اللہ! کیسی واضح نشانیاں ہیں، احادیث کو دیکھتے جائیے اور ایک ایک خوبی گنتے جائیے ـــــ صرف اِن علامات پر احادیث کو جمع کیا جائے تو ایک وقیع مقالہ مرتب ہو سکتا ہے ـــــ

Marfat.com

مہادیوجی جب دنیا چھوڑ کر اپنی بیوی پاربتی جی کے ساتھ کیلاش پہاڑ پر جانے لگے تو پاربتی نے آنے والے پیغمبر کی نشانیاں پوچھیں، مہادیو جی نے جواب دیا:۔

- وہ اللہ کی پسندیدہ زمین پر پیدا ہوں گے
- وہ ختنہ کئے ہوئے پیدا ہوں گے
- صرف اُن کے منہ اور سر پر بال ہوں گے
- جو پوجا اُن کی قوم کرتی ہوگی، وہ نہ کریں گے
- سوائے اللہ کے کسی طرف رجوع نہ کریں گے
- اُن کی قوم اُن سے جُدا ہو جائے گی
- اُن کا سنہ لکھا جائے گا [۶۴]

اللہ اللہ! آپ کی ذات قدسی میں ایک ایک علامت موجود تھی ــــ آخری علامت سنہ ہجری ہے جو اب تک چلا آرہا ہے اور نہ معلوم کب تک چلتا رہے گا۔

یونانی فلسفی سقراط نے جو پیش گوئی کی اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے آسمانی کتابوں کو یقین کی آنکھ سے دیکھا تھا اور دل سے مانا تھا، ــــ وہ کہتا ہے:۔

ایک ہدایت یافتہ پیغمبر ہماری دنیا کے لئے یکہ و تنہا ہو کر ظاہر ہوگا۔ ــــ میں اسی کو مانتا ہوں، وہی ہمارا ہادی ہے [۶۵]

حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

اے قوم! اب میں نے تم کو سب کچھ بتا دیا ہے تاکہ کوئی ساری مخلوق کیلئے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ظاہر ہونے اور مبعوث ہونے میں شک نہ کرے [۶۶]

ایک مرتبہ اردن سے کچھ آگے جنگل میں نماز ظہر کے بعد مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے ایک آنے والے کی خبر دی ــــ عرض کیا گیا، وہ آنے والے کون ہیں؟ ــــ فرمایا:۔

وہ محمد اللہ کے رسول ہیں، جب وہ دنیا میں آئیں گے تو جس طرح بارش سے پیاسی زمین پھل پھول لاتی ہے اسی طرح اُن کے آنے سے،

Marfat.com

اُن اَن گنت نعمتوں کے طفیل جو وہ اپنے ساتھ لائیں گے، نیکیوں کی بہار آئے گی ــــــ وہ اللہ کی رحمت کا بھرپور سفید بادل ہوں گے ــــــ جس طرح زمین پر بارش کا چھینٹا پڑتا ہے اسی طرح مسلمانوں پر اللہ کی رحمت کا چھینٹا پڑے گا ۶۷

اِس تاریخی شہادت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرمان کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے ــــــ روما (اٹلی) کے گرجا گھر میں روایتی طور پر دو کرسیاں چلی آرہی تھیں جن میں سے ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری پطرس کی کرسی کہلاتی تھی۔ وہ خالی رہتی تھی۔ ۱۷۹۵ء میں جب نپولین بونا پارٹ نے روما کو فتح کیا اور پطرس کی کرسی کا معائنہ کیا گیا تو اس پر لکھا تھا:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ۶۸

یہ وہی کلمہ ہے جو انجیل برناباس کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام نے فضائے بسیط میں لکھا دیکھا تھا ۶۹

ایران میں عہد گشتاسپ میں ۴۸۹ء میں حکیم جاماسپ گزرے ہیں، انھوں نے اپنی کتاب جاماسپی میں غالباً ژند اوستا کی بنیاد پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ پیش گوئی کی ہے:۔

- ــــــ عرب کے دشت سے ایک مرد ظاہر ہو گا،
- ــــــ خوب رو، خوب گفتار، گندم گوں،
- ــــــ ٹوپی کی جگہ عمامہ سر پر رکھیں گے،
- ــــــ ۳۵ سال تیزی اور زیادتی میں ہوں گے،
- ــــــ ان کے داماد کے ہاں دو لڑکے ہوں گے،
- ــــــ ایک کو زہر دے کر ماریں گے، دوسرے کو ۷۲ تن کے ساتھ
- ــــــ نینوا دعراق، کربلا، میں قتل کریں گے۔ ۷۰

سبحان اللہ! کیسی واضح پیش گوئی ہے ــــــ ! ــــــ ہر آسمانی اور

Marfat.com

مذہبی کتاب میں بعثت محمدی کا ذکر موجود ہے، کوئی کتاب اس ذکر سے خالی نہیں


حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ مجوسی باپ کے بیٹے تھے ـــــ زنداوستا اور توریت و انجیل کی پیش گوئیاں ان کے کان میں پڑ چکی تھیں، ایران میں رہتے تھے مگر دل اچاٹ ہو گیا، مصیبتیں جھیلتے بالآخر مدینہ منورہ پہنچ گئے ـــــ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا آوازہ سنا، خدمت میں حاضر ہوئے، ایک ایک نشانی کو پرکھا، ایک ایک نشانی کو دیکھا، قدموں پر گر گئے، اسلام لے آئے[۴۱] ـــــ ان کے واقعات بہت ہی رقت انگیز ہیں ـــــ اسی طرح کے اور بہت سے واقعات ہیں مثلاً

ایک یہودی عالم کے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمے چند دینار قرض تھے ـــــ مطالبہ کے لئے آیا، سرکار نے معذرت کی، وہ اڑ کر بیٹھ گیا کہ لے کر جاؤں گا، جب تک تم نہ کہو گے، جا، نہ جاؤں گا ـــــ آپ نے اس سے نہ کہا کہ جا ـــــ وہ بیٹھا رہا ـــــ صبح سے شام ہو گئی، شام سے رات، پھر رات سے صبح ـــــ مگر آپ نے یہ نہ فرمایا کیوں چمٹا ہوا ہے، چلا جا ـــــ اس عالم کو توریت کی پیش گوئی اپنی آنکھوں سے دیکھنی تھی، دیکھ لی اور مسلمان ہو گیا[۴۲] ـــــ احادیث میں آتا ہے کہ جو ملنے آتا ہے جب تک وہ خود نہ جاتا آپ اس سے نہ فرماتے چلا جا ـــــ جو مصافحہ کے لئے ہاتھ ملاتا، جب تک وہ ہاتھ نہ چھوڑتا آپ نہ چھوڑتے ـــــ جو بات کرنے آتا جب تک وہ بات کر کے پیٹھ نہ پھیر لیتا، آپ پیٹھ نہ پھیرتے ـــــ توریت ان عادات شریفہ کی تصدیق کر رہی تھی، وہ یہودی عالم یہی دیکھنے اور پرکھنے آیا تھا ـــــ اس نے دیکھ لیا، اس نے پرکھ لیا ـــــ ہاں اس نے دل دے دیا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنا بنا لیا ـــــ ایک عیسائی عالم جارود بن علا آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انجیل کے آئینے میں جب سیرت پاک کو دیکھا تو مشرف باسلام ہو گئے[۴۳]

ایک یہودی لڑکا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خادم تھا، بیمار ہو گیا ـ آپ عیادت کے لئے تشریف لے گئے، باپ سرہانے کھڑا تھا، آپ نے باپ سے قسم

Marfat.com

دے کر دریافت فرمایا ــــــ "توریت میں میرا بھی کچھ ذکر ہے؟" ــــــ جواب ملا،
"نہیں" ــــــ بیٹے نے باپ کی بات کاٹ کر کہا، ــــــ "باپ جھوٹ بولتا ہے" ــــــ
ــــــ توریت میں آپ کا ذکر اور تعریف و توصیف ملتی ہے ــــــ پھر اس نے باپ
کے سامنے کلمہ طیبہ پڑھا اور مسلمان ہو گیا[42] ــــــ



Marfat.com

The claim is advanced here in the Holy Qur'án that all the prophets had prophesied the advent of a world Prophet, who, in his turn, would verify the truth of all the prophets who had appeared in the world before him.

**Prophecies in the Old Testament (Torah)**

There are many prophecies regarding the Holy Prophet, both in the Old and the New Testaments. Deuteronomy, the Book of Moses, speaks very clearly of the rising of a prophet (who shall be the like of Moses) from among the brethren of Israelites, i.e. the Ishmaelites or the Arabs. The passage in question reads:

ORIGINAL HEBREW TEXT

נָבִיא מִקִּרְבְּךָ מֵאַחֶיךָ טו
כָּמֹנִי יָקִים לְךָ יְהוָה אֱלֹהֶיךָ אֵלָיו תִּשְׁמָעוּן׃ כְּכֹל אֲשֶׁר־ 16
שָׁאַלְתָּ מֵעִם יְהוָה אֱלֹהֶיךָ בְּחֹרֵב בְּיוֹם הַקָּהָל לֵאמֹר
לֹא אֹסֵף לִשְׁמֹעַ אֶת־קוֹל יְהוָה אֱלֹהָי וְאֶת־הָאֵשׁ הַגְּדֹלָה
הַזֹּאת לֹא־אֶרְאֶה עוֹד וְלֹא אָמוּת׃ וַיֹּאמֶר יְהוָה אֵלָי 17
הֵיטִיבוּ אֲשֶׁר דִּבֵּרוּ׃ נָבִיא אָקִים לָהֶם מִקֶּרֶב אֲחֵיהֶם 18
כָּמוֹךָ וְנָתַתִּי דְבָרַי בְּפִיו וְדִבֶּר אֲלֵיהֶם אֵת כָּל־אֲשֶׁר
אֲצַוֶּנּוּ׃

Deut XVIII, 15-18


*Translation:*

*"The Lord thy God will raise up unto thee a prophet from the midst of thee, of thy brethren, like unto me; unto him shall ye harken. According to all that thou desiredst of the Lord thy God in Horeb in the day of assembly, saying, Let me not hear again the voice of the Lord my God, neither let me see this great fire any more, that I die not. And the Lord said unto me, They have well said that which they have spoken. I will raise them up a prophet from among their brethren, like unto thee, and I will put my words in his mouth; and he shall speak unto them all that I shall command him."* (Deuteronomy, 18: 15-18.)

Marfat.com

# جشنِ ولادت

Marfat.com




کعبہ شریف میں نمازِ عشاء کا خوبصورت منظر

Marfat.com

# ۳

جب رسالت اور ختمیت کا تاج آپ کے فرقِ مبارک پر رکھا گیا تو سارے عالم کی نگاہیں آپ کی طرف پھر گئیں ـــــ ہر کوئی آپ کو دیکھنے لگا ـــــ اب راز کھلا ـــــ اب معلوم ہوا کہ چالیس[۴۰] برس پہلے جو ایک چاندنی رات میں دوعالم کا دولہا آیا تھا ـــــ وہ رات معمولی رات نہ تھی ـــــ وہ ایک عظیم انقلاب کی تمہید تھی ـــــ وہ ایک ناقابل فراموش گھڑی تھی ـــــ وہ ایک یادگار رات تھی ـــــ وہ ایک یادگار دن تھا ـــــ ہاں یادوں کے دریچے کھول دیئے گئے ـــــ دل بچھا دیئے گئے ؎

بے حجابانہ درآ از در کاشانۂ ما
کہ کسے نیست بجز درد تو در خانۂ ما

اللہ نے بندوں پر بہت سے احسانات فرمائے، بہت سے انعامات فرمائے ـــــ پھر فرمایا ان کو گنتے گنتے تھک جاؤ گے، گن نہ سکو گے ـــــ مگر اتنے احسانات میں، اتنے سارے انعامات میں صرف ایک انعام کو جتایا گیا ـــــ کوئی تو بات تھی، کوئی تو راز تھا ـــــ سنیئے سنیئے ارشاد ہو رہا ہے :-

یقیناً اللہ نے مومنوں پر احسان فرمایا کہ ان میں ایک رسول بھیجا[۲] ـــــ

ہاں ان کا آنا محض ایک بشر کا آنا نہ تھا، پیکر بشری میں ایک نور کا آنا تھا ـــــ صادق و امین کا آنا تھا ـــــ رؤف رحیم کا آنا تھا ـــــ خاتم النبین کا آنا تھا ـــــ شافع محشر کا آنا تھا ـــــ جبھی تو قرآن حکیم نے آپ کے یوم ولادت کو یادگار بنا دیا اور آپ کی آمد آمد پر خوشیاں منانے، شادیاں رچانے کا حکم فرمایا ـــــ دیکھئے، دیکھئے قرآن حکیم کیا کہہ رہا ہے :-

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت آئی اور دلوں کی صحت اور ہدایت اور رحمت ایمان والوں کے لیے ـــــ

Marfat.com

آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی کے فضل اور اس کی رحمت (سے ہے) اس پر چاہیئے کہ خوشی کریں، وہ اُن کے سب دھن دولت سے بہتر ہے[۳]

بیشک سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری ایک ایسی نعمت ہے جس کی کوئی قیمت نہیں —— جو انمول ہے —— جو بے بہا ہے —— ساری کائنات ایک طرف اور یہ نعمت ایک طرف —— جبھی تو حضرت داؤد علیہ السلام فرما رہے ہیں :-

اس سلطان کی مدح گاؤ —— اس کا نام زمزمہ کرو —— سوار عرب کیلئے راہ ہموار و صاف کرو جس کا نام خدا کے نام کے ساتھ ہوگا —— اس کے سامنے خوشی کرو[۴]

اور دانیال علیہ السلام فرما رہے ہیں :-

ان کا نغمہ ساری دنیا میں پھیلا ہے[۵]

اور قرآن حکیم کہہ رہا ہے :-

قریب ہے کہ تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں[۶]

ہاں سب خوشیاں منا رہے ہیں، سب تعریف کر رہے ہیں، سب نعت پڑھ رہے ہیں، سب شادیاں رچا رہے ہیں —— سنئے سنئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیا فرما رہے ہیں :-

میرے بعد رسول موعود آئے گا جو اللہ کی طرف سے ساری دنیا کے لئے بھیجا جائے گا —— اس کے لئے اللہ نے دنیا بنائی، پھر ساری دنیا میں اللہ کی عبادت اور پرستش کی جائے گی اور رحمت نازل ہوگی اس قدر کہ جوبلی کا سال جو ہر سو سال بعد آتا ہے وہ اس رسول موعود کے طفیل ہر سال اور ہر جگہ منایا جائے گا[۷]

Marfat.com

اللہ اللہ! جو بلی کا جشن جو ہر سو سال بعد منایا جاتا تھا، یہ جشن تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں اور ان کی آمد آمد کی خوشی میں ہر سال اور ہر جگہ منایا جائے گا ــــــ اللہ کے رسول کی پیش گوئی تھی، اس کو پورا ہونا تھا، یہ پوری ہو کر رہی

ولادت باسعادت کے ساتویں روز حضرت عبدالمطلب نے آپ کی آمد آمد کی خوشی میں عقیقہ کیا تھا ــــــ لیکن ذرا توجہ فرمائیں اور غور سے سنیں ــــــ جب سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے رسالت و نبوت کا اعلان فرمایا تو پھر آپ نے عقیقے کی تجدید فرمائی اور دوبارہ عقیقہ کیا ۸ ــــــ یہ ایک اشارہ تھا ــــــ آیۂ کریمہ میں خوشی منانے کا حکم دیا گیا تھا، آپ نے اپنی ولادت کی خوشی منا کر اس جشن کا آغاز فرمایا جس کی خوشخبری صدیوں پہلے حضرت عیسٰی علیہ السلام سنا چکے تھے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا نسب شریف اور اپنی ولادت باسعادت کا ذکر مبارک منبر پر کھڑے ہو کر خود بیان فرمایا ۹ ــــــ اپنی ولادت کے ساتھ ساتھ دوسرے انبیاء و رسل کا بھی ذکر فرمایا ۱۰ ــــــ بعض صحابہ کو آپ نے خود حکم دیا اور انھوں نے منظوم ارشاد میں آپ کے فضائل و شمائل بیان فرمائے ۱۱ ــــــ شعراء آپ کی بارگاہ میں نعت اور نعتیہ قصائد پیش کرتے، آپ انہیں انعام و اکرام سے نوازتے، دعاؤں سے سرفراز فرماتے، خوش ہوتے ۱۲ ــــــ حضرت سواد بن قارب رضی اللہ عنہ مشرف بہ اسلام ہوئے تو بارگاہ رسالت میں نعتیہ قصیدہ پیش کیا، سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم مسکرائے، موتیوں کی طرح دندان مبارک نظر آنے لگے ۱۳ ــــــ قوم جنات میں سے ایک صحابی عمر رضی اللہ عنہ نے قصیدہ جنیہ پیش کیا ۱۴ ــــــ اور نوا ورقہ بن نوفل اور آپ کے چچا حضرت ابو طالب نے بھی آپ کی شان اقدس میں قصائد کہے ــــــ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالے عنہا فرماتی ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ

Marfat.com

عنہ کے لئے منبر رکھتے، چادر مبارک بچھاتے اور پھر حسان بن ثابت اس پر کھڑے ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے محامد و فضائل بیان فرماتے، آپ کی مدافعت کرتے اور مفاخرت فرماتے ـــــ اور سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے "اے حسان! رسول اللہ کی طرف سے جواب دو ـــــ اے اللہ! روح القدس کے ذریعے حسان کی مدد فرما"! [15] ـــــ سنہ ۹ھ / سنہ ۶۳۰ء میں غزوۂ تبوک سے جب تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کیا، اجازت ہو تو آپ کی صفت وثنا بیان کروں ـــــ فرمایا کہو، اللہ تعالیٰ تمہارے منہ کو سلامت رکھے ـــــ ـــــ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اشعار پیش کئے ـــــ اشعار کیا ہیں ذکر میلاد مبارک ہے ـــــ اور میلاد کی یہ وہ محفل ہے جس میں خود سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور سماعت فرما رہے ہیں ـــــ ـــــ آپ بھی ان اشعار کا ترجمہ سماعت فرمائیں:-

(۱) آپ پہلے سایوں میں تھے اور منزل مخصوص میں تھے جہاں پتوں سے بدن ڈھانپا گیا

(۲) پھر آپ بلاد میں اترے اس وقت آپ نہ بشر تھے، نہ گوشت پوست، نہ جما ہوا خون

(۳) بلکہ وہ آب صافی جو کشتی پر سوار تھا، جب طوفان نے بت نسر کے پوجنے والوں کو ڈبویا

(۴) آپ صلب سے رحم کی طرف منتقل ہوتے رہے، یوں ایک عالم سے گزر کر دوسرے عالم میں آتے رہے

(۵) آپ آتش خلیل میں چھپے چھپے داخل ہوئے، جب اُن کی صلب میں تھے تو وہ کیوں کر جلتے؟

(۶) تا آں کہ آپ کا محافظ وہ عظیم الشان گھرانا ہوا جو بلند تھا

Marfat.com

(٧) جب آپ پیدا ہوئے، آپ کے نور سے زمین چمک اٹھی اور آفاق روشن ہو گئے۔

(٨) تو اب ہم اس ضیاء نور میں ہیں اور ہدایت کے راستوں پر چل رہے ہیں ۱۶ ____

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے بطور خاص میلاد پاک کا ذکر فرمایا اور وہ بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور! ____ یقیناً یوم ولادت باسعادت تمام دنوں میں ایک اہم دن ہے ____ ہم اپنی نادانی سے یہ سمجھتے ہیں کہ سب دن ایک جیسے ہیں لیکن سب ایام ایک جیسے نہیں ۱۷ ____ سب اقوال ایک جیسے نہیں ____ سب ادیان ایک جیسے نہیں ____ سب انسان ایک جیسے نہیں ____ سب اعمال ایک جیسے نہیں ____ سب افلاک ایک جیسے نہیں ____ سب احجار ایک جیسے نہیں ____ سب اشجار ایک جیسے نہیں، حتیٰ کہ ایک ہی درخت کے دو پتے بھی ایک جیسے نہیں تو پھر سب دن ایک جیسے کیسے ہو سکتے ہیں؟

واقعات وحادثات دنوں کو اور دنوں سے ممتاز کر دیتے ہیں ____ بلکہ ایک زمانہ کو دوسرے زمانہ سے ممتاز کر دیتے ہیں ____ یہ ایک فطری عمل ہے ____ یہ ایک فطری بات ہے ____ اسلام دین فطرت ہے اس نے فطرت کے ان تقاضوں کا پورا پورا خیال رکھا ہے ____ سنیئے سنیئے، سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کیا فرما رہے ہیں :-

مجھے نوع انسانی کے بہترین زمانہ میں مبعوث فرمایا گیا ____ زمانے پر زمانے گزرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے اس زمانہ میں رکھا گیا جس میں میں موجود ہوں ۱۸ ____

شخصیات زمانے کو متاثر کرتی ہیں، ع ایام کا مرکب نہیں، راکب ہے قلندر
سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم اپنے زمانہ پر چھا گئے اور وہ زمانہ سب زمانوں میں

Marfat.com

بہترین زمانہ قرار پایا ـــــ جن ذوات عالیہ سے زمانہ کو عزت و عظمت ملتی ہے انہیں ذوات عالیہ سے دنوں کو بھی فخر نصیب ہوتا ہے ـــــ خود حق تبارک و تعالیٰ اپنے پیارے رسول حضرت یحییٰ علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے :-

اور سلامتی ہے اُس دن جس دن پیدا ہوا ـــــ اور جس دن مرے گا ـــــ اور جس دن مردہ اٹھایا جائے گا[19] ـــــ

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی آغوش مادر میں ایک شیر خوار بچہ ہی ہیں مگر زبان فیض ترجمان سے فرما رہے ہیں :-

اور وہی سلامتی مجھ پر جس دن پیدا ہوا ـــــ اور جس دن مروں ـــــ اور جس دن زندہ اٹھایا جاؤں[20] ـــــ

ان دونوں آیات میں نہ صرف یوم ولادت کا بطور خاص ذکر کیا گیا بلکہ دو اور اہم دنوں کا ذکر کیا گیا ـــــ 'یوم وصال' اور 'یوم بعث' ـــــ حق تبارک و تعالیٰ کے نزدیک انبیاء علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ کے یہ تینوں دن اہم ہیں پھر ان کی اہمیت سے کون انکار کرسکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ جس دن کوئی فضیلت والا واقعہ پیش آیا اس دن سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم نیکی اور خیرات زیادہ فرماتے تھے ـــــ یہ آپ کی عادت شریفہ تھی ـــــ چنانچہ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہاں یہودیوں کو عاشورہ محرم کا روزہ رکھتے دیکھا ـــــ ان سے دریافت فرمایا یہ روزہ کیوں رکھتے ہو؟ ـــــ انھوں نے جواب دیا، یہ دن نہایت مقدس اور مبارک ہے ـــــ اس دن اللہ تعالیٰ نے فرعون کو غرق کیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نجات بخشی ـــــ ہم تعظیماً اس دن کا روزہ رکھتے ہیں ـــــ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ـــــ ہم موسیٰ (علیہ السلام) کا دن منانے کے تم سے زیادہ حقدار ہیں ـــــ آپ نے خود بھی روزہ رکھا اور صحابہ (رضی اللہ عنہم) کو بھی روزہ

Marfat.com

رکھنے کا حکم دیا [۲۱] ـــــ اور آپ نے ایک روزے کے بجائے دو روزے رکھے یعنی اس دن کی تعظیم و تکریم میں زیادتی فرمائی ـــــ اللہ اللہ! جب سرکار دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے یوم نجات کی اتنی خوشی منائی اور فرمایا کہ موسیٰ (علیہ السلام) کا ہم پر یہودیوں سے زیادہ حق ہے ـــــ تو ذرا غور فرمائیں کہ خود سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مسلمانوں پر کیا حق ہے؟

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے "پیر" کے متعلق پوچھا گیا، فرمایا:

اس میں میں پیدا ہوا اور اسی میں مجھ پر وحی نازل ہوئی [۲۲]

ایک روز اپنے پیارے موذن بلال حبشی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

میں دوشنبہ ہی کے دن پیدا ہوا ہوں اور دوشنبہ ہی کے دن مجھ پر وحی نازل ہوئی اور دوشنبہ ہی کے دن ہجرت کی ہے [۲۳]

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بھی فرماتے ہیں:-

آپ دوشنبہ کو پیدا ہوئے، دوشنبہ ہی کو آپ کی بعثت ہوئی، اسی دن ہجرت کی اور دوشنبہ ہی کو مدینہ منورہ میں داخل ہوئے [۲۴]

جب سرکار دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی خبر آپ کے چچا ابولہب کو اس کی کنیزہ ثُوَیبہ نے دی تو اس نے خوشی میں آکر کنیز کو اسی وقت آزاد کردیا، اللہ کو یہ عمل ایسا پسند آیا کہ ہر ہفتے یوم ولادت کو اس کے عذاب میں ذرا تخفیف ہوجایا کرتی تھی ـــــ یہ بات خواب میں اس نے اپنے بھائی حضرت عباس (رضی اللہ عنہ) کو بتائی۔ چنانچہ آپ تخفیف عذاب کا سبب بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

یہ اس وجہ سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پیر کے دن پیدا ہوئے اور ثویبہ نے ابولہب کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی خوشخبری سنائی تو ابولہب نے اس کو آزاد کردیا تھا۔ [۲۵]

Marfat.com

حقیقت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کا دن آزادی کا دن ہے، نجات کا دن ہے، عید کا دن ہے [۲۶] ــــ اسی لئے عرفار اور فقہار نے اس دن کا روزہ رکھنے کو مکروہ قرار دیا ہے ــــ چنانچہ عبداللہ محمد بن عبدالرحمن المعروف بہ خطاب مالکی (م۔ ۹۵۴ھ) نے لکھا ہے کہ شیخ زروق شرح قطبیہ میں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کے دن روزہ رکھنے کو ایسے لوگوں نے جو کہ ان کے زمانے کے قریب تھے اور تقویٰ میں بہت اونچا مقام رکھتے تھے، مکروہ قرار دیا ہے کیوں کہ وہ مسلمانوں کی عیدوں میں سے ایک عید کا دن ہے، چاہیے کہ اس روز روزہ نہ رکھیں [۲۷] ــــ

○

تبع تابعین کے سردار، امام المحدثین حضرت امام مالک بن انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ (۹۳ھ م۔ ۱۷۹ھ) جن کی ولادت باسعادت پہلی صدی ہجری میں ہوئی [۲۸] ــــ جنہوں نے ۹ سو سے زیادہ تابعین اور مشائخ و علمار سے علم دین حاصل کیا [۲۹] ــــ جنھوں نے اپنے ہاتھ سے ایک لاکھ احادیث تحریر فرمائیں ــــ جنھوں نے برسہا برس درس حدیث دیا ــــ جنہوں نے فن حدیث پر باقاعدہ سب سے پہلی کتاب لکھی ــــ جن کی زندگی کی کوئی رات ایسی نہ گزری جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ ہوئی ہو ــــ جن کی تعریف میں امام اوزاعی، حضرت سفیان بن عینیہ، امام شافعی، امام نسائی رضی اللہ تعالےٰ عنہم جیسے اکابر محدثین و فقہا رطب اللسان نظر آتے ہیں ــــ ہاں اس جلیل القدر ہستی کے حضور جب کوئی طالب حدیثِ رسول علیہ التحیۃ والتسلیم سننے آتا تو بڑا اہتمام فرماتے، محبوب کی باتیں سننا سنانا ہنسی کھیل نہیں ــــ عاشق صادق کے لئے یہ گھڑیاں بڑی مبارک گھڑیاں ہیں ــــ اللہ اللہ محبوب کی یادیں، محبوب کی باتیں! ــــ سینے سننے حریم جاناں میں حاضری کا سلیقہ سیکھیے ــــ ذرا یہ اہتمام تو ملاحظہ ہو

Marfat.com

پہلے غسل فرماتے، خوشبو لگاتے، نئے کپڑے پہنتے، طیلسان اوڑھتے اور عمامہ باندھتے، چادر سر مبارک پر رکھتے ــــ ان کے لئے ــــ ایک تخت مثل عروس بچھایا جاتا ــــ اس وقت باہر تشریف لاتے اور نہایت خضوع وخشوع سے اس پر جلوس فرماتے اور جب تک حدیث بیان فرماتے اگر سلگاتے اور اس تخت پر اسی وقت بیٹھتے تھے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرنی ہوتی ۳۱ــــ

عرض کیا گیا، آپ اتنا اہتمام کیوں فرماتے ہیں؟ فرمایا:
مجھے تعظیم رسول سے پیار ہے' میں بغیر وضو اور سکون و وقار کے حدیث بیان نہیں کرتا ۳۲ــــ

عرفاء اور اہل اللہ کو سرکار دو عالم کے اذکار سے پیار ہے' ان کے یوم ولادت اور تاریخ ولادت سے پیار ہے ــــ علامہ امام یافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ قرۃ الناظر و خلاصۃ المفاخر میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سال میں ربیع الآخر کی گیارہ تاریخ کو سرکار دو عالم کی نیاز دلوایا کرتے تھے، یہ نیاز اتنی مقبول ہوئی کہ پھر آپ ہر ماہ کی گیارھویں کو اہتمام کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز دلواتے ــــ آخر رفتہ رفتہ یہی نیاز اب خود حضرت شیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز قرار پائی، حالانکہ آپ کا وصال ایک روایت کے مطابق ۱۷ ربیع الآخر کو ہوا ہے ۱۱ ربیع الآخر کو نہیں ۳۳ــــ گیارھویں شریف حقیقت میں بارھویں شریف ہے' حضرت محی الدین غوث الاعظم عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے نو سو برس پہلے جس کا آغاز فرمایا ــــ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک خلفائے راشدین نے کیا، صحابہ نے کیا، تابعین نے کیا، تبع تابعین نے کیا، عرفاء نے کیا، صلحاء نے کیا کہ ان کا ذکر محبوب اور مقصود رب العالمین ہے ــــ اُن کا ذکر کہاں نہیں' ان کے ذکر

Marfat.com

سے آسمان و زمین گونج رہے ہیں ـــــ اُن کا ذکر اُن کے مولیٰ نے بلند کیا اور اتنا بلند کیا، اتنا بلند کیا کہ خود بلندیاں اُس بلندی کو نہیں چھو سکتیں ـــــ فرمایا:

اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا ۳۴

پھر اپنے حبیب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم سے خود دریافت فرماتے ہیں:۔

آپ جانتے ہیں کہ میں نے آپ کا ذکر کیسے بلند کیا؟

عرض کرتے ہیں:۔

اللہ بہتر جانتا ہے۔

فرمایا:۔

اس طرح بلند کیا کہ جب میرا ذکر کیا جائے، آپ کا میرے ساتھ ذکر کیا جائے ۳۵

سبحان اللہ! ؏ یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عطار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

میں نے آپ کو اپنا ذکر بنا دیا جس نے آپ کا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا ۳۶ ـــــ سبحان اللہ!

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بلندیٔ ذکر یہ ہے کہ اذان میں، تکبیر میں، تشہد میں اور منبروں پر خطبوں میں ہر جگہ آپ کا ذکر مبارک ہے ۳۷ ـــــ پھر یہ ذکر بھی خالصتاً آپ کے لئے ہے اسی لئے فرمایا "تمہارے لئے" ـــــ کہیں کسی شک کرنے والے کو یہ گمان نہ ہو کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے ذکر کی بلندی کے لئے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر بلند کیا، مقصود سرکار کا ذکر بلند کرنا نہیں ـــــ اس خیال خام کو اس طرح رد فرمایا اور صاف صاف فرما دیا کہ محبوب تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کیا گیا ہے، کوئی ہم نے اپنی خاطر تمہارا ذکر بلند نہیں کیا ـــــ

پھر بلندیٔ ذکر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اہتمام کہ خود ذکر فرمایا، فرشتوں کو حکم دیا اور ہر مسلمان پر واجب کر دیا کہ وہ آپ کا ذکر جمیل کرتا رہے،

Marfat.com

ارشاد ہوتا ہے :-

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی (غیب بتانے والے) پر اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو، بیشک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے۔ دنیا و آخرت میں اور اللہ نے ان کے لئے ذلّت کا عذاب تیار کر رکھا ہے ۳۸

اللہ اللہ! کس اہتمام سے درود و سلام واجب کیا، شان محبوبیت کو چار چاند لگ گئے ــــ ساتھ ہی ساتھ اس بدنصیب کے لئے وعید سنائی جو نہ خود درود و سلام پڑھتا ہے اور نہ دوسروں کو پڑھنے دیتا ہے اور اس طرح اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتا ہے ــــ اس محبوب رب العالمین کو یاد کرنے والوں کی بھی عجب شان ہے ــــ سچ ہے جو بلندیوں کے ساتھ چلتا ہے، بلند ہوتا جاتا ہے ــــ سبحان اللہ! ارشاد فرماتا ہے :-

وہی ہے درود بھیجتا ہے تم پر وہ اور اس کے فرشتے کہ تمہیں اندھیرں سے اُجالے کی طرف نکالے اور وہ مسلمانوں پر مہربان ہے ۳۹

اللہ اللہ! جب سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو نوازا تو ان کے غلاموں، اُن کے یاد کرنے والوں، اور ان کے عاشقوں کو بھی نواز دیا ــــ کہاں ہم اور کہاں اُس کا اور اُس کے فرشتوں کا درود و سلام!

اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوبوں سے بہت پیار ہے ــــ غور فرمائیں گے تو معلوم ہوگا کہ عبادات بھی محبوبوں کی اداؤں کی نشانیاں ہیں ــــ ارکان حج پر نظر ڈالیں تو عجب نظارہ سامنے آتا ہے ــــ طواف کعبہ ہزاراں ہزار محبوبوں کی یاد ــــ وقوف عرفات آدم و حوا (علیہما السلام) اور ابراہیم و ہاجرہ (علیہما السلام) کی یادگار ــــ سعی صفا و مروہ ہاجرہ (علیہا السلام) کی یادگار رمی جمار ابراہیم (علیہ السلام) کی یادگار[۴۱] ــــ قربانی ابراہیم و اسمٰعیل (علیہما السلام) کی یادگار[۴۲]

Marfat.com

——— اللہ اکبر! محبوبوں کی اداؤں کو عبادت بنا دیا ——

ہاں ذکر تھا محبوب کبریا صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر کا ——— اُن کا ذکر کہاں نہیں مولوی اشرف علی تھانوی نے ذکرِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دل پذیر جائزہ پیش کیا ہے ——— وہ کہتے ہیں :- ۴۳

نماز کے اندر ہر قعدے میں السلام علیک ایھا النبی موجود ہے ———
اور قعدے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشار میں دو دو ہیں اور فجر میں ایک ——— تو کل نو قعدے ہوئے ——— اور سنن مؤکدہ اور وتر میں لیجئے ——— ظہر میں، مغرب میں ایک، عشار میں تین اور صبح میں ایک ——— تو کل سترہ قعدے ہوئے ——— پس یہ سترہ مرتبہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ذکر ہوا ——— پھر پانچواں وقت فرائض و سنن و وتر کے قعدۂ اخیرہ میں ——— کل گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھا جاتا ہے ——— پس سترہ اور گیارہ کل اٹھائیس بار تو لامحالہ ہر مسلمان کو آپ کا ذکر مبارک کرنا روزانہ ایسا ضروری ہے کہ اس سے کسی طرح مفر ہی نہیں۔

پھر پانچوں وقت اذان و تکبیر ہوتی ہے، اس میں اشہد ان محمدا الرسول اللہ موجود ہے جس کو موذن اور سننے والا دونوں کہتے ہیں ——— پھر ہر نماز کے بعد دعا بھی سب ہی مانگتے ہیں ——— اور دعا کے آداب میں سے کر دیا گیا ہے کہ اس کے اول آخر درود شریف ہو ——— غرض اس حساب سے اٹھائیس سے بھی زیادہ تعداد حضور کے ذکر شریف کی ہوگی۔

اور یہ تو وہ مواقع ہیں کہ ان میں پڑھے بے پڑھے سب شامل ہیں۔ اور جو طالب علم حدیث پڑھتے ہیں وہ تو ہر وقت حضور ہی کے ذکر میں رہتے ہیں ——— اس لئے کہ ہر حدیث کے شروع میں آپ کے نام مبارک

Marfat.com

کے ساتھ درود شریف موجود ہے ـــــ اور درمیان میں بھی جہاں کہیں بھی حضور کا اسم مبارک آیا ہے وہاں بھی درود شریف موجود ہے ـــــ گویا حضور کے ذکر کو ایسا گوندھ دیا ہے کہ بغیر ذکر کے مسلمان کو چارہ نہیں [۴۴]

خود قرآن حکیم بھی بقول حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا ذکر فکر ہے [۴۵] ـــــ اس کی حفاظت کا ذمہ خود حق تبارک و تعالیٰ نے لیا اور فرمایا :-

بیشک ہم نے اتارا ہے قرآن اور بیشک ہم خود اس کے نگہبان ہیں [۴۶]

اور اس ذکر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے سننے کا ادب یہ بتایا :-

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو [۴۷]

رحم کیوں نہ ہو کہ اس میں رحمۃ للعالمین کا ذکر و فکر ہے ـــــ اس کی حفاظت، ذکر مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حفاظت ہے ـــــ فضاؤں میں اس کی گونج، ذکر مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی گونج ہے ـــــ اللہ اللہ! ذکر مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی رفعت و بلندی اور حفاظت و صیانت کا کیا اہتمام فرمایا ہے ـــــ! اللہ اکبر!

یہی نہیں بلکہ اس محبوبِ دوجہاں (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام نامی کے جلوے، آسمان و زمین اور بحر و بر ہر جگہ نظر آتے رہتے ہیں اور بھولنے والے انسانوں کو اس کی یاد دلاتے رہتے ہیں ـــــ

(۱) ایک صحابی یا تابعی کلیب بن وائل رضی اللہ عنہ ہندوستان تشریف لائے اور یہاں انھوں نے ایک ایسا درخت دیکھا جس کے سرخ رنگ کے پھول پر سفید حروف میں "محمد رسول اللہ" لکھا ہوا تھا ـــــ تاریخ نے اس مشاہدے کو ریکارڈ کیا ہے [۴۸]

Marfat.com

(۲) ۱۹۲۷ء میں جبل پور اور ہندوستان کے مختلف شہروں میں آسمان پر نورانی قلم سے "محمد" لکھا ہوا ایک عالم نے دیکھا۔ اس دل ربا منظر کی خبریں معاصر اخباروں میں شائع ہوئیں [۴۹]

(۳) ۱۹۲۱ء میں ٹنڈو سائیں داد (سندھ، پاکستان) میں پیلو کے پتوں پر نام "محمد" لکھا ہوا دیکھا اور دیکھنے والوں میں عارف کامل، فاضل اجل خواجہ محمد حسن جان سرہندی علیہ الرحمہ بھی تھے۔ یہ پتے راجستھان (بھارت) گئے جہاں ایک اور عارف کامل شاہ رکن الدین الوری علیہ الرحمہ نے اس کی زیارت کرائی [۵۰]

(۴) ۱۹۳۰ء سے قبل نئی دہلی میں تعمیراتی مقصد کے لئے جب سنگ مرمر کو تراشا گیا تو اس پر قلم قدرت سے نام نامی "محمد" لکھا ہوا دیکھا گیا، یہ پتھر عام زیارت کے لئے عجائب خانے میں رکھوا دیا گیا [۵۱]

(۵) ۵۹۷ھ میں خراسان کے ایک پہاڑ پر نام نامی "محمد" ایک گز لمبے پتھر پر جگمگا رہا تھا [۵۲]

(۶) خود راقم کے والد ماجد مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کے کتب خانے میں دو ایسے پتھر محفوظ تھے جس پر قلم قدرت سے نام نامی "محمد" لکھا ہوا تھا۔ راقم نے بھی بارہا زیارت کی [۵۳]

(۷) بعض سواحل پر ایسی مچھلی دیکھی گئی جس کے ایک پہلو پر لا الٰہ الا اللہ اور دوسرے پہلو پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا ——— یہ مچھلی مسالہ لگا کر لندن کے عجائب خانے میں رکھدی گئی تھی [۵۴]

اور تو اور ۱۰۰۰ھ میں ہندوستان میں ایک محیر العقول واقعہ پیش آیا، واقعہ تاریخی ہے اور شیخ فرید بھکری مورخ نے لکھا ہے کہ راوی مرزا محمد سعید جس نے یہ واقعہ آنکھوں سے دیکھا ایسا سچا ہے کہ اس کی صداقت پر شک کرنا بھی گناہ سمجھتا ہوں۔ اگر ایسا ہے تو پھر اس واقعہ میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں ——— یہ واقعہ

Marfat.com

کیا ہے، ہزار برس گزر جانے کے بعد سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی یاد اس طرح تازہ کی گئی کہ دنیا والے اس طرف دیکھنے لگیں اور ایک ایک کا منہ تکنے لگیں۔

واقعہ یہ ہے کہ گورنر لاہور قلیچ محمد خاں کی جونپور کے علاقے میں ایک زمین تھی ——— جب مکان تعمیر کرنے کے لئے اس کو کھودا گیا تو اچانک ایک کلس نکلتا نظر آیا ——— اور کھودا گیا تو ایک گنبد نظر آیا ——— اور کھودا گیا تو پورا گنبد نکل آیا ——— کھودتے کھودتے ایک ہفتہ گزر گیا، دن رات کھدائی ہوتی گئی ——— یہاں تک کہ گنبد کا دروازہ بھی نکل آیا ——— دروازہ کا قفل ایک من وزنی ——— توڑا گیا، دروازہ کھولا گیا ——— کیا دیکھتے ہیں کہ ایک دھان پان سا آدمی، ہڈیوں کی مالا، آلتی پالتی بیٹھے مراقب ہے ——— سر جھکائے ہے ——— غل شور کی آواز سن کر سر اٹھایا اور ہندی زبان میں کچھ سوالات کئے۔

آخری سوال یہ کیا :۔

کیا خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم عرب میں ظاہر ہوگئے ؟

جواب دیا گیا :۔

ہزار سال ہوئے آپ تشریف لائے اور پردہ فرما گئے ۵۵

پھر اس نے کہا مجھے نکالو ——— نکالا گیا، باہر خیموں میں رکھا گیا، وہ مسلمانوں کی طرح نماز پڑھتا رہا، چھ ماہ بعد اس نے انتقال کیا ——— یہ شخص کون تھا؟ ——— کب سے یہاں سر جھکائے بیٹھا تھا ——— ؟ سوالات سے تو یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ہزاروں برس سے اس خلوت خانے میں محفوظ تھا ——— اس کو معلوم تھا کہ وہ کب نکالا جائے گا ——— جب وقت آیا وہ نکال لیا گیا اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی سارے عالم میں روشن کر گیا اور یہ بتا گیا کہ سماء و سمک و در بحر و بر اُن کے ذکر سے خالی نہیں ——— اُن کا آنا ایک حقیقت تھا ——— وہ حقیقت عالم آشکار ہوئی تو سب نے دیکھا ———

Marfat.com

پھر جب اسلام نے سندھ میں قدم رکھا تو جاننے والوں کو معلوم تھا کہ وہ آنے والا آگیا ـــــــ سندھ کے راجہ داہر کا دادا سیلا یج، برہمن آباد کے ایک مندر میں پجاری تھا، ویدوں، اپنشدوں، پُراتوں کی پیش گوئیوں کا اُسے علم تھا ـــــــ داہر کا باپ چچ بھی اچھی طرح جانتا تھا ـــــــ داہر کا بیٹا جے سنگھ بھی جانتا تھا اسی لئے جب خلیفۂ اسلام حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے دعوت اسلام پیش کی تو جے سنگھ مشرف باسلام ہو گیا [56] ـــــــ اور تو اور جب دیبل کا محاصرہ کیا گیا تو سات روز بعد ایک برہمن خفیہ طور پر اسلامی لشکر میں آیا، محمد بن قاسم سے ملا اور کہا:

مجھ کو اپنی کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلا ہے یہ ملک اسلام کے زیر دست ہوگا۔ یہ وہی وقت ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس ملک کو فتح کرنے والا تو ہے اس لئے میں تیری رہنمائی کے لئے آیا ہوں [57]

بات سے بات نکلتی چلی جاتی ہے ذکر تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اذکار کا، ان کی تجلیات کا، ان کے نام نامی کی جلوہ ریزیوں کا ـــــــ خدا کی شان دیکھئے ان کی تعریف و توصیف، صنف ادب میں 'نعت' قرار پائی اور نعتیہ قصائد اور نعتوں کا ایک سیلاب امنڈ پڑا ـــــــ نعتیہ شاعری پر ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں ملنے لگیں [58] ـــــــ عربی، فارسی، اردو اور پاک و ہند کی مقامی زبانوں میں ہزاروں نعتیں اور نعتیہ قصائد ملتے ہیں مگر چین بھی پیچھے نہ رہا ـــــــ خاندان مینگ کے بادشاہ ٹائی چو کی نعت "صد حرف" چھ سو برس قبل ایک کتبہ پر کندہ کی گئی تھی [59] ـــــــ اور نہ معلوم عاشقان خستہ جگر اور عندلیبان سوختہ دل نے تاجدار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کیا کیا کہا ہوگا ـــــــ عرض یہ کرنا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ نے جب یہ فرمایا کہ ہم نے "تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا" ـــــــ تو وہ ذکر بلند ہوتا گیا حتیٰ کہ یہ خدمت ادب کی ایک صنف کو سونپ دی گئی [60] ـــــــ اور شاعر کیا ناثر کیا سب اس کے زمزمہ خواں ہو گئے ـــــــ سبحان اللہ! نعتیہ شاعری کا وجود میں آنا سرکار دو عالم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اعجاز ہے۔

ہاں اُن کا ذکر بار بار کیوں کیا جا رہا ہے ــــــ اُن کی یاد بار بار کیوں دلائی جا رہی ہے ــــــ اُن کا اعلان بار بار کیوں کیا جا رہا ہے ــــــ اُن کا نام نامی بار بار کیوں لکھا جا رہا ہے ــــــ اُن کے گیت بار بار کیوں گائے جا رہے ہیں ــــــ اُن کے نغمے بار بار کیوں الاپے جا رہے ہیں ــــــ ہاں اس لئے کہ دل محبت مصطفےٰ سے جلنے لگیں ــــــ ہاں اس لئے کہ سینے عشق مصطفےٰ سے بھکنے لگیں ــــــ اُن کو محض عام بشر بنا کر نہیں[61] محبوب بنا کر بھیجا گیا ــــــ ارض و سماوات سے اُن کی محبت اور اُن کی تعظیم و توقیر کا مطالبہ کیا گیا[62] ــــــ اُن پر مر مٹنے کا حکم دیا گیا ــــــ نہ معلوم ہم کس دنیا میں کھوئے ہوئے ہیں ــــــ ہمیں کچھ نہیں معلوم ــــــ ہمیں معلوم ہونا چاہیئے ــــــ دل و دماغ کو خس و خاشاک سے پاک ہونا چاہیئے ــــــ دیوانگی و جنوں سے عقل بے مایہ کو شرمانا چاہیئے ــــــ سنئے سنئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کیا فرما رہے ہیں :-

وہ سب کو محبوب ہوگا اور سب بنی آدم اس کو محبوب ہونگے[63]

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ مصر سے آرہے ہیں، عیسائی راہب سے ملاقات ہوئی۔ اس نے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی محبوبیت کی یہ شان بتائی :-

اُن کے اصحاب اُن کے ادنیٰ اشارے پر جان فدا کرنے کے لئے تیار ہوں گے ــــــ اُن کو اپنی اولاد، ماں باپ اور بھائیوں سے بھی زیادہ عزیز سمجھیں گے[64]

ہاں سنئے سنئے قرآن کیا کہہ رہا ہے ــــــ یہ کیسی آواز آرہی ہے :-

تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری

Marfat.com

عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کے مکان ـــــ یہ سب چیزیں اللہ، اُس کے رسول اور اُس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں، راہ دیکھو کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا [۶۵] ـــــ

اللہ اللہ! ـــــ ایک ایک کر کے وہ سب چیزیں گنا دیں، ـــــ دنیا میں آنے والے ہر انسان کا دل جن میں الجھتا ہے ـــــ ایک ایک چیز اپنی طرف کھینچتی ہے ـــــ ایک ایک چیز دل لبھاتی ہے ـــــ مگر ارشاد ہو رہا ہے کہ اگر اللہ اور اس کے رسول کی غلامی منظور ہے تو یہ سب چیزیں چھوڑنی ہونگی سب چیزوں سے دل ہٹانا ہوگا ـــــ جان کی بازی لگانی ہوگی ـــــ محبت ہنسی کھیل نہیں ـــــ سب کچھ لٹانا ہوگا ـــــ اگر یہ منظور نہیں تو تم سرکش ہو، تم باغی ہو ـــــ اللہ کے عذاب کا انتظار کرو، ـــــ

اور سنیئے۔ تاجدار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم خود کیا فرما رہے ہیں :۔

اس وقت تک کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے تمام اہل و عیال، مال و دولت اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں [۶۶] ـــــ

اور دیکھئے کیا فرما رہے ہیں :۔

کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی اولاد، ماں باپ اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں [۶۷] ـــــ

حقیقت میں "محبت و عشق" نام ہے "چبھن" کا ـــــ جب محبوب کا ذکر ہو تو دل جلنے لگے اور سینہ پھکنے لگے ـــــ اور جب اس کی جناب میں کوئی زبان درازی کرے تو خون کھولنے لگے ـــــ دماغ پھٹنے لگے [۶۸] ـــــ سنیئے

Marfat.com

سنیے وہ کیا فرما رہے ہیں :-

تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ دیکھنے والا یہ نہ کہنے لگے کہ یہ تو دیوانہ ہے ۶۹ —— ہاں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیوانہ۔

آئیے ذرا چند دیوانوں کو دیکھیں :-

(۱) حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ میں سواری پر سوار نہ ہوتے پا پیادہ چلتے، فرماتے مجھے شرم آتی ہے کہ جس زمین پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ فرما ہوں اس کو جانور کے سُموں سے روندوں!

(۲) سلمی بن احمد فضلویہ زاہد غازی رضی اللہ عنہ نے جب سنا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک میں کمان لی تھی تو انھوں نے کمان کو بے وضو کبھی ہاتھ نہ لگایا۔

(۳) بعض صالحین چالیس چالیس برس مقیم رہے مگر کبھی حرم محترم میں حاجاتِ ضروریہ سے فارغ نہ ہوئے۔

(۴) بعض صلحاء مدینہ طیبہ حاضر ہوئے، روضۂ رسول کی دور سے ہی زیارت کرکے واپس ہوگئے —— پوچھا حاضر کیوں نہ ہوئے؟

فرمایا مجھ جیسا گنہگار اس لائق کہاں کہ اس بارگاہ بے کس پناہ میں حاضر ہو۔

(۵) سردار ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے نماز کے قعدے کے علاوہ کبھی نہ بیٹھے، برابر کھڑے رہے ۷۰

(۶) حال ہی میں ۲۲ دسمبر ۱۹۸۲ء کو سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے عالم عارف مولانا ابوالسعد سالم رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا انھوں نے وصیت فرمائی، "خاک روضۂ اقدس جناب رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر بعد از موت خود من در چشمہا قدرے خاک پاک انداختہ شود، زہے قسمت"! ۷۱


(ترجمہ) اگر میرے مرنے کے بعد روضۂ اقدس جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کی خاکِ پاک میری آنکھوں میں ڈال دی جائے تو زہے قسمت !

اللہ اللہ! آرزو کرنے والے خاک پاک درِ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آرزو کر رہے ہیں ــــــ ہاں یہ کیسی تمنا ہے، یہ کیسی آرزو ہے! ــــــ یہ کیسی دیوانگی ہے، یہ کیسا جنون ہے! ــــــ آپ نے محبت کرنے والوں کی محبت دیکھی، ــــــ آپ نے ادب کرنے والوں کا ادب دیکھا ــــــ آپ نے عشق کرنے والوں کا عشق دیکھا! ــــــ محبت کرنے والوں کی کیا بات! ــــــ عشق کرنے والوں کی کیا شان! ــــــ سنئے سنئے ایک عاشق رسول کیا کہہ رہا ہے :-

خاور دمد از شبم باین تیرہ شبی
کوثر چکد از لبم باین تشنہ لبی
اے دوست ادب کہ در حریم دل ماست
شاہنشاہِ کونین رسولِ عربی ؐ





Marfat.com

# جشنِ ولادت

## ابتداء و انتہا

Marfat.com



مسجدِ نبویؐ کا ایک فضائی منظر

Marfat.com

# ۴

اس کائناتِ رنگ و بو کا یہ ضابطہ اور قاعدہ ہے کہ جو وجود میں آتا ہے، رفتہ رفتہ وجود میں آتا ہے پھر آہستہ بڑھتا ہے اور پھلتا پھولتا ہے ــــــ انجیل میں بڑے دلکش انداز میں اس حقیقت کو سمجھایا گیا ہے، سنیئے :-

آسمان کی بادشاہت رائی کے دانے کی مانند ہے ــــــ جیسے ایک شخص نے اپنے کھیت میں بویا، وہ سب بیجوں میں چھوٹا ہے، پر جب اُگتا ہے تو سب ترکاریوں سے بڑا ہوتا ہے اور ایسا پیڑ ہوتا ہے کہ ہوا کی چڑیاں آکر اس کی ڈالیوں میں بسیرا کریں ! ؎

عادت الٰہی یہی ہے ــــــ ہر شئے ابتداء سے انتہا تک مختلف مرحلوں سے گزرتی ہے ــــــ مختلف منزلوں کو عبور کرتی ہے ــــــ حتیٰ کہ جذبات انسانی کا بھی یہی حال ہے ؎

گاہ بحیلہ می بُرد گاہ بزور می کشد
عشق کی ابتداء عجب عشق کی اِنتہا عجب

خود حضرت انسان ہی کو لیجئے ــــــ کہاں سے چلتے ہیں اور کہاں جا پہنچتے ہیں ! ــــــ قطرے سے خون بستہ ــــــ پھر خون بستہ کا ہڈیاں بننا ــــــ ہڈیوں پر بوٹیاں چڑھنا ــــــ اس کے بعد ہڈیوں اور بوٹیوں کا صورت و شکل اختیار کرنا ــــــ پھر بن سنور کر عالم آب و گل میں جلوہ گر ہونا ؎۲ اور نئی نئی منزلیں طے کرنا ــــــ شیر خوارگی و طفلی ــــــ پھر لڑکپن ــــــ پھر بلوغ کی طرف قدم ــــــ پھر جوانِ رعنا بن کر قطرے سے دریا ہو جانا اور بحر و بر پر چھا جانا ــــــ کشمکش حیات میں شریک ہو کر وہ وہ گل کھلانا کہ چمن عالم بھی انگشت بدنداں رہ جائے ــــــ

اور ایک بیج کو دیکھئے ــــــ ننھا سا بیج کیا کیا گُل کھلاتا ہے ــــــ

Marfat.com

ـــــ کس طرح بڑھتا اور پروان چڑھتا ہے پہچانا نہیں جاتا ـــــ سینۂ گیتی کو چیرتا ہے ـــــ سر اٹھاتا ہے، فضائے بسیط کی ہوا کھاتا ہے ـــــ بڑھتا ہے اور دھیرے دھیرے درخت بنجاتا ہے ـــــ پتے نکلتے ہیں ـــــ پھول آتے ہیں پھل آتے ہیں ـــــ یہ ساری بہاریں ایک ننھے سے بیج کی ہیں ـــــ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا ـــــ پھر یہی نہیں وہ درخت ہزاروں' لاکھوں بیجوں کو جنم دیتا ہے اور وہ بیج ہزاروں لاکھوں درختوں کو ـــــ یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے اور نہ تھمنے والا سیلاب امنڈتا رہتا ہے ـــــ مگر لاحقین کا سابقین سے تعلق ہے اور ان سب کا اُس ایک بیج سے گہرا رشتہ ہے جس کے یہ سب شگوفے ہیں۔

کوئی ایسا معقول انسان نظر نہیں آتا جو پھلتے پھولتے درخت کو دیکھ کر یہ کہے :-

یہ کنچھیاں جو اب پھوٹیں، جب کہاں تھیں ؟ ـــــ یہ پتیاں، جو اب نکلیں، پہلے کیوں پنہاں تھیں ؟ ـــــ یہ پتلی پتلی ڈالیاں جو اب جھومتی ہیں، نو پیدا ہیں ـــــ یہ ننھی کلیاں جو اب مہکتی ہیں، تازہ جلوہ نما ہیں ـــــ اگر ان میں کوئی خوبی پاتے تو اگلے کیوں چھوڑ جاتے ؟ ـــــ تو اس کی حماقت پر اس الٰہی باغ کا ایک ایک پھول قہقہہ لگائے گا[۳] ـــــ

تحریر کو لیجئے ـــــ بات تصویروں سے چلی تھی ـــــ تصویروں نے رفتہ رفتہ حروف کا روپ دھارا[۴] ـــــ حروف سے الفاظ بنے ـــــ الفاظ سے جملے بنے اور جملوں سے عبارتیں بنیں ـــــ پھر عبارتوں سے مضامین بنے، مقالات بنے اور کتابیں بنیں ـــــ اور کتابوں سے کتب خانے بھر گئے ـــــ پھر علم و دانش کا وہ سیلاب امنڈا کہ دنیا دیکھ دیکھ کر حیران ہوئی جاتی ہے' صدیاں بیتیں جو یہ بہاریں آئیں ـــــ اور آرہی ہیں ـــــ

اور قرآن کو دیکھئے ـــــ آیت آیت اترا[۵] ـــــ بوند بوند برسا ـــــ

Marfat.com

منتشر ورقوں پر لکھا گیا ـــــ ایک ایک ورق الگ الگ ـــــ پھر ورق ورق جمع ہونے لگے، کتاب بننے لگی ـــــ ہاں کتاب بن گئی [6] ـــــ اب نقلیں تیار ہونے لگیں ـــــ پھر وہ نقلیں پھیلنے لگیں ـــــ اور دیکھتے ہی دیکھتے جو بوند بوند اترا تھا، سیلاب بن کر پھیلنے لگا ـــــ پھر خطاطوں نے، فنکاروں نے، جلد سازوں نے، قلمکاروں نے اس میں چار چاند لگائے ـــــ جب پریس ایجاد ہوا ـــــ جب نئی نئی سائنسی ایجادات ہوئیں تو یہی قرآن کہاں سے کہاں پہنچا ـــــ عقل حیران ہے ـــــ جو فرمایا تھا کہ ہم نے ذکر اتارا ـــــ ربِّ ذوالجلال کا ذکر، محمد رسول اللہ کا ذکر ـــــ اور ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے [8] ـــــ یہ فرمان سچ ہو کر رہا ـــــ عالم اسلام میں اوّل اوّل صرف قرآن تھا، کوئی کتاب نہ تھی ـــــ پھر اسی قرآن سے علوم کے دریا بہنے لگے ـــــ اور رفتہ رفتہ ایسا سماں بندھا کہ عقل حیران رہ گئی ـــــ

ایک دیدہ ور عاشق صادق نے ان بہاروں کا کیا خوب نقشہ کھینچا ہے:-

> بے خلشِ صرصر و اندیشۂ سموم اور ہی آبیاریاں ہونے لگیں، فکرِ صائب نے زمین تدقیق میں نہریں کھودیں، ذہنِ رواں نے زلالِ تحقیق کی ندیاں بہائیں، علماء اور اولیاء کی آنکھیں ان پاک مبارک نونہالوں کے لئے تھالے بنیں ـــــ خواہانِ دین و ملت کے انفاس متبرکہ نے عطر بیزیاں فرمائیں ـــــ یہاں تک کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا باغ ہرا بھرا، پھول پھلا، لہلہاتا اور اس کے بھینے پھولوں، سہانے پتوں نے چشم و کام، دماغ پر عجب احسان فرمایا ـــــ
>
> والحمد للہ ربّ العالمین [9]

نمازوں کو دیکھیں، رفتہ رفتہ انھوں نے یہ صورت اختیار کی اور عہد نبوی ہی میں شباب تک پہنچیں ـــــ پھر تراویح عہد نبوی سے چل کر عہد فاروقی میں شباب تک پہنچی ـــــ پھر اذان جمعہ عہد نبوی سے عہد عثمانی میں شباب تک

Marfat.com

پہنچی ـــــ پھر اذان کے بعد درود کا سلسلہ رواں ہوا جو کہاں سے کہاں تک پہنچا ـــــ خود درود ہی کو لیجئے ـــــ درود پڑھنے کا حکم آیا ـــــ گویا اس حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی ثنا خوانی کا حکم آیا ـــــ عرض کیا گیا ہم کو ثنا خوانی کا سلیقہ بتائیے ـــــ وہ تو اپنے غلاموں پر کرم فرماتے ہیں ـــــ درود ابراہیمی تلقین فرمایا ـــــ پھر کیا تھا اشارہ پاتے ہی عاشقوں نے دھوم مچادی اور درودوں کی ایسی برسات ہوئی کہ تھمائے نہیں تھمتی ـــــ ایک اُمّی عاشق صادق کے سینے سے جو سیلاب امنڈا درود پاک کے اتنے صیغے لکھے کہ دو ضخیم جلدیں تیار ہوگئیں [۱۰] ـــــ جس کو کچھ نہ آتا تھا جب عشق مصطفےٰ نے زبان کھولی تو وہ بولتا ہی چلا گیا ـــــ سچ ہے درود و سلام اُسی نے القا فرمائے جس نے درود و سلام پڑھنے کا حکم فرمایا ـــــ وہی رزق بانٹنے کا حکم دیتا ہے اور وہی رزق عطا فرماتا ہے ـــــ کیسا کریم، کیسا رحیم ہے اپنا ہی مال اپنے غلاموں سے لٹواتا ہے۔

ارشاد فرمایا ـــــ ہم نے تمہارے لئے تمہارے ذکر کو بلند کیا [۱۱] ـــــ مگر جب یہ کہا گیا اُن کا ذکر سارے عالم میں نہ پھیلا تھا ـــــ ہاں اذانوں اور نمازوں میں اُن کے چرچے ضرور تھے ـــــ پھر رفتہ رفتہ اُسی ضابطے کے تحت، اُسی قاعدے کے تحت ذکر مصطفےٰ کا یہ پودا تناور درخت بن کر سارے عالم پر چھا گیا ـــــ اور اس بلندی تک پہنچا کہ آج تک کوئی نہ پہنچا ـــــ جو چرچے عہد نبوی میں شروع ہوئے تھے، رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ وہ منظم ہونے لگے ـــــ وہ ایک شکل و صورت اختیار کرنے لگے ـــــ وہ ایسے حسین و جمیل ہوگئے کہ سب کا دل کھنچنے لگا ـــــ سب کا دل تڑپنے لگا ـــــ

آپ پڑھ چکے ہیں کہ سرکار دو عالم نے برسر منبر خود اپنا ذکر فرمایا اور اپنے احوال بتائے ـــــ آپ پڑھ چکے حسان بن ثابت (رضی اللہ عنہ) نے تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کی صفت و ثنا کی ـــــ آپ پڑھ چکے حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ذکر ولادت فرمایا ـــــ۔

Marfat.com

آپ پڑھ چکے ہیں ـــــ حضرت امام مالک بن انس رضی اللہ عنہ جب ذکر رسول فرماتے تو کیا کیا اہتمام فرماتے ـــــ اور آپ پڑھیں گے کہ عارف کامل فاضل اجل امام تقی الدین سبکی رضی اللہ عنہ، علماء کی مجلس میں تشریف فرما تھے ـــــ ذکر مصطفےٰ سننا تھا کہ سب کے سب سروقد کھڑے ہو گئے [۱۲] ـــــ وہ کیا کھڑے ہو گئے آج سارا عالم کھڑا ہو گیا ـــــ ہاں محفل مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ بکھرے ہوئے جلوے تھے جو رفتار زمانہ کے ساتھ ایک نقطے پر مرکوز ہونے لگے ـــــ رفتہ رفتہ سمٹنے لگے ـــــ پھر اپنے شباب کو پہنچے ـــــ رعنائیاں قدم چومنے لگیں ـــــ تجلیاں بلائیں لینے لگیں ـــــ عیدوں کی عید آرہی ہے ـــــ بہاروں کی بہار آرہی ہے ـــــ آرزوؤں کی آرزو آرہی ہے ـــــ تمناؤں کی تمنا آرہی ہے ـــــ خوشیاں مچل رہی ہیں ـــــ کہ ایام اللہ کی دھوم مچ رہی ہے [۱۳] ـــــ

◯

جب انسان خوش ہوتا ہے، خوشی منانے کو دل چاہتا ہے، شادی رچانے کو دل چاہتا ہے ـــــ یہ اُس کی فطرت ہے، یہ اس کی امنگ ہے ـــــ دیکھ دیکھ کر مسکراتا ہے ـــــ دوستوں اور یاروں سے مل مل کر پھولا نہیں سماتا ـــــ ایک ایک سے گلے ملتا ہے ـــــ مبارک باد دیتا ہے اور مبارک بادیں لیتا ہے ـــــ ہر مذہب و ملت میں اسی جذبے نے عیدوں کو جنم دیا ـــــ انسان جذبات کا ایک دریا ہے، احساسات کا ایک سمندر ہے ـــــ اس میں طوفان بھی آتا ہے، اس میں تلاطم بھی آتا ہے ـــــ خوشیوں میں خوش ہوتا ہے، غموں میں آنسو بہاتا ہے ـــــ شادی رچانا، سوگ منانا اس کی عادت ہے، اس کی فطرت ہے اور فطرت کے تقاضوں پر کوئی پابندی نہیں لگا سکتا ـــــ زندگی غموں کے سہارے سنورتی ہے اور خوشیوں کے سہارے آگے بڑھتی ہے ـــــ سچی خوشیاں زندگی کی بہاریں ہیں یہ نہ ہوں تو جنت، جہنم ہے ـــــ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کو اللہ نے ہدایت دی اور وہ ایمان لے آئے

Marfat.com

مگر طمانیت قلب کے لئے حضرت عیسٰی علیہ السلام سے عرض کیا کہ دعا فرمائیں آسمان سے پکے پکائے کھانوں کے خوانِ نعمت اتریں ـــــ خود کھائیں اور دوسروں کو کھلائیں کہ کافر ایمان لائیں ـــــ حضرت عیسٰی نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور عرض کیا:-

اے اللہ! اے رب ہمارے! ـــــ ہم پر آسمان سے خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے "عید" ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی، اور تیری طرف سے نشانی اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے[۱۴] ـــــ

دعا میں حواری بھی شریک تھے، مطلب یہ تھا کہ جس دن خوانِ نعمت آترے اس دن خوشیاں منائیں۔ اس دن کی تعظیم و تکریم کریں اور اس دن کو ہمیشہ عید بنا کر یادگار بنا دیں ـــــ اللہ اکبر! ـــــ جس دن آسمان سے خوانِ نعمت اترا جب وہ دن عید بنایا گیا تو اس دن کا کیا عالم ہوگا جس دن محبوبِ ربُ العالمین تشریف لائے! صلی اللہ علیہ وسلم ـــــ کھانا نفس کا سرور ہے اور آپ کا تشریف لانا روح کا سرور!

ایک یہودی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ "آیت کریمہ الیوم اکملت لکم دینکم الآیہ اگر ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو "عید" بنا لیتے ـــــ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ـــــ یہ آیت "عید" کے دن ہی نازل ہوئی ہے"

ـــــ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت یوم جمعہ اور یوم عرفہ کو نازل ہوئی[۱۵] ـــــ اس واقعہ سے ایک طرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی اہم اور خوشی کے دن "عید" منانا انسانی فطرت کا تقاضا ہے اور دوسری طرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فطرت کے اس تقاضے کو تسلیم فرمایا اور جواب میں فرمایا

یہ آیت "عید" کے دن ہی نازل ہوئی ہے[۱۶] ـــــ

کھانا اترا نبی پر ـــــ آیت اتری رسول پر ـــــ جب وہ دن عید منائے جا سکتے ہیں تو جس دن جانِ نعمت اتری وہ دن تو عیدوں کی عید ہے، فرمایا۔

Marfat.com

اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو [۱۷]

امام بخاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی نعمت ہیں [۱۸] یہاں اُن کے ذکر مبارک کے اشارے ہو رہے ہیں ـــــ ابتداء میں آپ پڑھ چکے کہ سارا عالم نورِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھکاری ہے ـــــ بیشک وہی اللہ کی نعمت ہیں اور نعمتوں کی اصل ـــــ امام مسلم رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث روایت فرمائی ہے :-

جو لوگ اللہ تعالےٰ کے ذکر کے لئے جمع ہوں، فرشتے اُن کا احاطہ کر لیتے ہیں [۱۹]

تو اس کے ذکر کا کیا عالم ہوگا جس کا ذکر خود اللہ تبارک و تعالےٰ فرما رہا ہے ـــــ قرآن ہی فرما رہا ہے کہ درود پڑھنے والوں پر درود و سلام پڑھے جاتے ہیں ـــــ گویا ذکرِ مصطفےٰ اتنا مرغوب و محبوب ہے کہ ذاکر بھی مذکور بن جاتا ہے، طالب بھی مطلوب بن جاتا ہے، محب بھی محبوب بن جاتا ہے، عاشق بھی معشوق بن جاتا ہے ـــــ ابن عباد نے رسائل کبریٰ میں کیا خوب فرمایا :-

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن مسلمانوں کی عیدوں میں سے ایک "عید" ہے اور تقاریب میں سے ایک تقریب ہے اور وہ چیز جو فرحت و سرور کا باعث ہو آپ کی ولادت کے دن مباح ہے مثلاً روشنی کرنا، اچھا لباس پہننا، جانوروں پر سواری کرنا ـــــ اس کا کسی نے انکار نہیں کیا [۲۰]

محفل میلاد صلی اللہ علیہ وسلم منانے والوں کو علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ دعائیں دیتے ہوئے فرماتے ہیں :-

اللہ تعالےٰ اُس شخص پر رحمتیں فرمائے جس نے ولادت کی مبارک رات کو خوشی و مسرت کی عیدیں بنا لیا تاکہ یہ میلاد مبارک کی عیدیں سخت ترین علت و مصیبت ہو جائیں اُس پر جس کے دل میں مرض و عناد ہے [۲۱]

Marfat.com

ملا علی قاری رضی اللہ علیہ ابن جوزی کا یہ قول نقل فرماتے ہیں :۔

جب نصاریٰ اپنے نبی کی پیدائش کی رات کو عید اکبر مناتے ہیں تو اہل اسلام کو ان سے زیادہ اپنے نبی کی تکریم و تعظیم کرنی چاہیئے[۲۲]۔

عرض کیا جاچکا ہے کہ عادت الٰہی یہی ہے کہ کائنات کی ہر شے اور ہر فکر و عمل رفتہ رفتہ آگے بڑھتا ہے پھر شباب تک پہنچتا ہے ــــــ کوئی چیز اچانک ابتداء سے انتہا تک نہیں پہنچ جاتی ــــــ صدیاں لگتی ہیں ــــــ سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم، خلفائے راشدین، تابعین، تبع تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور صلحاء اُمت رحمھم اللہ تعالیٰ کی سنتوں اور طریقوں کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ولادت باسعادت کی خوشیاں بھی رفتہ رفتہ سمٹ کر ایک نقطے پر آگئیں اور پھر باضابطہ اور باقاعدہ میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی محفلیں سجنے لگیں ــــــ اور ان کو سجنا تھا ــــــ ویدوں میں اشارے ہو رہے تھے، توریت میں اشارے ہو رہے تھے، انجیل میں اشارے ہو رہے تھے، اور قرآن میں صاف صاف ہدایت کی جارہی تھی، حکم دیا جارہا تھا ــــــ تو پھر شباب کی وہ گھڑی کب آئی؟ ــــــ سید سلیمان ندوی نے لکھا ہے :۔

میلاد کی مجلسوں کا رواج غالباً چوتھی صدی سے ہوا ہے[۲۳]۔

اور علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں تین صدیوں تک محفل میلاد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم ضابطہ میں نہ آئی پھر جب اس کا سلسلہ شروع ہوا تو آج تک قائم ہے، وہ لکھتے ہیں :۔

اس کے بعد سے برابر تمام ملکوں اور شہروں میں اہل اسلام عید میلاد مناتے رہے ہیں، اس رات لوگ مختلف صدقہ دیتے ہیں۔ اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے واقعات سناتے ہیں جس کے برکات ان پر ظاہر ہوتے آئے ہیں[۲۴]۔

Marfat.com

علامہ سخاوی کے بیان سے یہ تصدیق ہوگئی، محفل میلاد کا باقاعدہ سلسلہ چوتھی صدی ہجری سے شروع ہوا اور بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ذکر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا جو آغاز ہوا تھا وہ انتہا تک پہنچا، ایک ضابطہ قائم ہوگیا اور ایک مستقل صورت و شکل نکل آئی ——

علامہ ابن جوزی نے جن کا تعلق چھٹی صدی ہجری سے ہے، اپنے زمانے سے قبل کا ایک تاریخی واقعہ قلم بند کیا ہے —— وہ لکھتے ہیں کہ بغداد میں ایک شخص ہر سال میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کی محفل سجاتا تھا اور یوم ولادت باسعادت مناتا تھا —— پڑوس میں ایک یہودی رہتا تھا —— ہر سال جشن بہاراں دیکھ کر اس کی بیوی کو ٹوہ لگی، خاوند سے کہا، نہ معلوم ہمارے پڑوسی کے ہاں ہر سال کیا ہوتا ہے جو یہ جشن مناتا ہے —— خاوند نے جواب دیا :-

غالباً یہ مسلمان یہ گمان رکھتا ہے کہ اس کے نبی اس مہینے میں پیدا ہوئے ہیں، ان کی پیدائش کی خوشی میں یہ سب کچھ کرتا ہے کہ اس سے اُس کے نزدیک وہ مسرور اور خوش ہوتے ہیں ۲۵

یہودیہ بدعقیدہ تھی اُس نے انکار کیا، اُس کو یقین نہ آیا —— رات ہوگئی، یہودیہ سوگئی —— خواب میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی، اُس نے سلام کیا، آپ نے جواب دیا —— حیران ہوگئی کہ یہودیہ ہوتے ہوئے یہ کرم کیسے فرمایا! —— مگر اُس کو معلوم نہ تھا کہ اُس کی قسمت پلٹ گئی ہے، اس کا مقدر کھل گیا ہے —— اخلاق کریمانہ سے اتنی متاثر ہوئی کہ مسلمان ہوگئی —— اب معلوم ہوا کہ آپ نے ایک مسلمہ کو سلام کیا تھا، جب سلام کا جواب دیا تو وہ یہودیہ سے مسلمہ ہوچکی تھی —— علامہ ابن جوزی فرماتے ہیں :-

اُس نے خواب ہی میں عہد کرلیا تھا کہ اگر میں نے صبح کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا تمام مال و زر صدقہ کردوں گی اور آپ کی محفل میلاد منعقد کروں گی ۲۶

Marfat.com

خدا کی شان اسی رات اُس کے خاوند نے بھی خواب دیکھا اور صبح وہ بھی مسلمان اٹھا، پھر دونوں نے مل کر میلاد کی محفل سجائی ــــــ

یہ واقعات تاریخ نے ریکارڈ کئے ہیں ــــــ مگر یہ تو شہنشاہ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات ہے ــــــ شاہانِ اسلام بھی آپ کے غلامانِ غلام ہیں ــــــ جشن میلاد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے شایان شان یہی تھا کہ بادشاہ آپ کی غلامی کا حق ادا کریں اور آنے والے بادشاہوں کے لئے روشن مثالیں قائم کر دیں تاکہ وہ بھی غلامی کا دم بھرتے رہیں۔

معلومہ تاریخ کے مطابق عوامی سطح پر عمر بن ملا محمد موصلی نے باضابطہ محفلِ میلاد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم قائم کی، یہ ایک نیک اور متقی انسان تھے اور ان کا شمار علمائے امت میں ہوتا تھا[27] ــــــ پھر جب بادشاہ نے اُن کی پیروی کی اور سرکاری سطح پر جشن ولادت باسعادت منایا وہ سلطان اربل ملک معظم ابو سعید مظفر الدین تھے، جن کا شمار جلیل القدر بادشاہوں میں ہوتا ہے[28] ــــــ

ابن خلکان اربلی شافعی (م۔ ۶۸۱ھ / ۱۲۸۲ء) نے جو اس جشن مقدس کے عینی شاہد ہیں جشن کا آنکھوں دیکھا حال لکھا ہے جس سے مندرجہ ذیل تفصیلات کا علم ہوتا ہے:۔

① اس جشن میں شرکت کے لئے ہر سال قرب وجوار کے شہروں سے بکثرت لوگ آتے تھے، جن میں علماء، صلحاء، واعظین، حفاظ و شعراء سب ہی ہوتے تھے۔

② آغاز محرم سے ربیع الاوّل کے آغاز تک آنے والوں کا تانتا بندھا رہتا تھا۔

③ سلطان ایک وسیع و عریض میدان میں لکڑی کے خوبصورت قبّے اور خیمے بنواتا تھا جن میں امراء اور ارکان حکومت قیام کرتے تھے۔

④ ولادت باسعادت کی رات بکثرت جانور ذبح کراتا، قسم قسم کے کھانے پکواتا

Marfat.com

۵ ۱۲ ربیع الاوّل کی شب یعنی ولادت کی رات مغرب کے بعد قلعہ میں محلس منعقد ہوتی۔

۶ بادشاہ شمع بردار جلوس کے ساتھ محفل میں آتا۔

۷ ساری رات محفل ہوتی اور صبح کو فرش و فروش بچھتے اور محتاجوں کو کھانا کھلایا جاتا ــــــ عوام و خواص سب ہی کھاتے اور یہ سلسلہ عصر تک جاری رہتا۔ ۲۹

تاریخ مرآۃ الزماں کے مطابق اس جشن پر اس زمانے میں تین لاکھ دینار صرف کئے جاتے تھے جو آجکل کے کروڑوں روپوں کے برابر ہوں گے۔ ۳۰

اس جشن نے عالم اسلام میں سلطان اربل ابو سعید مظفر الدین کا نام روشن کر دیا، [۳۱] اُس کا شہرہ سن کر اُس وقت کے ایک جلیل القدر عالم ابو الخطاب عمر بن حسن دحیہ کلبی اندلسی بلنسی ۳۲ (م ۶۳۳ھ / ۱۲۳۲ء) نے میلاد پاک پر کتاب لکھی جو غالباً اس موضوع پر پہلی کتاب تھی، اس سے پیشتر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حالات قرآن و حدیث اور کتب تاریخ و سیر میں منتشر تھے ــــــ عالم موصوف نے سب کو جمع کیا اور اس مجموعہ کا نام:

"التنویر فی مولد السراج المنیر"

رکھا ــــــ اس کتاب کا دوسرا نام "التنویر فی مولد البشیر والنذیر" بھی ملتا ہے [۳۳]

۶۰۴ھ / ۱۲۰۷ء میں عالم مذکور سلطان اربل کے دربار میں حاضر ہوئے اور یہ کتاب پیش کی ــــــ بادشاہ بہت ہی خوش ہوا اور خوشی میں عالم موصوف کو ایک ہزار دینار یا ایک ہزار اشرفیاں بطور انعام نذر کیں ۳۴ ــــــ سبحان اللہ کیسے کیسے دل والے تھے، کیسے کیسے محبت والے تھے ــــــ سچ تو یہ ہے ــــــ دربار رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں سب کچھ لٹانا عین سعادت ہے ــــــ جب وہ سامنے ہوں تو پھر کس کے لئے بچا کے رکھیں؟

۸۸۵ھ / ۱۳۸۳ء میں شاہ مصر نے دھوم دھام سے جشن میلاد پاک منایا

Marfat.com

اُس نے ایک عظیم الشان شامیانہ بنوایا جس کے نیچے بارہ ہزار آدمی آتے تھے، بارہ ربیع الاوّل کی رات لگایا جاتا تھا باقی دنوں لپیٹ کر رکھ دیا جاتا تھا کہ وہ اسی جشن کے لئے مخصوص تھا[۳۵] علامہ ابن جزری اس جشن میں شریک ہوئے ہیں، انھوں نے جو چشم دید حالات لکھے ہیں، ان سے یہ تفصیلات ملتی ہیں:۔

(۱) محفل کی شان و شوکت دیکھ کر علامہ ابن جزری حیران رہ گئے۔

(۲) اس محفل میں دس ہزار مثقال سونا خرچ کیا گیا[۳۶]

(۳) کھانے پینے کی چیزیں، خوشبوئیں، شمعیں اتنی وافر مقدار میں تھیں کہ سبحان اللہ، ماشاء اللہ!

(۴) صرف قرآن پڑھنے والے چھوٹی عمر کے لڑکوں کے پچیس حلقے تھے[۳۷] باقی تفصیلات اپنی جگہ۔

سلطان ابو حمو موسیٰ شاہ تلمسان بھی عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم بڑی شان و شوکت سے منایا کرتے تھے جیسا کہ اُن کے زمانے اور اُن سے قبل مغرب اقصیٰ اور اندلس کے سلاطین بھی منایا کرتے تھے[۳۸] اس جشن کی تفصیل حافظ سعید ابو عبد اللہ تونسی ثم تلمسانی نے اپنی کتاب راح الارواح میں بیان کی ہے[۳۹] اس جشن کی خاص خاص باتیں یہ ہیں:۔

(۱) انواع و اقسام کے کھانے پکوائے جاتے اور خاص و عام کی دعوت ہوتی۔

(۲) اعلیٰ قسم کے قالین اور پھول دار چادریں بچھائی جاتی تھیں۔

(۳) بڑے بڑے شمع دان روشن کئے جاتے تھے۔

(۴) بڑے بڑے بخور دان جلائے جاتے، خوشبوؤں سے فضائیں مہک جاتیں۔

(۵) علمائے کرام سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت و ثنا کرتے اور فضائل و شمائل بیان کرتے[۴۰]

علامہ ابن جوزی جو پانچویں صدی ہجری ختم ہوتے ہی چھٹی صدی ہجری میں ۵۱۱ھ پیدا ہوئے، جشن ولادت باسعادت پر اُن کے زمانے میں عالم اسلام میں جو کچھ ہوتا تھا

Marfat.com

اس کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

یہ عمل ہمیشہ سے حرمین شریفین یعنی مکہ و مدینہ میں، مصر و یمن و شام تمام بلادِ عرب اور مشرق و مغرب ہر جگہ کے رہنے والے مسلمانوں میں جاری ہے اور میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کی محفلیں قائم کرتے اور لوگ جمع ہوتے ہیں ——— اور ماہ ربیع الاوّل کا چاند دیکھتے ہی

- ——— خوشیاں مناتے
- ——— غسل کرتے
- ——— عمدہ عمدہ لباس پہنتے
- ——— زیب و زینت اور آراستگی کرتے
- ——— عطر و گلاب چھڑکتے
- ——— سرمہ لگاتے۔

اور ان دنوں خوشی و مسرت کا اظہار کرتے ہیں اور جو کچھ میسر ہوتا ہے نقد جنس وغیرہ میں سے، خوب دل کھول کر لوگوں پر خرچ کرتے ہیں ——— اور میلاد مبارک کے سننے اور پڑھنے پر زیادہ تزک و احتشام کرتے ہیں ——— اور اس اظہار مسرت و خوشی کی بدولت خوب اجر و ثواب اور خیر و برکت، سلامتی و عافیت، کشادگی رزق، مال و دولت، اولاد، پوتوں نواسوں میں زیادتی ہوتی ہے [۴۱] ——— اور آباد شہروں میں امن و امان اور سلامتی اور گھروں میں سکون و قرار نبی کریم کی محفل میلاد کی برکت سے رہتا ہے [۴۲] ———

عالم اسلام میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ سماں آج سے تقریباً نو سو برس (۹۰۰) پہلے تھا ——— اللہ اللہ! محبت والے کب سے اپنی محبوب کی یاد مناتے چلے آرہے ہیں! ——— حافظ ابو الخیر سخاوی نے لکھا ہے مصر، اندلس، مغرب کے بادشاہ بڑی شان و شوکت سے جشن عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم مناتے چلے آرہے

Marfat.com

ہیں ۴۳ ـــــ اور نورالدین ابو سعید نورانی نے لکھا ہے کہ اس مبارک موقع پر اطراف و جوانب کے علماء جمع ہوتے ہیں اور یہ شان و شوکت دیکھ کر کافر و گمراہ لوگ جلتے ہیں ۴۲ ـــــ

آپ نے ملاحظہ فرمایا کچھ کم ہزار برس ہو گئے، میلاد کی محفلیں مسلسل سجتی چلی آ رہی ہیں ـــــ اور اس سے پہلے بھی چار سو برس تک سجتی رہیں ـــــ مگر تاریخ نے ایک دل آویز اور جاں نواز واقعہ ریکارڈ کیا ہے جس نے محافل میلاد میں چار چاند لگا دیئے عشق و محبت اور سوز و ساز کی ایک نئی جوت جگائی۔

سات سو برس قبل عالم اسلام کے ایک جلیل القدر عالم امام تقی الدین سبکی شافعی کے دولت کدے پر مجلس جمی تھی، علماء کا اجتماع تھا ـــــ یہاں علم و دانش اور عشق و محبت کے سوا کچھ نہ تھا ـــــ یہاں جہالت کی تاریکی نہ تھی، یہاں علم و دانش کا اجالا تھا ـــــ ہاں اس اجالے میں ایک عاشق رسول نے کسی عاشق صادق کا یہ شعر پڑھا جس کا ترجمہ ہے ـــــ

عزت و شرف والے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر جمیل سن کر
صف بہ صف یا گھٹنوں کے بل کھڑے ہو جاتے ہیں۔

نہ معلوم شاعر نے کس دل سے یہ بات کہی تھی، دلوں کے پار ہو گئی، سنتے ہی امام تقی الدین سبکی اور اس مجلس کے سارے علماء سرو قد کھڑے ہو گئے، اللہ اللہ وہ کیا کھڑے ہوئے سارا عالم کھڑا ہو گیا ـــــ عجب کیف کا عالم تھا، جس نے محبت کی ہو وہ ان رموز کو اچھی طرح جانتا ہے ؎

عاشق نہ شدی و محنت الفت نہ کشیدی
کس پیش تو غم نامۂ ہجراں چہ کشاید؟

عقل والے حیران ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے ـــــ کیا وہ زندہ ہیں جو ہم کھڑے ہو رہے ہیں ـــــ ہم تو زندوں کے لئے ہی کھڑے ہوتے ہیں اور وہ بھی جب وہ آمنے سامنے ہوتے ہیں ـــــ کیا وہ ہمارے سامنے ہیں یا ہم ان

Marfat.com

مگر نہیں ہم مُردوں کے لیے بھی کھڑے ہوتے ہیں ـــــــ کے سامنے ہیں؟ ـــــــ
آپ نے سنا ہوگا جب کوئی بڑا آدمی مرجاتا ہے تو دنیا کی اسمبلیوں اور پارلیمنٹوں میں ایک دو منٹ خاموش کھڑے ہوکر مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے ـــــــ وہ تو سامنے نہیں ہوتا، اپنی قبر میں ہوتا ہے ـــــــ اور تو اور ہم کھڑے ہوکر جھنڈے کو سلامی دیتے ہیں اور سلامی لیتے ہیں ـــــــ ہم کھڑے ہوکر قومی ترانے سنتے ہیں بلکہ ایسا بھی ہوا ہے کہ آزادی کے دن ایک وقت خاص قومی ترانہ بجا کر سارے ملک کو کھڑا کیا گیا اور سب کھڑے ہوگئے ـــــــ کسی نے چوں چرا نہ کی ـــــــ تو کھڑا ہونا دورِ جدید کے انسان کے لئے کوئی نئی بات نہیں بلکہ اب تو عادت سی ہوگئی ہے، ماتحت افسر کے سامنے کھڑا رہتا ہے حد تو یہ ہے کہ صدیوں ہم نے بیٹھ کر کھانا کھایا، اب ہم بڑے شہروں میں کھڑے ہوکر کھانا کھاتے ہیں ـــــــ پرانے وقتوں میں قیام ضرور نئی بات ہوگی مگر انھوں نے یہ دیکھا کہ نام کس کا لیا جا رہا ہے ـــــــ جس کا نام فرشتے بھی کھڑے ہوکر لیتے ہیں ہم تو پھر بھی انسان ہیں، جب امام وقت کھڑا ہوگیا تو ہم کیوں نہ کھڑے ہوں ـــــــ اور پھر دوجہاں کے سردار، ہمارے اور آپ کے آقا سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تو زندہ ہیں، بلکہ سارا عالم اُن کے طفیل زندہ ہے، آپ پڑھ چکے ان ہی کے لئے یہ زمین و آسمان سجائے گئے ـــــــ اب پھر دیکھئے اب پھر سنئے، ہاں سے

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مری چشمِ عالم سے چھپ جانے والے

وہ زندہ تھے، وہ زندہ ہیں ـــــــ سنئے سنئے حضرت عیسیٰ نبیّنا وعلیہ السلام کیا فرما رہے ہیں:۔

یقین کرو کہ میں نے اس کو دیکھا ہے اور اُس کے حضور خراج عقیدت پیش کیا ہے اسی طرح جس طرح ہر پیغمبر نے اُس کو دیکھا ـــــــ

Marfat.com

—— اور دیکھئے وقت اللہ نے اُن کو، اُس کی آمد آمد کی خبر دی ۴۵
یہی نہیں بلکہ وہ اپنے حواریوں کو بشارت دے رہے ہیں :۔

وہ تمہیں فارقلیط بخشے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گا ۴۶

اور دیکھئے حواری یحنّس سے کیا فرمارہے ہیں :۔

وہ مجھ پر اور تم پر گواہ ہے ۴۷

اب قرآن حکیم کو دیکھئے اور سنئے کہ آن کا آقا و مولیٰ ان کی شان عالی میں کیا ارشاد فرمارہا ہے :۔

(اے محبوب) ہم نے تمہیں (تمہاری امت کے اعمال پر) گواہ بنا کر بھیجا اور (مسلمانوں کو) خوشی اور (کافروں کو) ڈر سنانے والا بھیجا تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو اور صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کرو ۴۸

اور سنئے، وہ فرمارہے ہیں :۔

اور جس دن ہم ہر گروہ میں ایک گواہ انھیں میں سے اٹھائیں گے۔
کہ ان پر گواہی دے اور اے محبوب تمہیں ان سب پر شاہد بنا کر لائیں گے ۴۹

اور سنئے، کیا فرمارہا ہے :۔

تو کیسی ہوگی جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں ۵۰

مندرجہ بالا آیات کریمہ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو "شاہد" اور "گواہ" کہا گیا —— شاہد اور گواہ کے لئے ضروری ہے کہ جس واقعہ کی شہادت دے جب وہ واقعہ وقوع پذیر ہوا ہو اُس وقت وہ :۔

- زندہ بھی ہو
- موجود بھی ہو
- دیکھتا بھی ہو

Marfat.com

اگر یہ تینوں یا ان میں سے ایک بات بھی معدوم ہو تو اس کو شاہد نہیں کہا جا سکتا نہ اس کی گواہی مقبول و معتبر ہو گی ——— اس لئے یہ آیات کریمہ اس حقیقت کی شہادت دے رہی ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف زندہ ہیں بلکہ ہر آن اپنی امت کے اعمال کی نگرانی فرما رہے ہیں جبھی تو آپ کو شاہد بنایا جائے گا اور آپ کی شہادت پر فیصلہ کیا جائے گا۔ مولانا جلال الدین رومی نے کیا خوب فرمایا ہے:-

در نظر بودش مقامات العباد

زیں سبب نامش خدا شاہد نہاد ۵۱

نماز کے قعدے میں تشہد کی تلقین خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمائی ——— اس میں یہ الفاظ ملتے ہیں :-

السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ ۵۲

اے نبی! آپ پر ہر طرح کا سلام اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں!

نماز میں یہ خطاب اس وقت بھی کیا اور اب بھی کیا جاتا ہے' روزانہ نماز پڑھنے والا مسلمان بار بار اسی طرح خطاب کرتا ہے اور شاید اس کو پتہ نہیں کہ کسی عظیم ہستی کو خطاب کر رہا ہے ——— عربی گرامر کے لحاظ سے جب کسی 'موجود' اور 'حاضر' شخص کو خطاب کریں تو 'علیک' کہتے ہیں (یعنی آپ پر یا تم پر) ——— کسی غائب اور غیر موجود شخص کے لئے یہ لفظ استعمال نہیں کیا جا سکتا ——— صحابہ کرام کا یہ معمول تھا کہ جب کسی مسجد میں داخل ہوتے تو فرماتے :-

صلی اللہ تعالیٰ وملائکتہ علی محمد السلام علیک ایھا النبی ۵۳

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔

——— اے نبی! آپ پر اللہ کی رحمت اور سلام ہو۔

صحابہ کرام کو ہر دم آپ کی حیاتِ مبارکہ کا احساس تھا ——— نواب صدیق حسن خاں نے تشہد میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے کی حکمت پر اظہار خیال

Marfat.com

کرتے ہوئے کیا خوب لکھا ہے :-

چوں کہ ممکنات کی ہر شے اور موجودات کے ہر ایک ذرّے میں حقیقت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جاری و ساری ہے اس لئے تشہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کیا گیا ہے۔ پس آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نمازیوں کے وجود میں حاضر ہیں اس لئے نمازی پر واجب ہے کہ اس حقیقت سے باخبر رہے اور اس مشاہدے سے غافل نہ رہے تاکہ انوار قرب اور اسرار معرفت سے وہ روشن و سرفراز ہو، ہاں ؎

در راہِ عشق مرحلۂ قرب و بُعد نیست
می بینمت عیاں و دعا می فرستمت [۵۵]

ہم نظر سے محروم ہیں، نہیں دیکھ سکتے، مگر وہ تو ہم کو دیکھ سکتے ہیں بلکہ دیکھ رہے ہیں، سنئے سنئے، وہ خود فرما رہے ہیں :-

بیشک میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جس کو تم نہیں دیکھتے اور وہ کچھ سنتا ہوں جس کو تم نہیں سنتے [۵۶]

ایک اور حدیث میں یوں فرمایا :-

بیشک اللہ نے میرے لئے دنیا کے حجابات اٹھا دیئے ہیں تو میں دنیا اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے، سب ایسے دیکھ رہا ہوں جیسے کہ اپنی ہتیلی کو دیکھتا ہوں [۵۷]

بیشک وہ زندہ ہیں، وہ دیکھ رہے ہیں، وہ سن رہے ہیں، موجود ہیں۔ —— جبھی تو ان کے حضور آج تک بلند آواز سے بات نہیں کی جاتی کہ ان کے آقا و مولیٰ نے اُن کے غلاموں کو یہ ادب سکھایا اور ارشاد فرمایا :-

اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس نبی کی آواز سے اور اُن کے حضور بات چلّا کر نہ کرو [۵۸]

صدیاں بیت گئیں، کسی کو جرأت نہیں کہ بلند آواز سے گفتگو کرے ——

Marfat.com

یہ ادب اس محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے جو زندہ ہے اور ہمارے اعمال کا نگراں ہے۔

صاحب تفسیر روح البیان علامہ اسمٰعیل حقی فرماتے ہیں کہ آپ نے ہر اس چیز کو ملاحظہ فرمایا جو عدم سے وجود میں آئی، کوئی چیز آپ کی نظروں سے اوجھل نہ رہی ـــــ یہ وہ نعمت ہے جس میں کوئی آپ کا شریک نہیں ـــــ کوئی چیز آپ کی نظروں سے ایک لحظہ غائب نہیں ہوئی، حتیٰ کہ آدم علیہ السلام پر جو کچھ گزری آپ سب ملاحظہ فرمارہے تھے ۵۹

مولانا محمد قاسم نانوتوی نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ پر آب حیات کے نام سے مستقل ایک کتاب لکھی ہے۔ اس کا تعارف کراتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں :-

یہ تقریر اوّل مثبت حیاتِ خلاصہ موجودات علیہ علیٰ آلہ افضل الصلوٰہ والتسلیمات ہے ـــــ دوسرے اس اثبات سے اس مردہ دل کو امید زندگانی جاودانی ہے ـــــ اس رسالے کا نام آبِ حیات رکھا ہے ۶۰

اسی کتاب میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ آیاتِ کریمہ النبی اولیٰ بالمومنین الآیہ' اور اَطِیْعُوا اللہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ الآیہ اور مَا کَانَ لَکُمْ ان توذو رسول اللہ الآیہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دوام حیات پر دلالت کرتی ہیں ۶۱ ـــــ مولانا اشرف علی تھانوی نے آیۂ کریمہ لعمرک انھم لفی سکرتھم یعمھون کا ترجمہ یوں کیا ہے:-

لیعنی اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کی حیات او جان کی قسم ہے ۶۲

پھر لکھا ہے :-

اس قسم سے اللہ تعالےٰ نے آپ کی حیات شریف کی عظمت شان بیان فرمادی ہے ۶۳

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مقدسہ کی عظمت و جلالت تو اس آیہ کریمہ سے ایسی روشن و تابناک ہے کہ کسی کلام کی گنجائش ہی نہیں، یہ بار بار پڑھی

Marfat.com

جاتی ہے اور بار بار سننے کو جی چاہتا ہے ـــــ اس کی گہرائی میں جائیں گے تو کائنات کی وسعتیں سمائی ہوئی نظر آئیں گی ـــــ سنئے سنئے :۔

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے مسلمانو! تم بھی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود اور خوب سلام بھیجا کرو [٦٤]

اللہ اکبر! ـــــ اللہ بھی درود بھیج رہا ہے اور فرشتے بھی درود بھیج رہے ہیں ـــــ کس کیفیت وحالت میں بھیج رہا ہے، کچھ نہیں معلوم ـــــ وہ تو ہر دن ایک نئی شان میں ہے کل یوم ھو فی شان [٦٥] ـــــ عرش پر جلوہ گر [٦٦] ـــــ الرحمٰن علی العرش استویٰ ـــــ مگر اس کے فرشتے صف بہ صف کھڑے ہیں، درود پڑھ رہے ہیں ـــــ اور رب ذوالجلال اُن کی قسم کھا رہا ہے، سبحان اللہ!

والصّٰفّٰت صفًّا [٦٧]

اُن صف بستہ فرشتوں کی قسم

عرش اٹھانے والے فرشتے بھی کھڑے ہیں :۔

وہ جو عرش اٹھاتے ہیں اور جو اس کے گرد ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بولتے [٦٨]

وہ تو قیامت کے دن بھی کھڑے ہوں گے :۔

(الف) جس دن جبرئیل کھڑا ہوگا اور سب فرشتے پرا باندھے (کھڑے ہوں گے) کوئی نہ بول سکے گا مگر جسے رحمٰن نے اذن دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی [٦٩]

(ب) اور تم فرشتوں کو دیکھو گے عرش کے آس پاس حلقہ کئے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بولتے [٧٠]

اللہ اکبر! اللہ اکبر! یہ فرشتے، یہ فرشتے کہیں صف بہ صف کھڑے ہیں، کہیں عرش اٹھائے کھڑے ہیں، کہیں پرا باندھے کھڑے ہیں، کہیں عرش کے آس پاس حلقہ کئے کھڑے ہیں ـــــ انہیں فرشتوں کے لئے تو خالق عالم فرما رہا ہے :۔

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں [٧١]

Marfat.com

ہاں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تھے، صحابہ اس وقت تک کھڑے رہتے تھے جب تک آپ حجرہ شریف میں داخل نہ ہو جاتے[۷۲]

اب آپ امام تقی الدین کی کی مجلس میں آئیے ـــــ کون امام تقی الدین؟ ـــــ مجتہد و محدثِ وقت ـــــ جن کو مولانا عبدالحق مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے ان القاب سے یاد فرمایا ہے:۔

عالم الائمہ و مقتدی الائمہ دیناً و ورعاً[۷۳]

ہاں امت کے اس امام، اور اماموں کے اس پیشوا کے حضور علماء وقت جمع ہیں ـــــ امام تقی الدین کے صاحبزادے شیخ الاسلام ابو نصر عبدالوہاب ابن ابی الحسن تقی الدین سبکی، طبقات کبریٰ میں لکھتے ہیں کہ علماء کی اس مجلس میں کسی نے امام صرصری کے اشعار پڑھے ـــــ وہ امام صرصری جن کے متعلق علامہ محمد بن یوسف صالحی شامی نے سبل الھدیٰ والرشاد میں حسان وقت اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عاشق صادق لکھا ہے ـــــ ہاں انھوں نے جب یہ شعر پڑھا:۔

وان تنھض الاشراف عند سماعہ

قیاما صفوفا او جثیا علی الرکب[۷۴]

(ترجمہ) بیشک عزت و شرف والے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر جمیل سن کر صف بہ صف کھڑے ہو جاتے ہیں یا گھٹنوں کے بل دو زانو ہو جاتے ہیں.

ـــــ یہ شعر سننا تھا عجب کیف کا عالم طاری ہو گیا ـــــ پوری محفل جھوم گئی ـــــ امام سبکی اچانک کھڑے ہو گئے، وہ کیا کھڑے ہوئے سارے علماء کھڑے ہو گئے ـــــ یہ کھڑے ہونے والے وہ مقدس حضرات تھے جن کے ذہنوں میں عظمت مصطفیٰ کے دیئے جل رہے تھے ـــــ جن کے دلوں میں عشق مصطفیٰ کے چراغ جل رہے تھے ـــــ جن کی نگاہوں کے سامنے محبوب رب العالمین کا سراپا تھا ـــــ ان کی نظر قرآن پر بھی تھی ـــــ اُن کی نظر حدیث پر بھی تھی ـــــ سب عالم و فاضل تھے، کوئی عامی و جاہل نہ تھا ـــــ یہ مجلس یگانہ و یکتا تھی ـــــ عاشق رسول

Marfat.com

کے نعتیہ اشعار، عاشق صادق نے سنائے اور عاشقوں نے سُنے اور سب کے سب سروقد کھڑے ہو گئے ـــــ رب العالمین کو یہ ادا ایسی پسند آئی کہ سارا عالم کھڑا ہو گیا ـــــ وہ اپنے محبوبوں کی اداؤں کو عبادت بنا دیا کرتے ہیں ـــــ یہ ایک کھلی حقیقت ہے ـــــ وہ اپنے پیاروں سے بہت پیار فرماتا ہے ـــــ امام تقی الدین سبکی شافعی (۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء تا ۷۵۶ھ/۱۳۵۵ء) آج سے سات سو برس پہلے مجلسِ علمائ کے ساتھ کیف و سرور کے عالم میں کھڑے ہوئے ـــــ کیسی مبارک ساعت تھی، بارگاہ الٰہی میں مقبول ہوئی اور سب کھڑے ہونے لگے[۷۵] ـــــ تمام علمائ اور صلحائے امت نے اس ادا کو پسند فرمایا اور پھر یہ ان کا معمول بن گیا پاک و ہند کے مشہور و معروف محدث حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء) (فن حدیث میں جن کے کمال اور علمی تبحر کا ہر مسلک فکر کے اکابر کو اعتراف ہے) کس عاجزی و انکساری، درد مندی اور دل سوزی کے ساتھ اپنے مولیٰ کے حضور التجائیں پیش کر رہے ہیں اور صلوٰۃ و سلام کے وسیلے سے اپنی بخشش و مغفرت کی دعائیں مانگ رہے ہیں ـــــ سنیئے سنیئے وہ کیا فرما رہے ہیں:۔

اے اللہ! میرا کوئی عمل ایسا نہیں جسے تیرے دربار میں پیش کرنے کے لائق سمجھوں۔ میرے تمام اعمال، فساد نیت کا شکار رہیں۔ البتہ مجھ فقیر کا ایک عمل محض تیری ہی عنایت سے اس قابل ہے ـــــ اور وہ یہ ہے کہ مجلس میلاد کے موقع پر کھڑے ہو کر سلام پڑھتا ہوں اور نہایت ہی عاجزی و انکساری، محبت و خلوص کے ساتھ تیرے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

اے اللہ! ـــ

وہ کونسا مقام ہے جہاں میلاد پاک سے بڑھ کر تیری طرف سے خیر و برکت کا نزول ہوتا ہے؟ ـــ

Marfat.com

اس لئے اے ارحم الراحمین! ـــــ مجھے پکا یقین ہے کہ میرا یہ عمل کبھی رائیگاں نہیں جائے گا بلکہ تیری بارگاہ میں قبول ہوگا اور جو کوئی دُرود وسلام پڑھے اور اس کے ذریعے سے دعا کرے وہ کبھی مسترد نہیں ہوگی؛

شیخ عبدالحق محدث دہلوی)
اخبار الاخیار، ص ۶۲۴ مطبوعہ کراچی

ـــــ سید جعفر برزنجی نے اپنے رسالے عقد الجواہر فی مولد النبی الازھر صلی اللہ علیہ وسلم) میں لکھا ہے کہ صاحب درایت و روایت اماموں نے ذکر ولادت کے وقت قیام کو مستحسن سمجھا ہے [۷۶] ـــــ سچ ہے عوام الناس کی پسند کی بات ہوتی تو اور بات تھی (حالانکہ عوام الناس کی بات کو بھی شریعت نے نظر انداز نہیں فرمایا بلکہ بعض حالات میں قانون کی شکل دی ہے ـــــ تفصیل آئندہ اوراق میں آئے گی، انشاء اللہ)

جعفر بن اسمٰعیل بن زین العابدین علوی مدنی نے رسالۂ مذکور کی شرح لکھی جس کا عنوان ہے :۔

الکوکب الازہر علی عقد الجوہر

اس میں بھی ذکر ولادت کے وقت قیام کو مستحسن قرار دیا ہے ـــــ کس کس کا نام لکھا جائے ـــــ پھر بھی چند علماء و فضلاء کے نام پیش کئے جاتے ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) حافظ ابوشامہ شیخ النووی (۲) علامہ نصیر الدین مبارک (۳) امام ظہیر الدین (۴) ابوعبدالرحمٰن بن اسمٰعیل (۵) امام صدرالدین موہوب بن عمر الجزری (۶) عبداللہ سراج حنفی محدث (۷) مفتی حنفیہ عبداللہ سراج مکی (۸) فقیہ عثمان بن حسن دمیاطی شافعی محدث (۹) ابوذرعہ عراقی (۱۰) علامہ مدالقی (۱۱) امام صرصر حنبلی،

Marfat.com

(۱۲) عبداللہ بن محمد المیرغنی الحنفی مفتی مکہ مکرمہ (۱۳) مفتی مالکیہ حسین بن ابراہیم مکی (۱۴) مفتی شافعیہ عمر بن ابی بکر مکی (۱۵) مفتی حنابلہ محمد بن یحییٰ ۷۸ (۱۶) علامہ ابو زید (۱۷) سید احمد زین احلان مکی (۱۸) مفتی حنفیہ علامہ جمال بن عبداللہ بن عمر مکی (۱۹) علامہ انباری (۲۰) شیخ صدیق بن عبدالرحمن کمال مکی (۲۱) مولانا محمد بن محمد کتبی مکی (۲۲) مولانا حسین بن ابراہیم مکی مالکی مفتی مالکیہ (۲۳) مفتی مالکیہ حسین ابراہیم مکی (۲۴) مولانا محمد بن محمد عزب شافعی (۲۵) مولانا عبدالکریم بن عبدالحکیم حنفی مدنی (۲۶) فقیہ جلیل مولانا عبدالجبار حنبلی بصری (۲۷) مولانا ابراہیم بن خیار حسینی شافعی مدنی (۲۸) مفتی حنابلہ مولانا حسن (۲۹) مفتی مالکیہ مولانا محمد شرفی (۳۰) مولانا احمد فتاح (۳۱) مولانا محمد بن سلیمان (۳۲) مولانا احمد جلس (۳۳) مولانا محمد صالح (۳۴) مولانا احمد بن عثمان (۳۵) مولانا احمد بن عجلان (۳۶) مولانا محمد صدقہ (۳۷) مولانا عبدالرحیم بن محمد زبیدی (۳۸) مولانا یحییٰ بن مکرم (۳۹) مولانا علی شامی (۴۰) مولانا علی بن عبداللہ (۴۱) مولانا محمد بن داؤد بن عبدالرحمن (۴۲) مولانا محمد بن عبداللہ (۴۳) مولانا احمد بن محمد بن خلیل (۴۴) مولانا عبدالرحمن بن علی حضرمی ۷۹ وغیرہ وغیرہ ؛ کہاں تک نام گنائے جائیں، ایک عالم نہیں۔ ایک عالَم قیام کو مستحسن سمجھتا ہے ——

علامہ مفتی محمد ضیاء الدین مدنی جن کا ۱۹۸۱ء میں ۱۰۴ برس کی عمر میں مدینہ منورہ میں وصال ہوا ہے ان کے شیخ طریقت محدث بدرالدین حسن شامی مسجد نبوی شریف میں باب رحمت پر کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام پڑھا کرتے تھے ۸۰ —— اقبال جیسے فلسفی اور سرسید جیسے عقل پرست بھی میلاد کی محفلوں میں خلوص دل سے کھڑے ہوتے تھے ۸۱ —— مولانا ممتاز علی دیوبندی نے صلوٰۃ و سلام کے وقت قیام کے بارے میں صحیح فرمایا :-

مگر جو کرتے ہیں وہ بُرا نہیں بلکہ اچھا کرتے ہیں ۸۲ ——

Marfat.com

اور ایک جگہ لکھتے ہیں :-

جب ہم پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کے آنے کا ذکر کرتے ہیں تو میں اس کے صرف یہ معنی سمجھتا ہوں کہ ہم اس وقت اس روح مطہر کے احاطۂ رویت وسماعت میں آجاتے ہیں ـــــــ پس اگر آپ کی نگاہ اور سماعت میں آگئے تو وہی آپ کی تشریف آوری ہے اور یہی آپ کی خدمت میں ہماری حاضری ہے ۸۳

ایک حدیث میں خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ـــــــ "میں ہر اس شخص کے ساتھ ہوں جو میرا ذکر کرتا ہے" ۸۴ ـــــــ سبحان اللہ! جب آپ سن رہے ہیں، جب آپ دیکھ رہے ہیں ـــــــ جب آپ ساتھ ہیں تو تقاضائے محبت کے خلاف ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے بھی نہ کھڑے ہوں ۸۵ ـــــــ اکابرین دیوبند کے شیخ طریقت حضرت حاجی شاہ محمد امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۱۰ھ / ۱۸۹۲ء) کا یہ معمول تھا کہ وہ محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کراتے اور صلوٰۃ وسلام کے وقت قیام فرماتے چنانچہ آپ فرماتے ہیں :-

اور مشرب فقیر کا یہ ہے کہ محفل مولد میں شریک ہوتا ہوں بلکہ ذریعہ برکات سمجھ کر ہر سال منعقد کراتا ہوں اور قیام میں لطف ولذت پاتا ہوں ۸۶

ایک مرتبہ آپ کھڑے ہوئے تو کیف وسرور کے عالم میں سلام ختم ہونے کے بعد کافی دیر تک کھڑے رہے۔ سچ ہے ؎

دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذت آشنائی

مندرجہ بالا تفصیلات سے معلوم ہوگیا کہ ذکر ولادت کے وقت صلوٰۃ وسلام کے لئے قیام کا سلسلہ گزشتہ سات سو برس سے جاری ہے ـــــــ صاحبِ 'انسان العیون' علامہ برہان الدین حلبی تحریر فرماتے ہیں :-

اکثر وبیشتر لوگوں کی یہ عادت جاری ہوگئی ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کی پیدائش کا ذکر سنا فوراً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے ۸۷

○

الغرض علماء اور صلحاءِ امت صدیوں سے محافل میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم منعقد کرتے اور صلوٰۃ وسلام کے لئے قیام کرتے چلے آتے ہیں ـــــ شروع ہی سے مکہ معظمہ میں آپ کی جائے ولادت کو مقدس مقام کی حیثیت حاصل ہو چکی تھی اور وہاں جشن عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم منایا جاتا تھا ـــــ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے مقالہ نگار سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے ولادت کے بارے میں لکھتے ہیں :۔ ـــــ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش تمام مسلمانوں کے لئے محترم اور متبرک مقام ہے ۔ یہ مقام ابتداء یعنی پہلی صدی ہجری میں اپنی اصلی حالت میں ایک مکان اور گھر کے طور پر برقرار رہا تھا تا آں کہ ہارون الرشید کی والدہ خیزران (م ۱۷۳ھ / ۷۸۹ء) نے اُسے ایک زیارت گاہ بنا دیا۔ لوگ عقیدت مندی وحصولِ برکات کے لئے آپ کے مولد کی زیارت بھی کرنے لگے ـــــ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس بڑھتی ہوئی عقیدت مندی کا اظہار باقاعدہ طور پر شاندار اور مناسب تعمیر کی صورت میں بھی ہو گیا۔ اب یہاں ایک کتب خانہ قائم ہے ۸۸

اور مکہ معظمہ میں جشن عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے مقالہ نگار لکھتے ہیں :۔

مکہ مکرمہ کی بابت ہمیں ابن جبیر (م ۶۱۴ھ / ۱۲۱۷ء) کے ذریعہ معلوم ہوتا ہے کہ وہاں انفرادی رسوم کے علاوہ ایک عام جشنِ سال گرہ اس دن منایا جاتا تھا۔ ابن جبیر اسے اس طرح بیان کرتا ہے کہ گویا ایک بہت دنوں سے قائم شدہ رسم ہے جو مکہ مکرمہ میں ان کے سامنے منائی گئی

Marfat.com

اس تقریب کی نمایاں خصوصیت صرف یہ ہے کہ زائرینِ مولد کی تعداد میں بہت زیادہ اضافہ ہوجاتا ہے اور وہ اس غرض کے لئے دن بھر کھُلا رہتا ہے ۸۹

ابن تیمیہ نے بھی مجالس میلاد منعقد کرنے پر محتاط خیالات کا اظہار کیا ہے، اُن کے خیالات سے مندرجہ ذیل نکات ملتے ہیں :۔

(۱) بعض لوگوں کو میلاد منعقد کرنے پر ثواب ہوتا ہے۔

(۲) محفل میلاد کی تعظیم اور سالانہ محفل میلاد کا انعقاد بعض لوگ کرتے ہیں اور اچھے ارادے اور نیک نیت سے اس محفل کو منعقد کرنے والے کے لئے حسن قصد کی بدولت اس میں اجر عظیم ہوتا ہے نیز اس میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم ہے ۹۰

مالکی اور شافعی فقہاء نے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محافل کو مستحسن، باعث اجر و ثواب و خیر و برکت قرار دیا ہے ـــــ مثلاً زین العراقی، علامہ جلال الدین سیوطی، ابن الحجر الهیتمی، علامہ سخاوی، علامہ ابن جوزی وغیرہ ـــــ مولانا رشید احمد گنگوہی کے استاد حضرت شاہ عبد الغنی محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

حق یہ ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے ذکر کرنے میں اور فاتحہ پڑھ کر آپ کی روح مبارکہ کو ثواب پہنچانے میں اور میلاد شریف کی خوشی کرنے میں ہی انسان کی کامل سعادت ہے ۹۲

محدثین و فقہاء اس حقیقت کی توثیق فرماتے ہیں کہ مجالس میلاد مبارک عالم اسلام میں ہمیشہ سے ہوتی چلی آئی ہیں۔ چنانچہ شارح بخاری علامہ قسطلانی تحریر فرماتے ہیں :۔

حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کے مہینے میں اہل اسلام ہمیشہ سے محفلیں منعقد کرتے چلے آئے ہیں اور خوشی کے ساتھ کھانے پکاتے رہے اور دعوت طعام کرتے رہے اور ان راتوں میں انواع و اقسام کی خیرات کرتے رہے اور سرور ظاہر کرتے چلے آئے ہیں اور نیک کاموں میں ہمیشہ زیادتی

Marfat.com

کرتے رہے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مولد کریم کی قرأت کا اہتمام خاص کرتے رہے ہیں جس کی برکتوں سے ان پر اللہ تعالیٰ کا فضل ظاہر ہوتا رہا ہے ........ اللہ تعالیٰ اس شخص پر بہت رحمتیں فرمائے جس نے ماہ میلاد مبارک کی ہر رات کو عید بنا لیا ۹۳

اور اس مبارک موقع پر مکہ معظمہ میں جو کچھ ہوتا تھا وہ شیخ قطب الدین الحنفی اور شیخ جمال الدین محمد بن جار اللہ بن طہیرہ رحمہما اللہ تعالیٰ کی زبانی سنئے، شیخ قطب الدین الحنفی اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

بارہ ربیع الاول کی رات ہر سال باقاعدہ مسجد حرام میں اجتماع کا اعلان ہوجاتا تھا — تمام علاقوں کے علماء، فقہاء، گورنر اور چاروں مذاہب کے قاضی، مغرب کی نماز کے بعد مسجد حرام میں اکٹھے ہوجاتے — ادائیگی نماز کے بعد سوق اللیل (بازار) سے گزرتے ہوئے مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم (وہ مکان جس میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی) کی زیارت کے لئے جاتے — ان کے ہاتھوں میں کثیر تعداد میں شمعیں، فانوس، اور مشعلیں ہوتیں (گویا وہ مشعل بردار جلوس ہوتا) وہاں لوگوں کا اتنا کثیر اجتماع ہوتا کہ جگہ نہ ملتی — پھر ایک عالم دین وہاں خطاب کرتے، تمام مسلمانوں کے لئے دعا ہوتی اور تمام لوگ پھر دوبارہ مسجد حرام میں آجاتے — واپسی پر مسجد میں بادشاہِ وقت، مسجد حرام اور ایسی محفل کے انتظام کرنے والوں کی دستار بندی کرتا — پھر عشاء کی اذان اور جماعت ہوتی، اس کے بعد لوگ اپنے گھروں کو چلے جاتے

یہ اتنا بڑا اجتماع ہوتا کہ دور دراز کے دیہاتوں، شہروں، حتیٰ کہ جدّہ کے لوگ بھی اس محفل میں شریک ہونے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پر خوشی کا اظہار کرتے تھے! (الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام، ص ۱۹۶)

Marfat.com

اورشیخ جمال الدین محمد بن جار اللہ بن طہیرہ رحمۃ اللہ اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ہر سال مکہ شریف میں ۱۲ ربیع الاول کی رات کو (اہل مکہ کا) معمول ہے کہ قاضی مکہ جو کہ شافعی ہیں، مغرب کی نماز کے بعد لوگوں کے ایک جم غفیر کے ساتھ مولد شریف کی زیارت کے لئے جاتے ہیں ـــــ ان لوگوں میں تینوں مذاہب فقہ کے ائمہ، اکثر فقہاء، فضلاء اور اہل شہر ہوتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں فانوس اور بڑی بڑی شمعیں ہوتی ہیں، وہاں جاکر مولد شریف کے موضوع پر خطبہ ہوتا ہے اور پھر بادشاہِ وقت، امیر مکہ اور قاضی شافعی (منتظم ہونے کی وجہ سے) کے لئے دعا کی جاتی ہے اور یہ اجتماع عشاء تک جاری رہتا ہے اور عشاء سے تھوڑا پہلے مسجد حرام میں آجاتے ہیں ـــــ مقام ابراہیم علیہ السلام پر اکٹھے ہوکر دوبارہ دعا کرتے ہیں، اس میں بھی تمام قاضی اور فقہاء شریک ہوتے ہیں ـــــ پھر عشاء کی نماز ادا کی جاتی ہے اور پھر الوداع ہوجاتے ہیں ـــــ

(الجامع اللطیف فی فضل مکۃ واہلہا وبنا ء البیت الشریف بحوالہ القول الفصل، مطبوعہ ریاض ۱۹۷۹ء، ص ۱۴۵-۱۴۶)

اسی قسم کی ایک مبارک محفل میں پاک و ہند کے عظیم محدث حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۷۶ھ / ۱۷۶۲ء) جو فن حدیث میں مسلک اہل سنت، مسلک اہل حدیث، مسلک دیوبند وغیرہ کے اکابرین کے امام اور استاذ الاساتذہ ہیں شریک ہوئے ہیں، وہ اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

مکہ معظمہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت باسعادت کے دن میں ایک ایسی محفل میلاد میں شریک ہوا جس میں لوگ آپ کی بارگاہِ اقدس میں ہدیۂ درود وسلام عرض کر رہے تھے اور وہ واقعات بیان کر رہے تھے جو آپ کی ولادت کے موقع پر ظاہر ہوئے اور جن کا مشاہدہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے ہوا ـــــ تو اچانک میں نے دیکھا کہ اس محفل میں انوار وتجلیات کی بارش

Marfat.com

شروع ہوگئی ___ انوار کا یہ عالم تھا کہ مجھے اس بات کا ہوش نہیں کہ میں نے ظاہری آنکھوں سے دیکھا تھا یا فقط باطنی آنکھوں سے --- بہرحال جو بھی ہو میں نے غور و خوض کیا تو مجھ پر یہ حقیقت منکشف ہوئی کہ یہ انوار ان ملائکہ کی وجہ سے ہیں جو ایسی مجالس میں شرکت پر مامور کئے گئے ہیں اور میں نے دیکھا کہ انوار ملائکہ کے ساتھ رحمت باری تعالیٰ کا نزول بھی ہو رہا ہے۔ (شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فیوض الحرمین ص ۸۰-۸۱)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی تحریر فرمایا ہے کہ اہل اسلام میلاد کے زمانے میں ہمیشہ محفلیں منعقد کرتے رہے ہیں ۹۴ ___ مندرجہ بالا تمام تاریخی حقائق و شواہد کی روشنی میں، انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار نے مجالس میلاد النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ایک مسلمہ عالمی حقیقت قرار دیا ہے، وہ لکھتے ہیں :-

مولد (میلاد) کی تقریب کو آں حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے حسن عقیدت کے اظہار کا بہترین ذریعہ عموماً تمام عالم اسلام میں تسلیم کر لیا گیا ہے ۹۰

ہندوستان کے متأخرین محدثین بھی عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محافل میں شریک ہوتے اور خود بھی مناتے رہے ہیں۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ میلاد شریف کے مبارک موقعہ پر کھانا پکوا کر کھلایا کرتے تھے۔ ایک سال قحط کی وجہ سے بھنے ہوئے چنوں کے سوا کچھ میسر نہیں آیا، وہی چنے تقسیم کر دیئے، رات کو خواب میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور دیکھا کہ آپ وہی چنے نوش فرما رہے ہیں ۹۶

___ سچ ہے اس دربار عالی میں تو اخلاص کی پوچھ ہے ___

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ۹۷ رحمۃ اللہ علیہ جب مکہ معظمہ حاضر ہوئے تو وہاں میلاد مبارک کی محفل میں شریک ہوئے، اس وقت حاضرین محفل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھ رہے تھے اور آپ کی ولادت باسعادت کا ذکر ہو رہا تھا اور وہ خوارق بیان کئے جا رہے تھے جو آپ کی ولادت کے وقت ظاہر ہوئے تھے ___ حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں :-

Marfat.com

یں نے میلاد کی اس مجلس میں انوار و برکات دیکھے [۹۸]

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے صاحب زادے اور محدثِ وقت حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ معمول تھا کہ

- ۱۲ ربیع الاوّل کو ان کے ہاں لوگ جمع ہوتے، دُرود کا دَور رہتا پھر شاہ صاحب آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل اور بعض احادیث سناتے۔
- اس کے بعد ذکر ولادت، رضاعت، حلیہ شریف اور آثار وغیرہ کا ذکر ہوتا۔
- پھر جو کچھ سامنے ہوتا کھانا یا مٹھائی اس پر فاتحہ دے کر حاضرین مجلس میں تقسیم کر دی جاتی۔
- موئے مبارک کی زیارت بھی کرائی جاتی۔

(الدرالمنظم، ص ۸۹)

الغرض یہ محفلیں یہ مجلسیں برابر منعقد ہوتی چلی آرہی ہیں ——— شیخ محمد رضا مصری نے ۱۹۳۴ء میں اپنی کتاب "محمد رسول اللہ" لکھی ——— اس میں وہ لکھتے ہیں:

ہمارے زمانے میں بھی مسلمانانِ عالم اپنے اپنے شہروں میں میلاد کی محفلیں منعقد کرتے ہیں [۹۹]

پھر اس مبارک موقع پر مصر میں جس طرح جشن منایا جاتا ہے اس کی تفصیلات دی ہیں۔ مثلاً

1. پولیس کے حفاظتی دستوں کے ساتھ ظہر کے بعد پیادہ جلوس نکالا جاتا ہے۔
2. وزراء و حکام، شاہِ وقت سب شریک ہوتے ہیں۔
3. علماء و مشائخ کا بادشاہ خود استقبال کرتا ہے پھر ذکر میلاد سنتا ہے، خلعتیں تقسیم کرتا ہے اور مٹھائی تقسیم ہوتی ہے۔ [۱۰۰]

Marfat.com

مولانا عبدالحئی لکھنوی نے بھی محافل میلاد میں مٹھائی تقسیم کرنے کا ذکر فرمایا ہے[۱۰۱]

——— یہ مجلس مبارک ناسازگار حالات کے باوجود مدینہ منورہ میں برابر منائی جاتی رہی مگر نجی طور پر ——— مدینہ منورہ میں فاضل جلیل، عارف کامل حضرت مفتی محمد ضیاء الدین مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ[۱۰۲] کے دولت خانے پر یہ محافل اکثر ہوتی تھیں، چنانچہ ۱۹۵۵ھ کی ایک محفل کا ذکر کرتے ہوئے وہ فرماتے ہیں :-

۱۹۵۵ء سے ہر دوسرے سال حج پر اور امسال عمرہ پر رمضان المبارک کے مقدس موقع پر میرے مخلص قلبی و روحی دوست شیخ طریقت شاہ محمد فاروق رحمانی الملقب بہ محبوب رحمانی بڑے اخلاص اور بڑے ذوق و شوق سے فقیر کے ہاں محافل نعت میں تشریف فرما ہوئے ، حسب دستور سابق امسال بھی فقیر کے زیر اہتمام انھوں نے ایک عظیم جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کرایا جس کی نظیر فی زمانہ کم ملتی ہے[۱۰۳]

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کا دولت کدہ گنبد خضرا کے بالکل سامنے تھا ـــ

——— اللہ اکبر! اس محفل پاک میں کیا لطف و سرور ہوگا؟

سبک روانیٔ اشک و خنک نسیم کرم
نشاط درد دل بیقرار، کیا کہنا!

اس میں شک نہیں کہ سرزمین حجاز میں عوامی سطح پر جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منایا جاتا ہے اور بعض خواص بھی مناتے ہیں گو حکومت سعودیہ کی نظر میں یہ عمل گمراہی ہے (انا للہ وانا الیہ راجعون) ——— حجاز کے ایک قلمکار عاتق بن غیث البلادی جو حکومت وقت کے ہم خیال نظر آتے ہیں اصل حقیقت سے پردہ اٹھاتے ہیں، اہل حجاز کی محبت رسول علیہ التحیۃ والتسلیم کا عالم دکھاتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنا فتویٰ بھی سناتے جاتے ہیں ـــ ملاحظہ فرمائیں:

۱۲ ربیع الاول حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا یوم ولادت ہے جیسا کہ تاریخ

Marfat.com

میں آیا ہے کہ آپ کی ولادت سال فیل میں ۱۲ ربیع الاول کو ہوئی — یہ مذہبی عیدوں میں سے ایک عید ہے جس میں مسلمان اجتماع کرتے ہیں لیکن یہ بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

۲ ولادت کی رات حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی سیرت پیش کرتے ہیں جس کا آغاز آپ کے ذکر ولادت سے ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بنی سعد میں آپ کی کفالت اور معجزات وغیرہ بیان کرتے ہیں، جب ذکر کرتے کرتے (کسی خاص مقام پر پہنچتے ہیں تو اس عقیدے کے ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے وقت بنفس نفیس تشریف لاتے ہیں۔

۳ اپنے ساتھ پانی سے بھرا ہوا ایک مٹکا رکھتے ہیں، جب ذکر اذکار سے فارغ ہوتے ہیں تو اس مٹکے سے پانی پیتے ہیں اور اس عقیدے کے ساتھ سبقت لیجانے کی کوشش کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تشریف آوری کے بعد اس مٹکے سے پانی نوش فرمایا ہے۔

۴ مال دار لوگ صدقہ کے طور پر جانور ذبح کرتے ہیں، روپے پیسے، جوڑے تقسیم کرتے ہیں، بعض لوگ غلام آزاد کرتے ہیں اور مخالف کے ساتھ تسامح کرتے ہیں حالانکہ یہ دین کے خلاف ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔

(عاتق بن غیث البلادی: الادب الشعبی فی الحجاز، العادات و التقالید (الاعیاد) مطبوعہ مکۃ المکرمہ ۱۹۸۲ء، ص ۱۷۵)

ہندوستان کہنے کو ایک سیکولر ملک ہے مگر وہاں ملک کے طول و عرض میں بڑی شان و شوکت سے یہ جشن منایا جاتا ہے حتیٰ کہ مسلمان اعیان مملکت بطور خاص جشن مناتے ہیں، چنانچہ ہندوستان کے سب سے بڑے صوبے اتر پردیش (یو-پی) کے راج بھون (گورنر ہاؤس) میں ۴ جنوری ۱۹۸۸ء کو تزک احتشام سے جشن میلاد النبی منایا گیا جس میں چراغاں کیا گیا اور گورنر الحاج محمد عثمان عارف صاحب دیگر اعیان سلطنت

Marfat.com

کے ساتھ شریک ہوئے۔ محفل کا اختتام حسب معمول صلوٰۃ وسلام پر ہوا۔ یہ جشن ۱۹۴۸ء سے ۱۹۷۱ء تک برابر منایا گیا پھر بند ہوگیا تو موجودہ گورنر نے اس کا احیاء کیا[104]

ہمارے ملک عزیز پاکستان میں عوامی سطح پر بڑے تزک احتشام سے یہ دن منایا جاتا ہے بلکہ پورا ماہِ ربیع الاوّل ہی شان و شوکت سے منایا جاتا ہے، سرکاری سطح پر وزارتِ مذہبی امور حکومتِ پاکستان عین ۱۲ ربیع الاوّل کو یہ جشن مناتی ہے اور دو روز تک یہ سلسلہ چلتا ہے، افتتاحی اور اختتامی اجلاس کے علاوہ تین اور اجلاس ہوتے ہیں، پورے ملک بلکہ بعض مرتبہ پوری دنیائے اسلام سے مندوبین اور محققین و علماء شریک ہوتے ہیں، صدر پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان اپنے تمام وزراء اور فوجی افسروں اور دوسرے اراکین سلطنت اور اراکین اسمبلی کے ساتھ شریک ہوتے ہیں اور خوشی و مسرت کا عجیب سماں ہوتا ہے ——— یہ جشن دار السلطنت اسلام آباد میں منایا جاتا ہے، راقم بھی شریک ہوتا ہے۔

الغرض پوری دنیا میں جشن عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم منایا جاتا ہے۔

علامہ ابن جوزی فرماتے ہیں :۔

سارے جہاں میں آپ کی ولادت کے دن خوشی کرتے ہیں اور اس جشن میں مشرق و مغرب سب خوشیاں مناتے ہیں[105]

اور انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے مقالہ نگار یہ تاریخی فیصلہ سناتے ہیں :۔

عملاً پوری دنیائے اسلام میں اس روز خوشی اور مسرت کا سماں ہوتا ہے۔[106]

مزید لکھتے ہیں :۔

آج تمام اسلامی دنیا میں جشن میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) متفقہ طور پر منایا جاتا ہے[107]

اگر آپ غور فرمائیں تو جو کچھ محافل میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم میں ہوتا ہے فرداً فرداً سب کے احکام قرآن و حدیث میں موجود ہیں، مثلاً :۔

مجالس مبارکہ کو روشنیوں سے جگمگایا جاتا ہے، قمقموں سے سجایا

Marfat.com

جاتا ہے ـــــ روشنی کرنا اظہار مسرت کا ایک فطری انداز ہے، سارے عالم پر نظر ڈالیں، آپ کو خوشیوں میں روشنیاں ہی روشنیاں نظر آئیں گی ـــــ قرآن حکیم میں ولادت باسعادت پر خوشی منانے کا حکم موجود ہے[108]

● ـــ محافل مبارکہ کو پھولوں، اگربتیوں، عطریات وغیرہ سے مہکایا جاتا ہے ـــــ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو بہت ہی پسند تھی[109] ـــــ ہر وقت خوشبوؤں میں بسے رہتے تھے ـــــ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جب خوشبو کی دھونی لیتے تو لوبان کے ساتھ کافور بھی ملالیا کرتے اور فرماتے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جب دھونی لیتے لوبان میں کافور ملالیا کرتے تھے[110]

● ـــ مجالس مبارکہ میں قرآن خوانی ہوتی ہے ـــــ تلاوت قرآن کا حکم خود قرآنِ حکیم میں موجود ہے[111] اور احادیث میں تلاوت قرآن کی تاکید اور فضیلت آئی ہے[112]

● ـــ محافل مبارکہ میں درود پڑھا جاتا ہے ـــــ قرآن حکیم میں درود کا حکم موجود ہے[113] ـــــ درود و سلام حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت ہی مرغوب تھا، احادیث میں اس کی بڑی فضیلت آئی ہے[114] ـــــ پھر خلوتوں میں درود پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے تو جلوتوں میں کیوں نہ ہوگی ـــــ بلکہ سرکارِ دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم تو یہ فرما رہے ہیں کہ جب مجھے کوئی یاد کرتا ہے، میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں[115]

● ـــ مجالس مبارکہ میں نعت خوانی ہوتی ہے ـــــ احادیث میں موجود ہے کہ صحابۂ کرام نعتیہ قصائد و اشعار پیش کرتے تھے اور سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم خود سماعت فرماتے[116] ـــــ پھر سارا قرآن سیرت و

Marfat.com

اخلاق محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور ہے، قرآن کو خوش الحانی سے پڑھنے کی تاکید احادیث میں موجود ہے[117] یہ بھی نعت مصطفےٰ ہی ہے تو نعتوں کو خوش الحانی سے پڑھنا بھی عین منشاء شریعت کے مطابق ہے۔

● — مجالس مقدسہ میں ذکر ولادت باسعادت ہوتا ہے، آپ کے محامد و محاسن اور فضائل و شمائل کا ذکر ہوتا ہے، آپ کے معجزات کا چرچا ہوتا ہے —— قرآنِ کریم، احادیث شریفہ اور کتب قدیمہ میں یہ سب ذکر اذکار موجود ہیں[118] —— خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ذکر فرمایا، صحابۂ کرام سے سن سن کر خوش ہوئے[119] یہ ذکر اللہ کو مرغوب ہے، یہ ذکر آپ کو محبوب ہے۔

● — ذکر اذکار ختم ہونے کے بعد بعض مجالس و محافل مبارکہ میں حاضرین مجلس کھڑے ہوکر دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں درود و سلام پیش کرتے، سلام کا ادب یہی ہے کہ کھڑے ہوکر پیش کیا جائے جب کہ سلام لینے والا دیکھ بھی رہا ہو اور سن بھی رہا ہو —— پھر یہ تو اللہ کے فرشتوں کی سنّت ہے، اللہ کے نیک بندوں کی سنّت ہے —— اس میں نیک بندوں اور عاشقوں کا ہی کلام پڑھا جاتا ہے —— یہ کسی کافر فرنگ کی سنت نہیں نہ اس میں کسی دشمن رسول اور گستاخ رسول کا کلام پڑھا جاتا ہے —— جب ہم اپنی نجی اور اجتماعی زندگی میں کفار و مشرکین اور یہود و نصاریٰ کے طور طریقے اپنا رہے ہیں تو اللہ کے فرشتوں اور نیک بندوں کا زیادہ حق ہے کہ ان کے طور طریقے اپنائے جائیں۔

● — محافل مبارکہ میں شیرینی تقسیم کی جاتی ہے —— سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا —— آدھا چھوارا دے کر دوزخ کی

Marfat.com

آگ سے بچو۔[۱۲۰] جب آدھے چھوارے کی یہ قدر و منزلت ہے تو پھر شیرینی کی کیوں نہ ہو گی خصوصاً جب کہ وہ ولادت باسعادت کی خوشی میں تقسیم کی جا رہی ہو۔

● مجالس مبارکہ میں کھانا بھی کھلایا جاتا ہے ــــ کھانے کا حکم قرآن حکیم میں جابجا موجود ہے[۱۲۱] ــــ احادیث میں بھی اسکی فضیلت آئی ہے اور تاکید کی گئی ہے ــــ دعوت کھلانا سنّت بھی ہے[۱۲۲]۔

الغرض ابتداء سے انتہا تک مجلس میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم پر نظر ڈالیں گے تو کوئی بات قرآن وحدیث کے خلاف نظر نہ آئے گی ــــ ہاں آجکل بعض باتیں جلوس عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایسی نظر آتی ہیں جو تفریح طبع کے ذیل میں آسکتی ہیں سو اس کے لئے یہ حدیث مبارکہ سامنے رکھیں جس میں حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے خوشی کے وقت انسانی نفسیات کے پیش نظر رعایت فرمائی ہے۔

مولانا اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں کہ عید کے روز کچھ لڑکیاں کھیل رہی تھیں، اور دف بجا رہی تھیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے تھے ــــ اتنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے، انھوں نے لڑکیوں کو جو کھیلتے دیکھا تو ان کو ڈانٹا ــــ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے بڑا ہی کرم فرمایا اور ارشاد فرمایا:-

ان لکل قوم عیدا و ھذا عیدنا[۱۲۳]

(ترجمہ) ہر قوم کی ایک عید ہوتی ہے اور یہ ہماری عید ہے۔

یعنی اگر خوشی کے دن کوئی کھیلتا ہے تو اس کو کھیلنے دو، منع نہ کرو کہ یہ انسانی فطرت ہے کہ خوشی میں اس کے جذبات واحساسات کی دنیا ہی بدل جاتی ہے ــــ ہاں اگر کوئی ایسا کھیل کھیلتا ہے یا ایسی بات کرتا ہے جس کی قرآن وحدیث میں صراحتہً ممانعت ہے تو اس کو روکا جائے گا۔

حقیقت یہ ہے کہ میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک موقع پر محافل منعقد کرنے کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یاد تازہ کر کے خود کو اس

Marfat.com

رنگ میں رنگیں، اپنے اعمال و اقوال کا محاسبہ کریں اور سنّت کے سانچے میں ڈھلنے کی کوشش کریں ـــــــ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق و محبت سے اپنے ویران دلوں کو آباد کریں، دوسروں کے لئے مثال بنیں، چراغ سے چراغ جلائیں، سراج منیر کی روشنی سے گھر گھر، گلی گلی، کوچہ کوچہ، شہر شہر، ملک ملک روشن کریں اور ایسی چاندنی پھیلائیں جو دلوں کی دنیا ہی بدل دے ـــــــ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بے جان رسم نہیں، یہ جاندار رسم ہے، اس میں زندگی کی حرارت ہے۔

ڈاکٹر محمد اقبال عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہتے ہیں :-

من جملہ اُن ایام کے جو مسلمانوں کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں، ایک میلاد النبی کا دن ہے ـــــــ میرے نزدیک انسانوں کی دماغی اور قلبی تربیت کے لئے ضروری ہے کہ اُن کے عقیدے کی رو سے زندگی کا جو نمونہ بہترین ہو وہ ہر وقت اُن کے سامنے رہے چنانچہ مسلمانوں کے لئے اسی وجہ سے ضروری ہے کہ وہ اسوہ رسول کو مدنظر رکھیں تاکہ جذبہ تقلید اور جذبہ عمل قائم رہے[۱۲۴]

شخصیت کی اہمیت کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر اقبال نے محافل و مجالس کی اہمیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا :-

جلسے صرف تماشا نہیں بلکہ قومیّت کو مضبوط کرنے اور اگلی پچھلی قوم کی شخصیت کو ایک کرنے کے لئے اُن کا ہونا ضروری ہے ـــــــ جب تک ساری قوم اپنے بزرگوں کے حالات سن کر خود اُن عظیم الشان بزرگوں کی ذریّت ہونے کا فخر اور گھمنڈ دل میں نہ پیدا کرے گی تب تک اُن کے سینوں میں الوالعزمی اور بلند حوصلگی جوش زن نہیں ہو سکتی [۱۲۵]

اقبال نے دل لگتی بات کہی کہ قومی تشخص کی بقا کے لئے ایسی محافل کا ہونا ضروری ہے ـــــــ اس وقت عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پوری دنیا میں منایا جاتا ہے، جس عملِ خیر کو عالمگیریت حاصل ہو اُس سے والہانہ وابستگی عالم گیر فضا اور عالمگیر اتحاد پیدا کر سکتی ہے، دنیائے جدید کو اس اتحاد اور اس جذبۂ عشق و محبّت کی سخت ضرورت ہے ـــــــ مولانا

Marfat.com

ابوالحسن علی ندوی نے جو ایک جہاں دیدہ انسان ہیں اپنی ذاتی مشاہدات و تجربات کی روشنی میں پندرھویں صدی میں عالم اسلام کے لئے دس نکاتی پروگرام تجویز کیا ہے، اس پروگرام کی شق نمبر ۳ کے تحت وہ لکھتے ہیں :۔

ذاتِ نبوت (علیہ الف الف سلام) سے مسلمانوں کے روحانی اور جذباتی تعلق پیدا ہونے اور برقرار رکھنے کی کوشش، دل میں آپ کے لئے گہری محبت اور مسلم معاشرے میں عشق نبوی پیدا کرنے کی کوشش جو ایک مسلمان کی نظر میں آپ کو اہل و عیال، یہاں تک کہ اپنی ذات سے زیادہ محبوب بنادے جیسا کہ صحیح احادیث کے مطابق وہ ایمان کا تقاضا اور اس کی علامت ہے اور اس بات پر ذہنی طور پر پورا اطمینان اور اعتماد کہ آپ ——

"ختم الرسل، مولائے کل، دانائے سُبل"

ہیں اور ایسے تمام اثرات سے احتراز جو محبت کے ان سرچشموں کو خشک و پایاب، سنت پر عمل کرنے، اسوۂ رسول کی پیروی اور سیرت کے مطالعہ کے شغف اور اس کے تاثر کو کمزور کر دے —— یہی وہ وابستگی اور گرویدگی تھی جس نے عجمی قوموں کو اسلام کے رشتے سے منسلک اور غیر اسلامی تہذیب اور قومیتوں میں تحلیل ہو جانے سے محفوظ رکھا[۱۲۶]

ابوالحسن علی ندوی نے آج جس حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے صدیوں پہلے علمائے حق اس کی طرف توجہ دلاتے رہے اور عشق رسول میں وارفتگی و شیفتگی پیدا کرتے رہے، پھر بعض ایسے قائدین پیدا ہو گئے جنہوں نے سارا زور توحید پر لگا دیا اور رسول کرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عام انسان کی صف میں لا کھڑا کیا، شاید وہ اس طرز عمل کے بھیانک نتائج سے بے خبر تھے، یہ نتائج ابوالحسن ندوی نے اپنی آنکھوں سے عالم اسلام میں دیکھے اور وہ اس ہمہ گیر تجربے و مشاہدے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے جس نتیجہ پر علمائے حق پہنچے تھے۔

کاش وہ سوز دروں پھر پیدا ہو جائے۔ ہاں ؎

عطا اسلاف کا سوزِ دروں کر  شریک زمرۂ لایحزنوا کر  آمین!

Marfat.com

O

چونکہ ملت اسلامیہ کو سرکار دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک فطری اور والہانہ لگاؤ ہے اس لئے میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر کتابوں کی تصنیف کا سلسلہ قرن دوم ہی سے شروع ہوچکا تھا اور آج مختلف زبانوں میں اس موضوع پر اتنی کتابیں لکھی جاچکیں اور چھپ چکیں جن کا احاطہ کرنا ناممکن نظر آتا ہے ـــــ سینیٹر مفتی محمد ظفر علی نعمانی (کراچی) نے ایک ملاقات میں فرمایا کہ محدث جلیل امام اوزاعی[۱۲۷] علیہ الرحمہ (م ۱۵۶ھ) نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک کتاب لکھی تھی جو بیروت سے شائع ہوچکی ہے ـــــ یہیں پر امام اوزاعی کا انتقال بھی ہوا تھا ـــــ اگر یہ روایت صحیح ہے تو اب تک جس کو اولیت دی جاچکی ہے اور جس کا ہم نے بھی پچھلے اوراق میں ذکر کیا ہے اُس کو اولیت نہیں دی جاسکتی، بلکہ اولیت کے مستحق امام اوزاعی ہیں، رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ـــــ

علامہ محمد بن علوی المالکی الحسنی نے اپنی کتاب[۲۸] میں چند قدیم مصنفین اور ان کی تصانیف کا ذکر کیا ہے جن میں سے بعض یہ ہیں :-

(۱) حافظ محمد بن ابوبکر بن عبداللہ القیسی الشافعی المعروف بہ ابن ناصر الدین الدمشقی (۷۷۷ھ / ۱۳۷۵ء ـ ۸۴۲ھ / ۱۴۳۸ء) موصوف جامعہ اشرفیہ، دمشق کے شیخ الحدیث تھے، ابن تیمیہ آپ سے بہت ہی محبت کرتے تھے ـــــ

ـــــ موصوف نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر مندرجہ ذیل کتابیں تصنیف کیں :-

(ا) جامع الآثار فی مولد النبی المختار (تین مجلدات)

(ب) اللفظ الرائق فی مولد خیر الخلائق

(ج) مورد الصادی فی مولد الهادی

(۲) حافظ عبدالرحیم بن الحسین بن عبدالرحمٰن المصری المعروف بالحافظ العراقی (۷۲۵ھ / ۱۳۲۴ء ـ ۸۰۸ھ / ۱۴۰۵ء) موصوف نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

پر یہ کتاب لکھی :۔

المورد الھنی فی المولد النبی

③ امام محقق ملا علی قاری بن سلطان محمد الہروی (م ۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۵ء) جلیل القدر عالم اور محقق تھے ـــــ موصوف نے یہ کتاب لکھی :۔

المورد الروی فی المولد النبوی

اس کو علامہ محمد بن علوی المالکی نے تعلیقات کے ساتھ مرتب کر کے پہلی بار شائع کرایا۔

④ حافظ محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد القاہری المعروف حافظ السخاوی (۸۳۱ھ / ۱۴۲۷ء ـــ ۹۰۲ھ / ۱۴۹۶ء) بے مثال مؤرخ اور حافظ حدیث تھے ـــــ موصوف نے میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم پر ایک کتاب لکھی تھی۔

⑤ حافظ امام عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر[129] (م ۷۷۴ء / ۱۳۷۵ء) ـــــ جو مختلف علوم و فنون کے ماہر اور بہترین محدث تھے، ابن تیمیہ آپ سے محبت رکھتے تھے ـــــ موصوف نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کتاب لکھی جس کو ڈاکٹر صلاح الدین المنجد کی تحقیق کے بعد شائع کیا گیا ـــــ اردو ترجمہ پاک و ہند سے شائع ہو چکا ہے جو ترجمہ مولانا افتخار احمد قادری نے کیا ہے۔

⑥ حافظ وجیہہ الدین عبدالرحمٰن بن علی محمد الشیبانی الیمنی الزبیدی (۸۶۶ھ / ۱۴۶۱ء ـــــ ۹۴۴ھ / ۱۵۳۷ء) ـــــ ائمہ کرام میں سے ہیں، علم حدیث آپ پر ختم ہے ـــــ موصوف نے میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم پر کتاب لکھی جس پر علامہ محمد بن علوی المالکی نے تحقیق کی ہے، تعلیقات کا اضافہ کیا ہے اور مندرجہ احادیث کی

Marfat.com

تخریج بھی کی ہے۔ ——

بعض کتابیں یہ ہیں :۔

(۱) محمد بن عثمان دمشقی : الدر المنظم فی مولد النبی الاعظم

(۲) ابن جزری : عرف التعریف فی مولد الشریف

(۳) مجد الدین : نفحات العنبریہ فی مولد خیر البریۃ

(۴) جلال الدین سیوطی : الوسائل فی شرح الشمائل

(۵) " " " : حسن المقصد فی عمل المولد


(۶) ابن حجر مکی : النعمۃ الکبریٰ (یہ رسالہ جواہر البحار کی تیسری جلد میں چھپ چکا ہے)۔

(۷) احمد سعید دہلوی : سعید البیان فی مولد سید الانس و الجان

(۸) " " : الذکر الشریف فی اثبات المولد المنیف

(۹) سید جعفر برزنجی : عقد الجواہر فی مولد النبی الازہر


(۱۰) جعفر بن اسماعیل بن زین العابدین علوی مدنی : شرح الکوکب الازہر علی عقد الجوہر۔




Marfat.com

# رسمیں اور عادتیں

Marfat.com



Marfat.com

# ۵

گزشتہ ابواب میں آپ نے ولادت باسعادت اور جشن ولادت کے متعلق تفصیلات ملاحظہ فرمائیں، ان تفصیلات سے اندازہ ہوتا ہے کہ زمانہ ماقبل تخلیق کائنات سے ہی ظہور قدسی کی تیاریاں ہو رہی تھیں، اور مسلسل اُن کے ذکر اذکار ہو رہے تھے، پھر جب وہ تشریف لے آئے تو سارے عالم میں اُن کا چرچا ہونے لگا اور جشن ولادت کا سلسلہ چل نکلا ——— یہ وہ حقائق ہیں جو قرآن و حدیث، کتب تاریخ و سیر اور کتب ماضیہ سے ثابت ہیں، جس میں کسی معقول انسان کے لئے کلام کی گنجائش نہیں

لیکن اسلامی معاشرے میں بعض باتیں ایسی بھی رائج ہیں جو قرآن و حدیث سے ثابت نہیں اس لئے مناسب خیال کرتا ہوں کہ ایسے حقائق کے بارے میں احادیث سے جو اصول و ضابطہ معلوم ہوتا ہے اس کو پیش کر دیا جائے تاکہ ایک قطعی معیار سامنے آجائے اور اسی معیار اور کسوٹی پر مسلمانوں کے ہر عمل کو پرکھ کر اندازہ لگا لیا جائے کہ وہ شریعت کی نگاہ میں پسندیدہ ہے یا ناپسندیدہ ———

مشہور صحابی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ سرکار دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

حلال وہ ہے جس کو خدا نے اپنی کتاب میں حلال کیا ——— اور حرام وہ ہے جس کو خدا نے اپنی کتاب میں حرام کیا ——— اور جس سے خاموشی اختیار فرمائی وہ عفو (جائز) ہے ———!

اسی طرح حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اللہ نے کچھ چیزیں فرض کی ہیں، پس انہیں ضائع نہ کرو (یعنی ان پر ہر حال میں عمل کرو) ——— اور کچھ چیزیں حرام فرمائیں، ان کی حرمت نہ توڑو ——— اور کچھ حدیں قائم کیں اُن سے آگے

Marfat.com

نہ بڑھو ـــــ اور کچھ چیزوں سے بغیر نسیان کے (یعنی جان بوجھ کر) خاموشی اختیار فرمائی، ان میں بحث نہ کرو۲ ـــــ (یعنی وہ تمہارے لئے جائز قرار دے دی گئیں ہیں)

مندرجہ بالا دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ جس کو اللہ اور اس کے رسول علیہ التحیۃ والتسلیم نے صاف لفظوں میں حلال فرمایا، وہ حلال ہوگیا ـــــ اور جس کو حرام فرمایا، وہ حرام ہوگیا ـــــ اور جن امور کے بارے میں کچھ نہ فرمایا وہ جائز و مباح ہیں ـــــ یہ ایک فطری اصول ہے ـــــ اب اگر کوئی ایسے امور کے متعلق جن سے قرآن و حدیث میں خاموشی اختیار فرمائی یہ حکم لگائے کہ یہ حلال ہے، وہ حرام ـــــ اس کے لئے قرآن حکیم کا یہ ارشاد کافی ہے :-

اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور وہ حرام ہے تاکہ اللہ پر جھوٹ باندھو، بیشک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ کبھی فلاح نہیں پا سکتے ۳ ـــــ

بلاشبہ مناسب و معقول بات یہی ہے کہ جس کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال کیا، اس کو حلال سمجھیں ـــــ اور جس کو حرام کیا، اس کو حرام سمجھیں اور خواہ مخواہ فقیہانہ موشگافیوں میں مبتلا ہو کر اتحاد کو پارہ پارہ نہ کریں، وہ اتحاد جو اسلام کا مقصود و مطلوب ہے ـــــ کسی چیز کا عہد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم، عہد خلافت راشدہ اور عہد تابعین و تبع تابعین میں ہونا اس کی فضیلت کی دلیل ہے اور نہ ہونا اس کی حرمت کی دلیل نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ وہ مباح اور اور جائز ہو ـــــ زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا اس میں انقلابات اور تبدیلیاں آتی رہتی ہیں اور وہ انسان کی پوری زندگی کو متاثر کرتا ہے، شریعت کے دائرے میں رہ کر ان تبدیلیوں اور انقلابات کو قبول کیا جا سکتا ہے، اس کے بغیر زندگی گزارنا ممکن نہیں ـــــ

ایک بات اور قابل توجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے جس چیز کے کرنے کا حکم دیا ہے وہ ہر حال میں جائز ہو گی جب تک کہ کسی خاص صورت یا ہیئت میں اس جائز چیز سے منع نہ کیا گیا ہو ——— اسی طرح جس چیز سے منع کیا گیا ہے وہ ہر حال میں ناجائز ہو گی جب تک کہ کسی خاص صورت یا ہیئت میں اس کے کرنے کی اجازت نہ ہو ——— یہ موٹی سی بات ہے جس کو سمجھنے کے لئے عام انسان کی عقل کافی ہے —
مثلاً قرآن حکیم میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر کا حکم دیا گیا ہے؎ تو یہ تعظیم و تکریم ہر صورت میں جائز ہو گی، تعظیم و تکریم کے مختلف قوموں کے مختلف انداز ہیں، اپنے اپنے انداز کے مطابق وہ تعظیم و تکریم کر سکتے ہیں جب تک کہ کسی خاص صورت یا ہیئت میں تعظیم کی ممانعت نہ ہو ——— مثلاً آپ کو یا آپ کے روضۂ اقدس کو سجدہ کرنا اس کی صراحتاً ممانعت ہے ——— اسی طرح مردار کھانے کی ممانعت ہے، وہ ہر حال میں حرام ہے، ہاں کوئی خاص صورتِ مستثنیٰ ہو تو اس میں کھانے کی اجازت ہو گی مثلاً حالتِ اضطرار میں۔

جیسا کہ عرض کیا کہ زمانے میں انقلابات و تبدیلیاں آتی رہتی ہیں، نئی نئی باتیں سامنے آتی رہتی ہیں ——— اس کے لئے حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم نے بڑا اچھا اصول ہم کو دیا ہے جس نے ہر قسم کے شکوک و شبہات کو ختم کر دیا ——— آپ نے فرمایا:-

جس چیز کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ چیز اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی اچھی ہے؎

——— یہاں اہل علم و نظر مسلمانوں کی اکثریت مراد ہے ——— اس کی وضاحت ایک اور حدیث سے یوں ہوتی ہے ——— حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

تم بڑی جماعت (سواد اعظم) کی پیروی کرو؎

پھر مرقات شرح مشکوٰۃ میں اس کی تشریح یہ کی گئی ہے:-

سواد اعظم (بڑی جماعت) سے مراد وہ جماعت ہے جس میں مسلمانوں کی اکثریت ہو؎

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت، اور جمہور کے ساتھ رہنے کی شدید تاکید فرمائی، یہ حدیث ملاحظہ فرمائیں جو ہم سب کے لئے مینارۂ نور ہے ——— حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

Marfat.com

جس طرح بکری کے لئے بھیڑیا ہے اسی طرح شیطان انسان کے لئے بھیڑیا ہے ـــــــ (بھیڑیئے کی عادت ہے کہ وہ)

- ○ ـــ گلہ سے بھاگنے والی ـــــ اور
- ○ ـــ دُور چلے جانے والی ـــــ اور
- ○ ـــ ایک جانب رہ جانے والی
- ○ ـــ (بکریوں) کو پکڑتا ہے
- ○ ـــ تم اپنے آپ کو گھاٹیوں سے بچاؤ۔
- ○ ـــ اور ہر حال میں 'جماعت' اور جمہور کے ساتھ رہو[9] ـــــ

بعض حضرات عوام کی رائے کو وقعت نہیں دیتے اور ان کو جاہل و ان پڑھ سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں ـــــ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کتنے پڑھے لکھے تھے؟ مگر آپ ہمیشہ مشورہ فرماتے[10] اور عوامی رائے کو نظر انداز نہ فرماتے ـــــ آپ نے اس رسمِ کہن کو ختم کر دیا کہ ایک بادشاہ اپنی خواہش نفس سے جو چاہے فیصلہ کر کے عوام پر نافذ کر دے ـــــ آپ کے ذاتی فیصلے بھی وحی کے تابع ہوتے تھے، آپ نے کبھی خواہش نفس سے فیصلہ نہیں فرمایا[11] ـــــ آپ نے ہر حالت میں مسلمانوں کو اکثریت کے ساتھ رہنے کی ہدایت فرمائی ـــــ آپ نے فرمایا:-

جس نے جماعت سے ایک بالشت بھر جدائی کی اس نے اسلام کا حلقہ اپنی گردن سے نکال دیا[12] ـــــ

سیاسی اور عمرانیاتی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو کثرت رائے کو نظر انداز کرنے سے ملت میں انتشار و افتراق کی فضا پیدا ہو جاتی ہے، دَورِ جدید کی تاریخ میں ایسی بہت سی مثالیں مل جائیں گی بلکہ بعض حضرات نے خود مشاہدہ اور تجربہ بھی کیا ہوگا ـــ کبھی ایسا دیکھنے میں نہ آیا کہ کثرت رائے نے انتشار پیدا کیا ہو ـــــ جو حقیقت تاریخ سے ثابت ہے اللہ اور اس کے رسول علیہ التحیۃ والتسلیم نے مسلمانوں کو اس طرف متوجہ کیا تاکہ وہ متفق و متحد رہیں ـــــ اسلام کا مقصود باہمی اخوت و محبت ہے:

Marfat.com

"کثرت رائے" کا ضابطہ بھی اسی مقصود کے حصول کے لئے بنایا گیا ہے ——— حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

ایک مومن کا دوسرے مومن کے ساتھ وہ علاقہ ہے جیسے ایک عمارت کے اجزا کہ ان میں سے ایک جزو، دوسرے کو مدد پہنچاتا ہے اور ہر ایک کو ایک دوسرے سے استحکام پہنچتا ہے۔

پھر آپ ﷺ ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کر کے مسلمانوں کی باہمی چسپیدگی اور پیوستگی کو تمثیلاً دکھایا ۱۳ ———

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

ملّت اسلامیہ فرد واحد کے جسم کی طرح ہے جب اس کی آنکھ یا سر میں تکلیف ہو تو سارا بدن دُکھنے لگے ۱۴

ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ شارع اسلام علیہ السلام کا مقصود یہ ہے کہ مسلمان کسی صورت میں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں، ہر حال میں متحد رہیں اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک رہیں، اس مقصود کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر حال میں مسلمانان عالم کی کثرت رائے کا احترام کیا جائے ——— صداقت و سچائی "کثرت رائے" میں چھپی ہوتی ہے ——— ایک مثال سے اس حقیقت کا پتہ چلتا ہے، سب کو معلوم ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت میں اختلاف پایا جاتا ہے ——— حضرت عطا رضی اللہ عنہ کے خیال میں ۳ ربیع الاوّل ہے۔ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کے خیال میں ۸ ربیع الاوّل اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے خیال میں ۱۲ ربیع الاوّل ——— علامہ ابن جوزی نے یہ تینوں قول پیش کر کے آخری قول کے بارے میں فرمایا کہ وہ زیادہ صحیح ہے ۱۵ ——— دنیا کے سارے مسلمانوں نے آخری قول پر صاد کیا اور جمہور کی رائے یہی ٹھہری ——— آج عام مسلمانوں کو اختلاف رائے کا پتا بھی نہیں کیوں کہ عوامی فیصلہ نافذ ہو چکا ——— اب

Marfat.com

ماضی کی طرف عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہزاروں برس پیچھے چلئے ـــــــ ہندؤوں کی مذہبی کتاب بھاگوت پران اٹھا کر دیکھئے ـــــــ اس میں لکھا ہے :۔

وہ مظہر حق ۱۲ ربیع الاوّل ـــــ بروز پیر پیدا ہوگا، امن والے شہر میں، ایک سردار کے ہاں، جس کا نام عبداللہ ہوگا، اس کی ماں کا نام آمنہ ہوگا ـــــ ۱۶

آپ نے ملاحظہ فرمایا جو فیصلہ عوام و خواص نے صدیوں پہلے کیا تھا اُس کی حقانیت اس صدی میں ظاہر ہو کر رہی ـــــ اسی لئے عرض کیا گیا کہ کثرت رائے میں صداقت پوشیدہ ہوتی ہے اور جماعت و جمہور پر اللہ کا ہاتھ ہوتا ہے ـــــ ـــــ جو اس سے اختلاف کرتا ہے وہ خود بھی تباہ ہوتا ہے اور دوسروں کو بھی تباہ کرتا ہے۔

"کثرت رائے" کے جمہوری اصول سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شارع علیہ السلام نے شریعت میں زمانہ کی حس کی قوّت کی رعایت کی ہے اور انسانی معاشرے کے انقلابات اور تبدیلیوں کا لحاظ رکھا ہے، اس سلسلے میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ نہایت ہی اہم ارشاد قابل توجہ ہے، آپ نے فرمایا :۔

جس نے اسلام میں اچھا طریقہ نکالا تو اس کے لئے اس کا ثواب ہے اور اس کے بعد اُس پر عمل کرنے والوں کا ثواب ہے جب کہ بعد والوں کے ثواب میں کمی نہیں کی جائے گی اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ نکالا تو اُس پر اُس کا گناہ ہے اور اُس کے بعد اُس پر عمل کرنے والوں کا گناہ ہے جب کہ بعد والوں کے گناہوں میں کمی نہیں کی جائے گی ـــــ ۱۷

اس حدیث مبارکہ میں سنّت حسنہ (اچھا طریقہ) اور سنّت سیئہ (بُرا طریقہ) کی تفہیم کی گئی ہے اور یہ واضح کیا گیا ہے کہ زمانہ کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں کے تحت مستقبل میں بعض لوگ اچھے طریقے نکالیں گے اور بعض لوگ بُرے طریقے ـــــ ـــــ اچھوں کو اُن کی اچھائی کا ثواب ملے گا اور بُروں کو اُن کی برائی کا عذاب

Marfat.com

پھر ایک حدیث میں بُرے طریقے کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

جس نے ہمارے دین میں ایسی چیز ایجاد کی جس کی اصل اس دین سے نہیں ہے، وہ مردود ہے[۱۸]

اس حدیث پاک کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ:۔

جس نے ہمارے دین میں ایسی چیز ایجاد کی جس کی اصل اس دین میں ہے، وہ محبوب ہے۔

گویا سنّتِ حسنہ مرغوب و محبوب ہے اور سنّت سیّئہ مردود ــــــ انھیں مردود اور ناپسندیدہ طریقوں کے بارے میں یہ ارشاد بھی ملتا ہے:۔

بدترین امور وہ ہیں جو نو پیدا ہوں اور ہر نو پیدا (بُرا طریقہ) گمراہی ہے[۱۹]

اس حدیث کو ہر نو پیدا چیز پر منطبق نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ نو پیدا چیزوں اور طریقوں کے بارے میں احادیثِ مبارکہ میں پہلے ہی صراحت کر دی گئی ہے جس کی تفصیل اوپر گزر چکی ہے۔

قرآن حکیم میں بھی نو پیدا امور کا ذکر ہے اور اس پر اجر و ثواب کا بھی، وہ اس طرح کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے پیروکاروں نے ترکِ دنیا اور رہبانیت کو از خود دین میں ایجاد کیا، اللہ نے اُنہیں اس کا حکم نہیں دیا تھا، وہ رحمٰن و رحیم ہے، بندوں پر زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا، ہاں بندے اگر از خود بوجھ اٹھانا چاہیں تو منع نہیں فرماتا بلکہ اجر و ثواب عطا فرماتا ہے، یہ عادتِ الٰہی ہے چنانچہ جن پیروکاروں نے ترکِ دنیا اور رہبانیت کی زندگی گزاری اور اس بدعت کو نباہا اُن کو ان کی نیت اور حسنِ عمل کا اجر عطا فرمایا اور جو نہ نباہ سکے وہ اجر و ثواب سے محروم رہے ــــــ ــــــ قرآن حکیم میں اس کی تفصیل اس طرح ہے:۔

پھر ہم نے اُن کے پیچھے اِس راہ پر اپنے اور رسول بھیجے اور اُن کے پیچھے عیسٰی بن مریم کو بھیجا اور اسے انجیل عطا فرمائی اور اُس کے پیروؤں کے دل میں نرمی اور رحمت رکھی ــــــ اور راہب بننا، تو یہ بات

Marfat.com

انھوں نے دین میں اپنی طرف سے نکالی، ہم نے اُن پر مقرر نہ کی تھی، ہاں یہ بدعت انھوں نے اللہ کی رضا چاہنے کو پیدا کی پھر اسے نہ نباہا جیسا کہ اس کے نباہنے کا حق تھا تو ان کے ایمان والوں کو ہم نے اُن کا ثواب عطا کیا۔
______ (الحدید : ۲۷)

مندرجہ بالا آیت سے یہ نکات اخذ کئے جا سکتے ہیں :-

(۱) اللہ کی رضا چاہنے کے لئے دین میں نئی بات نکالی جا سکتی ہے۔
(۲) جو بات اس مقصد کے لئے دین میں نکالی جائے اس کو ہمیشہ کرتے رہنا چاہیئے، چھوڑنا نہیں چاہیئے۔
(۳) ایسی نئی باتوں اور بدعتوں پر اگر پابندی سے ان پر عمل کیا جائے اللہ کی طرف سے اجر و ثواب ملتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ قرآن حکیم میں ہر چیز کا بیان اور ہر بات کا جواب ہے، یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ عقل و دانش اور وساوس شیطانیہ ہم کو پریشان خیال رکھتے ہیں ______ بہر حال سنن حسنہ کے ساتھ ساتھ سنن سیئہ بھی بدعات میں شامل ہیں جو بیشک گمراہی ہیں ______ امام شاطبی نے کتاب الاعتصام میں سنت سیئہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے :-

دین میں وہ خود ساختہ طریقہ جو شریعت کے مشابہ ہو، اُس پر چلنے کا وہی مقصد ہو جو طریقۂ شرعیہ سے مقصود ہوتا ہے [۲۱]

اس اجمال کی اگر تفصیل کی جائے تو بہت سی ایسی باتیں مردود ٹھہرتی ہیں جو ہماری نگاہ میں محبوب ہیں ______ مثلاً سال میں ملک کے ایک گوشے میں ملک کے مسلمانوں کو جمع کر کے عبادت کرنا اور لمبی لمبی دعائیں مانگنا ______ شریعت میں نماز پنجوقتہ میں محلہ کی مسجد میں سب کو جمع کیا گیا ہے، نماز جمعہ کے لئے شہر کی بڑی مسجد میں اور نماز عید کے لئے شہر سے باہر عیدگاہ میں ______ اس سے زیادہ اللہ نے اپنے بندوں کو تکلیف نہیں دی۔ ہاں جو مکلف

Marfat.com

ہیں ان پر حج فرض کیا گیا بشرط استطاعت ـــــ اب اگر کوئی میدان عرفات کے اجتماع کی نقل کرتا ہے اور بغیر تکلیف شرعی کے لوگوں کو جمع کرتا ہے تو وہ ایسی بدعت کا مرتکب ہے جس کا ذکر امام شاطبی نے کیا ہے اور جس کا ذکر حدیث میں بھی ہے ـــــ بہرکیف نوپیدا امور کو دو خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے، وہ امور جن کی اصل دین میں موجود ہے یقیناً محبوب و محمود ہیں[۲۲] جیسے بیج اور درخت ـــــ درخت کی ایک ایک ٹہنی، ایک ایک پتّے، ایک ایک پھول کا تعلق بیج سے ہے گو بظاہر بیج پر نظر رکھنے والا تعلق محسوس نہیں کرسکتا مگر جس کو علم و بصیرت حاصل ہے وہ اس تعلق کو پالے گا ـــــ اور وہ امور جن کی اصل دین میں نہیں وہ مردود ناپسندیدہ ہیں[۲۳] ـــــ

ایک بات اور ذہن نشین رہے کہ اعمال کا دارومدار نیّت پر ہے جیسا کہ حدیث شریف میں صراحت موجود ہے[۲۴] اس سے معلوم ہوا کہ بعض ناپسندیدہ نظر آنے والے امور بھی اچھی نیت کی بنا پر امور خیر میں شمار کئے جاتے ہیں۔ علامہ ناصرالدین ابن المنیر نے خوب فرمایا :-

مقاصد، فعل کے احکام کو تبدیل کر دیتے ہیں[۲۵] ـــــ

مثلاً ایک شخص اپنے بچّوں کی شادی پر چراغاں کرتا ہے، ہزاروں روپے خرچ کرتا ہے، دوسرا شخص جشن عید میلاد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر چراغاں کرتا ہے، ہزاروں روپے خرچ کرتا ہے ـــــ دونوں نے چراغاں کیا، دونوں نے ہزاروں روپے خرچ کئے ـــــ مگر ایک کا مقصود نمود و نمائش کے سوا کچھ نہیں اور دوسرے کا مقصود تعظیم و تکریم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے ـــــ پہلی کی نیت مردود، مقصد ناپسندیدہ اور دوسرے کی نیّت مقبول اور مقصد پسندیدہ ـــــ اسی لئے متحدہ عرب امارات کی عدالت شرعیہ کے چیف جسٹس شیخ احمد عبدالعزیز المبارک نے محفل عید میلادالنبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا :-

بدعت کا مدار اس کے ہونے والے اچھے اور برے امور پر منحصر ہے اگر وہ

Marfat.com

اچھے ہیں تو وہ پسندیدہ ہیں اور اگر بُرے ہیں تو قابل مذمت ۲۶ ـــــ

○

بعض حضرات ایسے بھی نظر آئیں گے جنہوں پسندیدہ امور کی بھی مخالفت فرمائی ہے ـــــ اس مخالفت کی کئی وجوہ اور اسباب ہو سکتے ہیں، مثلاً:۔

(۱) اختلاف کرنے والے کی نظر میں وہ چیز پسندیدہ نہیں، اُس نے اخلاص کی بنا پر اُس کی مخالفت کی ہو جیسے بیعت الرضوان کے موقع پر حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کے فیصلے سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اختلاف جو عارضی تھا اور بعد میں اُن کو نادم ہونا پڑا ـــــ یا قرآن کریم کی تدوین سے متعلق حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے سے اختلاف لیکن بعد میں اُن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے صائب معلوم ہوئی اور انھوں نے رجوع فرمایا ـــ

(۲) انسان تجربات و مشاہدات کے بعد کسی حتمی نتیجے پر پہنچتا ہے اگر اس کو بصیرت حاصل ہے تو نتیجہ جلد سامنے آجاتا ہے ورنہ برسوں بعد پتا چلتا ہے کہ وہ شے پسندیدہ ہے یا ناپسندیدہ، اس لئے اختلاف کی ایک صورت یہ ہے کہ اختلاف کرنے والے نے عدم بصیرت کی بنا پر اختلاف کیا ہو پھر جب تجربات و مشاہدات کی روشنی میں یہ ثابت ہو گیا کہ واقعی وہ پسندیدہ ہے تو اختلاف کرنے والے نے اپنا فیصلہ بدل دیا ہو۔

(۳) اختلاف کی ایک صورت یہ ہے کہ وہ چیز کسی خاص وقت میں فرد یا افراد کے لئے غیر مفید اور مضر ہے اس لئے جس طرح طبیب اور حکیم مریضوں کو بعض جائز اور حلال چیزوں سے سخت پرہیز بتاتا ہے اسی طرح اس شے وقت معین کے لئے منع کیا ہو اور بعد میں اس کو جائز اور پسندیدہ قرار دے دیا ہو ـــ

Marfat.com

④ بعض انسانی طبائع ایسی ہیں کہ اُن کو ابتدا میں ہر نئی چیز بُری لگتی ہے اس لئے مخالفت کی ایک صورت یہ ہے کہ طبعاً اس چیز کی مخالفت کی ہو پھر زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ ناپسندیدہ، رفتہ رفتہ پسندیدہ ہوگئی ہو،

⑤ مخالفت کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ مخالفت کرنے والا اپنی انا کو قائم رکھنے کے لئے دوسرے کے مقابلے میں ایک پسندیدہ چیز کو ناپسند کیے اور اپنی ضد پر قائم رہے حالانکہ اس کو معلوم ہے کہ جس چیز کی مخالفت کر رہا ہے وہ حقیقتاً پسندیدہ ہے صرف اپنی بات رکھنے کو وہ ضد پر قائم ہے۔

⑥ اختلاف کی ایک صورت یہ ہے کہ اختلاف کرنے والا کسی سازش کا شعوری یا غیر شعوری طور پر شکار ہے اور وہ دشمنوں کے بعض عزائم کی تکمیل کے لئے مخالفت کر رہا ہے۔ ایسی مخالفت کرنے والا مندرجہ بالا تمام مخالفت کرنے والوں سے شدید تر ہوتا ہے اور جس چیز کی مخالفت کرتا ہے اس کو ختم کرنے کے لئے ہر حربہ استعمال کرتا ہے حتیٰ کہ کشت و خون سے بھی دریغ نہیں کرتا!

حضرت شاہ ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ علیہ نئی نئی رسموں کے ایجاد پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

کبھی وہ اُن امور کی تفصیل و تشریح ہوتی ہے جن کو لوگ اپنے دلوں میں موجود پاتے ہیں اور اپنی دلی شہادت سے اُن کو قبول کر لیتے ہیں ۲۷

پھر انہی رسوم کی افادیت اور اُن کی مخالفت میں ہلاکت کی نشاندہی فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

اور مستعمل طریقے اپنی اصلی حالت میں درست ہوتے ہیں اس لئے کہ ان سے عمدہ تدابیر کی حفاظت ہوتی ہے اور اُن کے ذریعہ سے افرادِ انسانی کو کمالِ نظری یا عملی حاصل ہوتا ہے اور اُن کے نہ ہونے سے

Marfat.com

اکثر لوگ بہائم طبع ہو جاتے ہیں ۲۸

اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ سنن حسنہ (اچھے طریقے) جنہوں نے انسان کے فطری تقاضوں کے تحت جنم لیا ہو اور انسان کے فکری اور عملی کمال میں مددگار ہوتے ہوں، اگر ان کو روکا جائے تو انسان درندہ صفت ہو جاتا ہے اور ایک دوسرے کا خون بہانے لگتا ہے۔ تاریخ جدید اور قدیم میں ایسی مثالیں مل جائیں گی جن سے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے اس خیال کی تصدیق ہوتی ہے۔

رسوم کی تبدیلیوں کے بارے میں ڈاکٹر اقبال نے یہ اظہار خیال کیا ہے:۔

زمانہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے، انسانوں کی طبائع، ان کے افکار اور ان کے نقطہ ہائے نگاہ بھی زمانے کے ساتھ ہی بدلتے رہتے ہیں، لہٰذا تہواروں کے منانے کے طریقے اور مراسم بھی ہمیشہ متغیر ہوتے رہتے ہیں اور ان کے استفادے کے طریقے بھی بدلتے رہتے ہیں، ہمیں چاہئے کہ ہم بھی اپنے متقدس دنوں کے مراسم پر غور کریں جو تبدیلیاں افکار کے تغیرات سے ہونا لازم ہیں ان کو مدنظر رکھیں ۲۹

حقیقت یہ ہے کہ جس طرح جسم کے لئے وٹامنز ضروری ہیں اسی طرح معاشرے کی تشکیل و تعمیر اور ترقی کے لئے سنن حسنہ (اچھے طریقوں) کی ایجاد ضروری ہے۔ اسی لئے حدیث پاک میں ان کی رعایت رکھی گئی ــــــ یہ سنن حسنہ ایسی ہی ہیں جیسے جسم کے لئے لباس ــــــ اور لباس حالات کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہیں ان کی وضع قطع ایک حالت پہ نہیں رہتی ــــــ اسی طرح رسم و رواج میں تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں ــــــ مثلاً عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منانے میں بعض امور ایسے دیکھنے میں آتے ہیں جو پہلے نظر نہ آتے تھے۔ متحدہ عرب امارات کی عدالت عالیہ کے چیف جسٹس شیخ احمد عبدالعزیز المبارک اس پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

اگرچہ بعض مقامات پر اس خوشی میں کھیل کود کے مظاہر بھی ہوتے ہیں

Marfat.com

لیکن اگر اس میں حرام اور خلاف شرع امور نہ ہوں تو وہ مباح ہیں جیسا کہ حبشیوں نے مسجد نبوی میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا ہے جس کی صحیح مسلم میں تصریح موجود ہے ۳۱

جشن ولادت باسعادت کے سلسلے میں کوئی بات بظاہر ناپسندیدہ بھی نظر آئے تو معترض کو مولانا محمد قاسم نانوتوی کے یہ اشعار پیش نظر رکھنے چاہئیں، آپ فرماتے ہیں:۔

عجب نہیں تیری خاطر سے تری امت کے
گناہ ہو ویں قیامت کو طاعتوں میں شمار
بکیں گے آپ کی امت کے جرم ایسے گراں
کہ لاکھوں مغفرتیں کم سے کم یہ ہونگی نثار ۳۲

جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے کہ نو پیدا چیزوں میں بعض شریعت کی نگاہ میں پسندیدہ ہیں اور بعض ناپسندیدہ ــــــ یہ بھی عرض کیا گیا کہ پسندیدہ چیزوں کے بارے میں بعض حضرات اختلاف رائے رکھتے ہیں پھر اس اختلاف رائے کی کئی صورتیں لوراسبا پیش کئے من جملہ دیگر صورتوں کے ایک صورت یہ پیش کی گئی کہ اختلاف رکھنے والا اور مخالفت کرنے والا شعوری یا غیر شعوری طور پر کسی سازش کا شکار ہو اور جان بوجھ کر یا ان جانے کسی پوشیدہ مقصد کی تکمیل کے لئے مخالفت کر رہا ہو ــــــ یہاں اس نکتے کی مزید وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

تاریخ شاہد ہے کہ صدیوں تک مسلمان میدان جنگ میں یہود و نصاریٰ کو شکست دیتے رہے اور خود صدیوں تک ناقابل تسخیر بنے رہے ــــــ آخری دور میں بھی ان کی حکومت وسلطنت یورپ، افریقہ اور ایشیا تین براعظموں پر پھیلی ہوئی دنیا کی سب سے بڑی مملکت تھی جس کو سلطنت عثمانیہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ میدان جنگ میں شکست کھا کر دشمنان اسلام نے نظریاتی جنگ چھیڑ دی اور عالم اسلام کے فکری اتحاد کو پارہ پارہ کر کے ان کو جماعتوں اور گروہوں میں تقسیم کر دیا، یہ جنگ گزشتہ تین

Marfat.com

صدیوں سے اب تک جاری ہے۔

جب ہندوستان میں انگریزی کا عمل دخل ہوا تو بعض حضرات نے انگریزی تعلیم کی سخت مخالفت کی اور بعض خاندان برسوں اس تعلیم کی مزاحمت کرتے رہے۔ اصل میں لٹریچر اور زبان اپنے دامن میں خیالات و تصورات کا ایک سرمایہ رکھتے ہیں، پڑھنے والا ان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا ــــــ رفتہ رفتہ اس کے نظریات میں تبدیلی آنے لگتی ہے اور کچھ عرصہ کے بعد وہ بدلنے لگتا ہے اور پھر بدل ہی جاتا ہے ــــــ سرسید احمد خان نے انگریزی تعلیم اور تہذیب و تمدن کی پرزور حمایت کی، اُن کو اندازہ نہ تھا کہ اس سے ملت اسلامیہ میں کتنا بڑا انقلاب آئیگا، وہ سمجھتے رہے کہ اُن کے "قائم کردہ جامعہ سے طلبہ پکے" اور سچے مسلمان بن کر نکلیں گے۔ ــــــ لیکن آخر عمر میں جب انھوں نے اپنی فصل کو تیار ہوتے دیکھا تو سخت مایوس ہوئے اور ایک مکتوب میں یہاں تک لکھا کہ میں تو سمجھ رہا تھا کہ یہ مسلمان رہیں گے، یہ تو زندیق اور ملحد ہو گئے ــــــ تو عرض یہ کر رہا تھا کہ لٹریچر اور زبان اپنے ساتھ نظریات و تصورات لاتے ہیں جو پڑھنے والوں کو متاثر کیے بغیر نہیں رہتے ــــــ چنانچہ انگریزی تعلیم حاصل کرنے والوں میں بالعموم یہ تبدیلی آئی، ــــــ جو نماز پڑھتے تھے، انھوں نے نمازیں چھوڑ دیں، جو روزہ رکھتے تھے انھوں نے روزے چھوڑ دیئے، جو ٹوپیاں اوڑھتے تھے، انھوں نے ٹوپیاں اتار دیں ــــــ جو داڑھیاں رکھتے تھے، انھوں نے داڑھیاں تک منڈوادیں ــــــ جو بیٹھ کر کھاتے تھے وہ کھڑے ہو کر کھانے لگے ــــــ جو اللہ اور اللہ کے محبوبوں سے محبت کرتے تھے، وہ اغیار سے محبت کرنے لگے ــــــ

بیشک دشمنان اسلام کی یہی کوشش رہی کہ عاشقانِ رسول کو گستاخی رسول کے "شجر ممنوعہ" کی طرف اس دل ربا انداز سے متوجہ کیا جائے جس دل کش انداز سے شجر ممنوعہ کی طرف ابلیس نے آدم علیہ السلام کو متوجہ کیا تھا اور کہا تھا کہ کیا ایسی چیز نہ بتادوں جس کو کھا کر تم ہمیشہ ہمیش اسی جنت میں رہو اور ایسی سلطنت نہ دلوادوں جو قائم و دائم

Marfat.com

ہو اور ایسی زندگی جو جاوداں ہو ـــــ بات بڑی دل ربا تھی ـــــ پھر وہی ہوا جو رب کو منظور تھا ـــــ دشمنانِ اسلام اِس دنیا میں قصۂ ابلیس و آدم کو پھر دہرانا چاہتے ہیں ـــــ وہ آدم (علیہ السلام) جس نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے طفیل اللہ کی خوشنودی حاصل کی، اس کی اولاد کو گستاخیٔ رسول کا سبق سکھا کر جہنم میں دھکیلنا چاہتے ہیں:

اسلامی تاریخ و سیاست کے مطالعہ سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ "عشقِ رسول" سے ملتِ اسلامیہ میں جہاں گیری کی قوت پیدا ہوئی اور اتباعِ رسول سے جہاں بانی و جہاں آرائی کا سلیقہ آیا ـــــ جس ملت میں جہاں گیری و جہاں بانی اور جہاں آرائی کا جوہر نہ ہو وہ حکومت نہیں کر سکتی، اس کی قسمت میں غلامی لکھ دی جاتی ہے ـــــ

ـــــ آزادی میں عشقِ رسول کی جو کیفیت تھی وہ اپنی جگہ، غلام ہندوستان کے مسلمانوں میں بھی اس قدر ایمانی حرارت تھی کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں ادنیٰ گستاخی برداشت نہ کی جاتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ سرفروشانِ اسلام میں غازی عبدالرشید شہید، غازی میاں محمد شہید، غازی عبدالقیوم شہید، غازی محمد صدیق شہید اور غازی علیم الدین شہید[3] وغیرہ نے گستاخانِ رسول کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاموش کر دیا اور خود مسکراتے ہوئے تختۂ دار پر چڑھ گئے ؎

قسمت نگر کہ کشتۂ شمشیرِ عشق یافت
مرگے کہ زندگاں بدعا آرزو کنند

اب حالات سامنے ہیں، وہی زمین، وہی آسماں، وہی ہم ـــــ مگر ہم ایسے بدلے کہ گستاخانِ رسول سے باز پرس تو کیا کرتے خود گستاخیاں کرنے لگے اور پاک و صاف دلوں میں وسوسے پیدا کر کے ابلیس کی صف میں کھڑے ہو گئے ـــــ

سنیئے قرانِ حکیم کیا کہہ رہا ہے:

آپ کہہ دیجئے میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا پروردگار ہے جو سب لوگوں کا بادشاہ ہے، جو سب لوگوں کا معبود ہے ـــــ

Marfat.com

ـــــ اس کے شر سے جو دلوں میں بڑے خطرے ڈالے اور دبک رہے

ـــــ وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں جن اور آدمی[۳۴]

یہ دیکھنے والا، دلوں میں وسوسے ڈالنے والا، خدا اور رسول سے دور کرنے والا، ملت میں تفرقے ڈالنے والا، دل کو دل سے جدا کرنے والا خدا کے نزدیک اسی طرح پناہ مانگنے کے قابل ہے جس طرح ابلیس اور شیطان کیونکہ یہ سب کام مصلحین کے نہیں، مفسدین کے ہیں ـــــ دورِ جدید کی تمام دماغ سوزیوں اور بحث و مباحثہ کا مقصد یہ ہے کہ گرمیٔ عشقِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) دل سے نکل جائے اور مسلمان جسدِ بے روح بن کر رہ جائے ـــــ ایک جدید اسلامی تحریک سے متاثر ایک نوجوان سے راقم نے دریافت کیا، سچ کہئے کیا آپ اپنے دل میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سرفروشانہ جذبہ پاتے ہیں جو آن کی آن میں آپ کو جان دینے پر آمادہ کر دے؟ انھوں نے نہایت سچائی کے ساتھ نفی میں جواب دیا اور کچھ سوچ کر نادم بھی ہوئے ـــــ حقیقت یہ ہے کہ اسلام دماغ سوزی کا نام نہیں ـــــ اسلام جگر سوزی کا نام ہے، اسلام عشقِ مصطفیٰ کا نام ہے، اسلام جاں باختگی اور جاں سپردگی کا نام ہے۔

○

دشمنانِ اسلام نے اسی روح کو تاکا جس نے مسلمانوں کو تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیوانہ بنا رکھا تھا اور مغرب سے لیکر مشرق تک اور جنوب سے لے کر شمال تک متحد کر رکھا تھا ـــــ چنانچہ برطانیہ نے اٹھارویں صدی عیسوی سے قبل ہی یہ سوچنا شروع کر دیا تھا:

۱۔ ایسی تدابیر اختیار کی جائیں جو سلطنت انگلستان کی نوآبادیوں میں اس کے عمل دخل اور قبضے کو مستحکم کریں۔

۲۔ ایسے پروگرام مرتب کئے جائیں جس سے ان علاقوں میں اثر و رسوخ قائم ہو جو نوآبادیاتی نظام کا شکار نہیں ہوئے[۳۵]

Marfat.com

انھیں مقاصد کی تکمیل کے لئے ایک جاسوس ہمفرے کو[۳۶] ۱۷۱۰ء میں انگلستان کی نوآبادیاتی وزارت نے مصر، عراق، ایران، حجاز اور عثمانی سلطنت کے دارالخلافہ استنبول کی جاسوسی پر مامور کیا ـــــ اس کے ذمہ یہ کام تھے :۔

① مسلمانوں کی کمزوریوں کی نشاندہی کرنا۔

② مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنا۔

سکریٹری وزارت نوآبادیات نے پھوٹ ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل ممکنہ شوشوں کی نشاندہی کی :۔

① ـــــ نسلی اختلاف

② ـــــ قبائلی اختلاف

③ ـــــ جغرافیائی اختلاف

④ ـــــ قومی اختلاف

⑤ ـــــ لسانی اختلاف

⑥ ـــــ مذہبی اختلاف [۳۷]

سکریٹری وزارت نوآبادیات نے ہمفرے پر یہ واضح کر دیا :۔

جب تک ہم اپنے نوآبادیاتی علاقوں میں نفاق، تفرقہ، شورش اور اختلاف کی آگ کو ہوا نہیں دیں گے، پرسکون اور مرفہ الحال نہیں ہو سکتے [۳۸]

وزارت نوآبادیات کی طرف سے ہمفرے کو ایک ہدایت نامہ بھی دیا گیا جس کا عنوان تھا :۔

"اسلام کو صفحۂ ہستی سے کیوں کر مٹایا جا سکتا ہے ؟"

یہاں اس ہدایت نامے کی چیدہ چیدہ شقوں کو پیش کرتا ہوں :۔

① ایسے افکار کی ترویج جو قومی، قبائلی، نسلی عصبیتوں کو ہوا دیں اور لوگوں کو گزشتہ قوموں کی تاریخ، زبان اور ثقافت کی طرف شدت سے مائل کر دیں، وہ ماقبل اسلام تاریخی شخصیتوں پر فریفتہ ہو جائیں اور اُن کا احترام کریں [۳۹]

Marfat.com

(۲) مسلمانوں کو اسلامی احکامات اور اس کے اوامر و نواہی سے روگردانی کی ترغیب دیں کیوں کہ احکام شرع سے بے توجہی معاشرے میں بدنظمی اور افراتفری کا سبب ہوتی ہے۔

(۳) علمائے دین اور عوام کے درمیان دوستی اور احترام کی فضا کو آلودہ کرنا وہ اہم فریضہ ہے جسے انگلستان کی حکومت کے ہر ملازم کو یاد رکھنا چاہیے

(۴) ائمہ دین کے مزارات پر تعمیر کی بندش۔

(۵) اپنے آپ کو تمام گھرانوں میں پہنچا کر باپ بیٹے کے تعلقات کو اس حد تک بگاڑا جائے کہ بزرگوں کی نصیحت بے اثر ہو جائے۔

(۶) عورتوں کی بے پردگی کے بارے میں ہمیں سعیٔ بلیغ کی ضرورت ہے تاکہ مسلمان عورتیں خود پردہ چھوڑنے کی آرزو کرنے لگیں۔

(۷) ہماری دشواریوں میں ایک بڑی دشواری بزرگان دین کے مزاروں پر مسلمانوں کی حاضری ہے۔ ضروری ہے کہ مختلف دلائل سے یہ ثابت کیا جائے کہ قبروں کو اہمیت دینا اور ان کی آرائشات پر توجہ دینا بدعت اور خلاف شرع ہے ...... آہستہ آہستہ ان قبروں کو مسمار کر کے لوگوں کو ان کی زیارت سے روکا جائے۔

(۸) دوسرا کام ہمیں یہ کرنا ہوگا کہ ہم حقیقی سادات اور علمائے دین کے سروں سے ان کے عمامے اتروائیں تاکہ پیغمبر خدا سے وابستگی کا سلسلہ ختم ہو اور لوگ علماء کا احترام چھوڑ دیں۔

(۹) آزاد خیالی اور چون و چرا والی کیفیت کو مسلمانوں کے اذہان میں راسخ کرنا چاہیے تاکہ ہر آدمی آزادانہ طور پر سوچنے کے قابل ہو۔

(۱۰) نسل کو کنٹرول کیا جائے اور مردوں کو ایک سے زیادہ بیوی اختیار کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ نئے قوانین وضع کر کے شادی کے مسئلے کو دشوار بنایا جائے ۴۰؎

Marfat.com

اسی قسم کی اور بہت سی ہدایات ہیں جو ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہیں۔
وزارت نوآبادیات نے اسلام کی طاقت و قوت کے سرچشموں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان دو سرچشموں کا بھی ذکر کیا ہے جو نہایت اہم ہیں:۔

(۱) پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) اہل بیت، علماء اور صلحاء کی زیارت گاہوں کی تعظیم اور ان مقامات کو ملاقات اور اجتماع کے مراکز قرار دینا۔

(۲) سادات کا احترام اور رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کا اس طرح تذکرہ کرنا گویا وہ ابھی زندہ ہیں اور درود و سلام کے مستحق ہیں ۴۱ (ص ۹۸)

ان سرچشموں کو پاٹنے کے لئے یہ ہدایت دی گئی:۔

پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کے جانشینوں اور کلی طور پر اسلام کے برگزیدہ شخصیتوں کی اہانت کا سہارا لے کر اور اسی طرح شرک و بت پرستی کے آداب رسوم کو مٹانے کے بہانے مکہ، مدینہ اور دیگر شہروں میں جہاں تک ہو سکے مسلمانوں کی زیارت گاہوں اور مقبروں کی تاراجی ۴۲

اس مقصد کے حصول کے لئے وزارت نوآبادیات نے ضرورت محسوس کی کہ مسلمانان عالم کے عقائد و افکار میں رخنے ڈالنے کے لئے نیا مسلک و مذہب ایجاد کیا جائے اور پھر اس کے بانی اس کے مذہب میں شمولیت اختیار نہ کرنے والے مسلمانوں کی تکفیر اور ان کے مال، عزت اور آبرو کی بربادی کو روا سمجھا جائے اور اس ضمن میں گرفتار کئے جانے والے مخالفین کو بردہ فروشی کی مارکیٹ میں کنیز و غلام کی حیثیت سے بیچنا ۴۳

چنانچہ اس پروگرام کے تحت نئے مسلک و مذہب کو متعارف کرایا گیا اور یہی کچھ کیا گیا جس کی وضاحت مندرجہ بالا الفاظ میں کی گئی ہے۔ بلیسویں صدی عیسوی میں ہندوستان میں بھی ایک کوشش کی گئی ۴۴ اور اس سے قبل انیسویں صدی عیسوی میں بھی کی جا چکی تھی ۴۵

Marfat.com

○

مسٹر ہمفرے اوران کے ساتھیوں کو عالم اسلام میں انتشار اور افتراق پیدا کرنے کے لئے اٹھارویں صدی عیسوی میں بھیجا گیا تھا اس کے بعد انیسویں صدی عیسوی میں ایک اور جاسوس کو بھیجا جو لارنس آف عریبیا[۴۶] کے لقب سے جانا پہچانا جاتا تھا ـــــ اس کو تمام عرب کا نجات دہندہ تصوّر کیا جاتا ہے مگر جب اس کے چہرے سے نقاب الٹا تو معلوم ہوا کہ اس کو برطانوی مستعمرین نے سلطنت عثمانیہ کے خلاف عربوں کو بغاوت پر آمادہ کرنے اور عرب سرزمین پر اسرائیلی حکومت قائم کرنے کے لئے زمین ہموار کرنے کی ذمہ داری سونپی تھی ـــــ فلپ نائٹلی اور کولن سمپسن نے اپنی کتاب ـــــ LAWRENCE OF ARABIA THE SECRET. میں خفیہ فائلوں اور دستاویزوں کی روشنی میں اس راز کو طشت ازبام کیا ہے.

یہ پہلی جنگ عظیم کا واقعہ ہے جب سامراجی طاقتیں اپنے آدمیوں کو مختلف بھیس میں بھیجا کرتی تھیں ـــــ لارنس کا اصل نام تھامس ایڈورڈ لارنس تھا، لارنس نے عربوں میں رہ کر اُن کی تہذیب و تمدن اور زبان کو ایسا اپنایا کہ وہ عربوں میں بالکل گھل مل گیا حتیٰ کہ عربوں نے اس کو اپنا رہنما بنالیا پھر اس نے بڑی آسانی سے سامراجی عزائم پورے کئے ـــــ سنّی مسلمانوں کی عظیم مملکت سلطنت عثمانیہ جو تین برّاعظموں پر پھیلی ہوئی تھی ٹکڑے ٹکڑے ہونے لگی ـــــ فرانس نے الجزائر، تیونس، مراکش چھین لئے ـــــ برطانیہ نے مصر پر پنجے جمائے ـــــ آسٹریا نے ہنگری کے ساتھ مل کر بوسینیا اور ہرزی گو وینیا پر قبضہ جمایا ـــــ اٹلی نے لیبیا پر اور بلقان کے صوبے بغاوت اور سازشوں کے ذریعہ الگ ہو گئے ـــــ اس طرح سامراجی جاسوسوں نے مسلمانوں کی ساکھ کو سخت نقصان پہنچایا[۴۷] ـــــ وہ ہمدرد بن کر آئے اور انھوں نے وہ کام کیا جو ایک دشمن جاں کر سکتا ہے.

یہ سلسلہ اب تک جاری ہے عالمی طاقتیں اپنے مذہبی اور سیاسی عزائم پورے

Marfat.com

کرنے کے لئے میدان جنگ سے زیادہ معاشرتی اور نظریاتی میدانوں میں کام کررہی ہیں ــــــ اور خیر خواہی کے پردے میں غیر ترقی یافتہ ممالک میں پوری توانائی کے ساتھ اپنا کام کر رہی ہیں ــــــ خیر خواہی کی مختلف صورتیں مثلاً کہیں سیلاب آیا، مدد کی ضرورت ہوئی تو اس کے جاسوس سیلاب زدہ لوگوں کے لئے سامان لیکر پہنچ جاتے ہیں، کوئی وبا پھیلتی ہے تو یہی جاسوس ڈاکٹروں کی شکل میں پہنچ جاتے ہیں[۴۸] ــــــ کہیں آزادی کی جنگ لڑی جارہی ہے تو یہ حامی و مددگار بن کر پہنچ جاتے ہیں ــــــ قحط پڑتا ہے تو یہی جاسوس سامان خورد و نوش لے کر پہنچ جاتے ہیں ــــــ کہیں تیل یا معدنیات نکالنی ہیں تو یہ جاسوس ماہرین اور انجینئر کی صورت میں پہنچ جاتے ہیں ــــــ کہیں جہالت ہے تو یہ جاسوس ماہرین تعلیم کی شکل میں پہنچ جاتے ہیں ــــــ الغرض علم و فن کے ماہرین ڈاکٹر، انجینئر، ریاضی داں، ماہرین معاشیات، ماہرین اقتصادیات، ماہرین ارضیات، ماہرین آثار قدیمہ اور دوسرے بہت سے ماہرین ہنگامی حالات میں ضرورت مندوں کی ضرورتوں اور مصیبتوں سے فائدہ اٹھا کر اس طرح آجاتے ہیں اور اپنے اپنے کام کر کے چلے جاتے ہیں، عام آدمی کو خبر تک نہیں ہوتی کہ جو دینے آیا تھا وہ لوٹ کر لے گیا ــــ

جب راقم ولادت باسعادت کے موضوع پر تحقیق کر رہا تھا تو یہ حیرتناک حقیقت سامنے آئی کہ جو حضرات برطانوی سامراج کے حامی و مددگار تھے۔ وہ محافل میلاد منعقد کرنے اور جشن میلاد منانے کے سخت خلاف تھے، اگر متذکرہ بالا سازشوں کی روشنی میں اس حقیقت کو دیکھا جائے تو بات سمجھ میں آجاتی ہے ــــــ یہاں چند مثالیں پیش کروں گا، ورنہ اس موضوع پر مستقل ایک کتاب لکھی جاسکتی ہے ــــ

ایک فاضل جلیل جو علم و دانش میں یگانۂ روزگار تھے اور جن کو ہندستان کی ایک ریاست میں اقتدار و اختیار حاصل تھا، فرماتے ہیں :-

Marfat.com

میں تیس سال کامل متوسل و متوطن اس ریاست بھوپال کا ہوں ....
... حکام عالی منزلت یعنی کارپردازان دولت انگلشیہ کو تجربہ اس
ریاست کی خیر خواہی اور وفاداری کا عموماً اور اس بے صولت دولت
کا خصوصاً ہو چکا ہے [۴۹]

اس فاضل جلیل کے ایک ہم عصر علامہ محمد عالم آسی امرتسری نے اپنا چشم دید ایک واقعہ نقل کیا ہے ___ وہ لکھتے ہیں:

نواب صدیق حسن خاں بہادر نے ریاست بھوپال میں امیر الملک
والاجاہ کا خطاب حاصل کیا ___ کسی نے اتفاقاً ان کے زیر حکومت
محفل میلاد منعقد کی ___ نواب صاحب نے اس کو سخت دھمکایا
اور حکم دیا کہ اس کا مکان کھود کر معدوم کیا جائے [۵۰]

خدا کی شان اس کے حکم کے چند روز بعد وہ معزول ہو کر بے دست و پا ہو گئے اور اختیار بے اختیاری میں بدل گیا ___

ایک اور بزرگ جنہوں نے ۱۸۵۷ء میں مجاہدینِ جنگ آزادی سے انگریزوں کی حمایت میں مقابلہ کیا تھا [۵۱] اور جو اپنے زمانے کے وحید العصر اور فقیہ النفس سمجھے جاتے تھے، مجالس عید میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے انعقاد کیلئے فرماتے ہیں:

(۱) عقد مجلس مولود اگرچہ اس میں کوئی امر غیر مشروع نہ ہو
اس زمانے میں درست نہیں [۵۲]

(۲) انعقاد مجلس مولود ہر حال میں ناجائز ہے [۵۳]

(۳) مجالس میں شرکت بھی ناجائز بسبب اور وجوہ کے [۵۴]

ایک اور عالم جو ابتدا میں خود ربیع الاول شریف میں وعظ فرماتے تھے۔ بلکہ محافل میلاد میں بھی انھوں نے شرکت کی [۵۵] مگر بعد میں انھوں نے مسلمانوں کو ہدایت کی کہ اس قسم کی محافل منعقد نہ کریں ___ موصوف پر خود ان کے ہم مسلک حضرات نے انگریزوں سے مدد لینے کا الزام لگایا ہے ___ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے متعلق نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

جب حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے حالات پڑھنے کا شوق ہو کوئی معتبر کتاب لے کر خود پڑھ لے یا بے اکٹھا کئے ہوئے گھر کے دو چار آدمی یا جو ملنے آگئے ہوں اُن کو بھی سنا دے [۵۷]

یعنی بہرصورت محفل میلاد کر کے دوسروں کو دعوت نہ دے، خود ہی پڑھ کر فارغ ہو جائے

بعض نظریات و خیالات ایسے بھی ہوتے ہیں جو پہلے پائے جاتے ہیں مگر تحریک کی شکل میں نہیں بلکہ وہ ردّ عمل کے طور پر ابھرتے ہیں جو ایک فطری عمل ہے پھر ختم ہو جاتے اور کثرت رائے میں گم ہو جاتے ہیں، اس میں کسی سیاست کا دخل نہیں ہوتا لیکن جب مخالفانہ خیالات و نظریات ایک تحریک کی شکل اختیار کر لیں تو پھر ان کے پیچھے بہت سے سیاسی اور نظریاتی عوامل کارفرما ہوتے ہیں، پھر ان کا سنجیدگی سے مطالعہ کرنا چاہیئے اور تاریخ و سیاست دونوں پر نظر رکھنا چاہیئے۔

عرض کیا جا چکا ہے کہ شریعت کی نگاہ میں بعض نو پیدا باتیں پسندیدہ ہیں اور بعض ناپسندیدہ لیکن بعض حضرات پسندیدہ باتوں سے بھی مسلمانوں کو روکتے ہیں، ممکن ہے روکنا اور منع کرنا دشمن اسلام قوتوں کی سازشوں کا نتیجہ ہو اس لئے ضرورت ہے کہ ہم اپنا محاسبہ کریں اور دیکھیں کہ کہیں ہم غیر شعوری طور پر سازشوں کا شکار تو نہیں۔ ـــــ ہم اور ہمارے علماء بہت سیدھے سادے ہیں جب کہ دشمن نہایت ہی ہوشیار اور دُور اندیش ہے ـــــ دشمن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ ہمارے ہی ہتھیاروں سے ہمارے خلاف نبرد آزما ہو ـــــ وہ قرآن و حدیث لے کر سامنے آتا ہے اس لئے قرآن حکیم کے اس انتباہ کو پیش نظر رکھنا چاہیئے:۔

اسی سے بہت سے لوگ گمراہ ہوتے ہیں اور بہت سے راہ پاتے ہیں [۵۸]

اسی لئے قرآن حکیم نے ضلالت و گمراہی سے بچنے کے لئے خود احتسابی کا زرّیں اصول نوع انسانی کے سامنے رکھا اور ارشاد فرمایا :۔

بیشک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنے

Marfat.com

باطن کو نہ بدل ڈالے ۵۹

یعنی انقلاب اندر سے آتا ہے، باہر سے نہیں، اسی لئے اقبال نے دورِ جدید کے اساتذہ پر تنقید کرتے ہوئے فرمایا:

شیخ مکتب کے طریقوں سے کشادِ دل کہاں!
کِس طرح کبریت سے روشن ہو بجلی کا چراغ!

یعنی جس طرح دیا سلائی سے بجلی کا بلب جلنا ممکن نہیں ہے اسی طرح اسکول، کالج اور جامعات کے اساتذہ کے لیکچروں سے دل کا روشن ہونا ممکن نہیں ——— چنانچہ اقبال تعلیم سے زیادہ تربیت کو ترجیح دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

پچاس سال سے شور برپا ہے کہ مسلمانوں کو تعلیم حاصل کرنی چاہیئے لیکن جہاں تک میں نے غور کیا تعلیم سے زیادہ اس قوم کی تربیت ضروری ہے اور ملی اعتبار سے یہ تربیت علماء کے ہاتھ میں ہے ۶۰

اس میں شک نہیں ملت اسلامیہ کو تعلیم سے زیادہ تربیت کی ضرورت ہے۔ جن علماء نے محافل میلاد اور جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید و حمایت فرمائی اس کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ان محافل اور ولادت باسعادت پر خوشیاں منانے سے مسلمانوں کو تربیت ہوتی ہے اور ان میں جذبۂ حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیدار رہتا ہے چنانچہ متحدہ عرب امارات کی عدالت شرعیہ کے چیف جسٹس شیخ احمد عبدالعزیز المبارک نے محفل میلاد اور جشن میلاد پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس کی اباحت اور استحباب کی وجہ یہ بتائی ہے:

کیوں کہ اس تقریب نے لوگوں کے کردار بنانے اور جذبات ابھارنے میں بڑا تاریخی کردار ادا کیا ہے ۶۱

جذبات کا بیدار رہنا قومی زندگی کے لئے ضروری ہے، جذبہ سوگیا تو زندہ نظر آنیوالی قوم بھی مردہ ہے ——— وہ بظاہر سب کچھ ہوتے ہوئے مجبور اور بے دست و پا ہے ——— اور اگر جذبہ بیدار ہے تو وہ قوم بظاہر کچھ نہ ہوتے ہوئے بھی سب

Marfat.com

کچھ ہے ـــــــ وہ سلطنتیں بنا سکتی ہے، وہ حکومتیں جنم دے سکتی ہے، وہ تہذیب و تمدن کو پروان چڑھا سکتی ہے، وہ دنیا کے غریبوں اور مظلوموں کے لئے ایک سہارا بن سکتی ہے، دنیا کا ہر مظلوم اُسی کی راہ تکتا ہے ـــــــ اُس کے ہوتے ہوئے کوئی ظالم و سفاک مظلوم و بے کس کو ٹیڑھی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا ـــــــ اور ہاں جذبہ سویا ہوا ہو تو دن کی روشنی میں گھر لوٹ لئے جاتے ہیں، عزتیں لوٹ لی جاتی ہیں، معصوم جانوں سے کھیلا جاتا ہے ـــــــ اور عدل و انصاف کا مذاق اُڑایا جاتا ہے ـــــــ

یہی جذبہ ہے جس کو قرآن حکیم نے "تقویٰ" سے تعبیر کیا ہے ـــــــ اس کی بارگاہ میں اسی کی قدر و منزلت ہے ـــــــ نماز پڑھنے والے سے خود فرما رہا ہے کہ نیکی یہ نہیں کہ منہ مغرب کی طرف کر لیا یا مشرق کی طرف کر لیا بلکہ نیکی نام ہے توجہ الی اللہ کا اور توجہ الی الرسول کا[٦٢] ـــــــ دل نہ بدلا تو کچھ نہ بدلا ـــــــ کہ حضورِ یار میں یار کے سوا کسی پر نظر نہ ہو، ہر چیز کو یار کے قدموں پر نچھاور کر دے[٦٣] ـــــــ ہم تقویٰ کو روتے ہیں مگر اس کے لئے ایسی مثالی زندگی کی ضرورت ہے جس سے سرفروشانہ محبت ہم کو تقویٰ کی بلندیوں پر پہنچا دے ـــــــ الحمدللہ وہ نمونہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیکرِ قدسی میں موجود ہے، حیاتِ طیبہ کیا ہے ایک زندہ قرآن ہے ـــــــ اس ذاتِ اقدس سے والہانہ اور سرفروشانہ تعلق ہی ہم کو جگا سکتا ہے ـــــــ عمل کے لئے عقل نہیں، دل ابھارتا ہے، دل جذباتِ محبت کا گھر ہے، جب تک یہ گھر آباد نہیں ہوتا دنیا ویران رہے گی ـــــــ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت شرطِ اوّل اور اسلام کا جزوِ اعظم ہے؛

محبّت کی فطرت یہ ہے کہ وہ محبوب کے عیوب پر نظر نہیں رکھتی اُس کی خوبیوں پر فریفتہ رہتی ہے ـــــــ اُس کو تو عیب بھی حُسن نظر آتے ہیں، کوئی ایسا عاشق نظر نہ آیا جو اپنے محبوب میں عیوب تلاش کرتا ہو بلکہ وہ تو اتنا باغیرت ہوتا ہے کہ اس کی آنکھ بھی اس کی رقیب ہو جاتی ہے، کیا خوب کہا ہے ؎

غیرت از چشم برم روئے تو دیدن ندہم
گوش را نیز حدیث تو شنیدن نہ دہم

Marfat.com

مجھے اپنی آنکھ پر رشک آتا ہے میں اس کو محبوب کا روئے زیبا دیکھنے نہیں دیتا اور کان کو اس کی باتیں بھی سننے نہیں دیتا ـــــ اللہ اکبر! محبت کی غیرت کا یہ عالم ہوتا ہے، عیب چینی کا تو ذکر ہی کیا ہے، عیب چینوں کا حرم محبّت میں گزر ہی نہیں ـــــ اور پھر اس کی حریم میں جو سارے جہان کے لئے رحمت ہے[۶۴] کائنات کے ذرّہ ذرّہ نے جس کے حسن سے بھیک مانگی ہے، وہ حسینؐ سارے عالم کو جس کا مدح خواہ بنا دیا گیا اور جس کے نام نامی کو جنت کا وسیلہ قرار دے دیا گیا[۶۵]

جذبہ عشق ایک دولت ہے جب یہ حاصل ہو جائے اس سے کام لیجئے، ضائع نہ کیجئے ـــــ اس جذبے سے خود کو بیدار کیجئے ـــــ اغیار کے اثرات کو پامال کیجئے. ـــــ فکر و نظر پر جو جالے تن گئے ہیں، ان کو توڑ ڈالئے ـــــ جسم و جاں پر جو آبلے پڑ گئے ہیں، ان کو پھوڑ ڈالئے ـــــ چہروں پر جو غازے مل دیئے گئے ہیں، ان کو دھو ڈالیئے ـــــ اغیار کے در پر دریوزہ گری کب تک؟ ـــــ غیروں کی طرف للچائی ہوئی نظریں کب تک؟ ـــــ چاک دامنی کی بخیہ گری کب تک؟ ـــــ

بیت اللہ اور گنبد خضرا سے مسلمانان عالم کی محبت ایک بڑی عسکری قوّت ہے ـــــ مگر کیا بات ہے محبت والے سینوں میں دل لئے اور دلوں میں محبت چھپائے، ڈرتے ڈرتے جاتے ہیں ـــــ حریم جاناں میں کسی نے کبھی محبت پر پہرا تو نہ لگایا تھا ـــــ بارہ سو برس تک خوش خوش جاتے رہے، دل کی آرزوئیں پوری کرتے رہے ـــــ پھر حریم جاناں میں ایسی قیامت آئی کہ عاشقوں کے لئے جگہ تنگ ہو گئی ـــــ کہا کچھ تھا، ہو گیا کچھ!

میں نے کہا کہ "بزم ناز چاہیئے غیر سے تہی"
سُن کر ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ "یوں"

محبت پر پہرے بٹھا دیئے گئے ـــــ عشق کو پابند سلاسل کر دیا گیا[۶۶] ـــــ

وہ جو چپّے چپّے پر محبوبؐ کی نشانیاں تلاش کرتے تھے، اب کہاں جائیں کہ نشانیاں ختم کر دی گئیں، نشانات تک مٹا دیئے گئے ـــــ مگر پھر بھی وہ زمین و آسما

Marfat.com

باقی ہیں، جس زمین پر وہ چلتا تھا اور جس آسمان کے آفتاب و ماہتاب اس کے اشاروں کے منتظر رہتے تھے ـــــ ہاں ان کو کوئی نہیں مٹا سکتا ـــــ ـــــ اور وہ خود زندہ و پایندہ ہے، زندہ و تابندہ ہے ؎

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مری چشم عالم سے چھپ جانے والے

ذکر رسول کیجئے، خوب کیجئے ـــــ مگر فکر رسول سے غافل نہ ہوئیے اور سنت رسول کو ہرگز نہ چھوڑیئے ـــــ اُس کے لئے دیوانگی کی ضرورت ہے، ـــــ وارفتگی و شیفتگی کی ضرورت ہے ـــــ محبت رسول میں مرمٹنے کی ضرورت ہے، ـــــ ہاں ذکر رسول سے فکر رسول کی طرف قدم بڑھائیے ـــــ فکر رسول سے سنت رسول کی طرف قدم بڑھائیے ـــــ سنت رسول سے عظمت انسانیت کی طرف قدم بڑھائیے ـــــ قدم بڑھاتے رہیئے پھر سارے عالم پر چھا جائیے ـــــ ـــــ کیا ایسا ہو سکتا ہے ؟ ـــــ ہاں ہو سکتا ہے اور ہوا بھی ہے ـــــ جاگنے کی ضرورت ہے، بیدار ہونے کی ضرورت ہے ـــــ سُلانے والوں کے ہاتھ جھٹکنے کی ضرورت ہے ـــــ سب طوق گلے سے نکالنے اور اُن کا طوق گلے میں ڈالنے کی ضرورت ہے ـــــ پھر دیکھئے ٹاٹ پر بیٹھ کر بھی شاہی کی جا سکتی ہے ـــــ سچی عظمتوں کے سامنے جھوٹی شان و شوکت کچھ بھی تو نہیں ـــــ ایک سراب ہے، ایک دھوکا ہے، ایک فریب ہے، ایک طلسم ہے ـــــ ـــــ ہاں اُن کے بن جائیے، تاکہ سارا جہان آپ کا بن جائے ـــــ ؎

کاسۂ غیر کو اور منہ سے لگاؤں توبہ!
شان پہچانتا ہوں یار کے پیمانے کی

○

قرآن حکیم میں انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصد وحید یہ بتایا گیا کہ زندگی کے ہر شعبے میں ان کی اطاعت اور پیروی کی جائے، چنانچہ ارشاد ہوتا ہے :-

Marfat.com

اور ہم نے کوئی رسول نہ بھیجا مگر اس کے لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے[۶۷]

اسی غرض وغایت کے تحت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی ہدایت فرمائی اور ارشاد فرمایا :-

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں، وہ لو اور جس سے منع فرمائیں، باز رہو[۶۸]

اور اسی کے ساتھ شک کرنے والے کے اس شک کا ازالہ کرنے کے لئے کہ اطاعت کا مستحق تو صرف اللہ ہے، یہ وضاحت بھی فرمادی :-

جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا[۶۹]

بلکہ مزید وضاحت کرتے ہوئے حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اپنی محبت کا وسیلہ قرار دیا اور فرمایا :-

اے محبوب تم فرما دو کہ لوگو! اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرماں بردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور گناہ بخشدے گا[۷۰]

اللہ تعالےٰ نے نہ صرف حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اپنی محبت کا وسیلہ قرار دیا بلکہ مسلمانوں کے ہر معاملہ میں آپ کے فیصلے کو حتمی اور قطعی قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ جو آپ کے فیصلے کو تسلیم نہ کرے وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے، چناں چہ ارشاد ہوتا ہے :-

تو اے محبوب ! تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں[۷۱]

اللہ اللہ کیسی واضح ہدایت ہے! ـــــــ ہمارے لئے صرف ایک ہی در کھلا ہے، جس نے اس در سے منہ موڑا وہ کہیں کا نہ رہے گا، ہر در پر بھٹکتا پھرے گا، توبہ کے لئے اسی در پر آنا پڑے گا ـــــــ صاف صاف ارشاد فرما دیا

Marfat.com

اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کو واجب قرار دے دیا :۔

جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول اُن کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں[۴۲]

پھر بھی اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا ضرورت ہے، براہ راست اللہ سے توبہ مانگی جا سکتی ہے تو ایسے لوگوں کے لئے صاف فرما دیا :۔

وہ جو اللہ اور اس کے رسولوں کو نہیں مانتے اور چاہتے ہیں کہ اس کے رسولوں کو جدا کر دیں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی پر ایمان لائے اور کسی کے منکر ہوئے اور چاہتے ہیں کہ ایمان اور کفر کے درمیان میں کوئی راہ نکالیں، یہی ہیں ٹھیک ٹھیک کافر اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے[۴۳]

سچے مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے سر جھکا دے ——— آپ کی اطاعت کو اللہ کی اطاعت سمجھے ——— اللہ سے آپ کو جدا نہ کرے، ایک عاشق صادق نے کیا خوب کہا ہے :۔

ع تم ذاتِ خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو

اللہ تعالےٰ نے کتب سماوی میں ہزاروں برس پہلے مسلمانوں کی یہ نشانی بتادی تھی کہ وہ آپ کی غلامی کریں گے، اس طرح پہلے ہی آپ کی اطاعت و فرمانبرداری مسلمانوں کا مقدر بن چکی تھی ——— ارشاد ہوتا ہے :۔

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے، غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت میں اور انجیل میں[۴۴]

قرآنی ارشادات کا حاصل یہ ہے کہ محبت کے ساتھ ساتھ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری پوری اطاعت کی جائے اور اطاعت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، اطاعت کے بغیر ایمانِ کامل نہیں ہو سکتا کیوں کہ ایمان کے لئے زبانی اقرار کے ساتھ قلبی

Marfat.com

تصدیق بھی ضروری ہے اور دل جب تصدیق کرتا ہے تو پھر روئیں روئیں سے "لبیک، لبیک"! کی آواز آنے لگتی ہے اور سرتابی وحکم عدولی تو کجا اس کا خیال تک دل میں نہیں گزرتا ــــ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے اسلاف کرام نے جو کچھ پایا محبت اور اطاعت سے پایا ــــ سچی محبت اور اطاعت کا چولی دامن کا ساتھ ہے، ان کو جُدا نہیں کیا جاسکتا ــــ جُدا ہوکر نہ محبت، محبت رہتی ہے اور نہ اطاعت، اطاعت ــــ اطاعت، محبّت کی جلوہ گاہ ہے ــــ روشن اور بیدار محبت، انسان کو متحرک رکھتی ہے حتیٰ کہ جب وہ سوتا ہے تو اس کا دل جاگتا رہتا ہے ــــ یہ محبّت خود انسان کو اپنا محاسب بنا دیتی ہے، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے، بولتے چالتے، روتے ہنستے، سنّت کے آئینے میں وہ خود کو سنوارتا رہتا ہے، کسی لمحہ غافل نہیں رہتا، ہر وقت ہوشیار رہتا ہے، اپنا آپ نگراں بن جاتا ہے ــــ پھر خود گرد خود گیر بن کر جہاں گیر بن جاتا ہے۔

ہم صورتوں کو سنوارنے میں لگے ہیں ــــ ہم لباس کی سج دھج میں لگے ہیں ــــ ہم گھروں کی ٹیپ ٹاپ میں لگے ہیں ــــ کوئی نہیں جو سیرت وکردار کے سنوارنے کی فکر کرے! ــــ اصل شئے سیرت وکردار ہے، یہ نہیں تو کچھ نہیں، یہ ہے تو سب کچھ ہے ــــ اسی کے بگاڑ سے عالم میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے اسی کے سنوارنے سے عالم سنور جاتا ہے ــــ یہ راز کسی کو معلوم نہ تھا، اس بھید کی کسی کو خبر نہ تھی ــــ ہاں کسی کو خبر نہ تھی کہ انسان کتنا عظیم ہے، کتنا قوی ہے! ــــ یہ بھید سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولا اور عالم انسانیت کو بتایا کہ انسان کتنا عظیم ہے اور خود اپنا بے مثال نمونہ پیش کیا ــــ بیشک اسوہ حسنہ دنیائے انسانیت کے لئے ایک روح ہے ــــ جس طرح روح پڑتے ہی تن مردہ میں جان آجاتی ہے، اسی طرح اسوہ حسنہ پر عمل کرکے مردہ سیرتیں، زندہ ہوجاتی ہیں ــــ پھر جس کو کوئی آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی گوارہ نہ کرتا تھا، اس کو سب دیکھنے لگتے ہیں ــــ جس کو کوئی پوچھتا بھی نہ تھا، اس کو سب پوچھنے لگتے

Marfat.com

ہیں ـــــ جس کے ساتھ چلنا بھی کوئی گوارہ نہ کرتا تھا، اس کے پیچھے چلنا سعادت سمجھنے لگے۔ ہیں ـــــ بلاشبہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ کمزور انسانوں کے لئے طاقت کا ایک عظیم سرچشمہ ہے، اس پر چلنے والا کبھی خسارے میں نہیں رہ سکتا ـــــ نہ دین میں نہ دنیا میں ـــــ ہر جگہ سرخرو ہوا ہے، انشاء اللہ سرخرو ہوگا اور سرخرو رہے گا ـــــ

کوئی حسین و جمیل، مضبوط و مستحکم عمارت ماڈل کے بغیر نہیں بنتی ـــــ انسان کی عادت ہے کہ پہلے نقشہ اور ماڈل تیار کرتا ہے پھر تعمیر کرتا ہے ـــــ مگر اصل مسئلہ خود اس کی تعمیر کا ہے، اس کے لئے بھی ماڈل کی ضرورت ہے ـــــ ایک ایسے ماڈل کی ضرورت جو سارے انسانوں کے لئے کافی ہو ـــــ بلاشبہ ایسا ماڈل تو خالق عالم ہی بنا سکتا ہے کہ وہ مخلوق کے احوال سے باخبر ہے ـــــ ہاں اس نے وہ عظیم الشان ماڈل بنا دیا اور عالم انسانیت پر بڑا ہی کرم فرمایا ـــــ اب اس کے مطابق زندگیاں بنانا ہمارا کام ہے۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کو خوبیوں سے مالا مال کر دیا اور ایسا حسین بنا دیا کہ خوبانِ جہاں بھی اپنے منہ چھپانے لگے ـــــ ہر خوبی کا رنگ الگ الگ ہے ـــــ ہر خوبی کا حسن الگ الگ ہے ـــــ ہر خوبی کا فیضان الگ الگ ـــــ سارے جہاں کی خوبیاں ایک جسم نازنیں میں جمع کر کے اس آدم خاکی کو "جہانِ حُسن" بنا دیا ـــــ آپ نے زندگی کو نظم و ضبط دیا اور نوازن و ترنم عطا فرما کر ایک نغمۂ جانفزا بنا دیا ـــــ مگر افسوس آج ہمارا حال بگڑ گیا اور ہوا اکھڑ گئی ـــــ ساری خوبیاں نذر اغیار ہو گئیں ـــــ ساری برائیاں ہم میں آ گئیں ـــــ حیف صد حیف! یہ کیا ہو گیا؟ ـــــ نفرتوں اور عصبیتوں سے دل کھو کھلے ہو گئے ـــــ بھانت بھانت کی بولیوں سے ذہن پراگندہ ہو گئے ـــــ ہم راہ دکھانے آئے تھے، گمراہ ہو گئے ـــــ ہم حکومت کرنے آئے تھے، محکوم ہو گئے ـــــ ہم غالب ہو کر

Marfat.com

آتے تھے، مغلوب ہو گئے ——— ہم محبوب بن کر آئے تھے، معتوب ہو گئے ——— ہم خیرات بانٹنے آئے تھے، بھیک مانگنے لگے ——— ہم اللہ اور رسول کا حکم ماننے آئے تھے، سرکش ہو گئے، سب کا حکم مانتے ہیں، انھیں کا حکم نہیں مانتے ——— ہم ملانے آئے تھے، آپس میں دست بگریباں ہو گئے ——— ہم مظلوموں کی داد رسی کے لئے آئے تھے، خود ظلم و ستم کرنے لگے ——— ہم قتل و غارت گری روکنے آئے تھے، خود قتل و غارت گری کا شکار ہو گئے ——— ہم عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے آئے تھے، خود عزتیں لوٹنے لگے ——— ہم لوٹ کھسوٹ کو روکنے آئے تھے، خود لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہو گئے ——— افسوس صد افسوس! یہ کیا ہو گیا اور ہم کیا سے کیا بن گئے؟ ——— زندگی روٹھ گئی، موت سے یارانہ ہو گیا ——— دل سو گیا، نفس جاگ گیا ——— ہاں دل کو جگانا ہو گا ——— کاروانِ رفتہ کو آواز دینی ہو گی ——— نشانِ قدم تلاش کرنے ہوں گے ——— ذہنوں کو جھنجھوڑنا ہو گا ——— پھر اسی راہ پر چلنا ہو گا جس راہ پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو چلایا تھا ——— قدم قدم پر، روش روش پر اسوۂ حسنہ سامنے رکھنا ہو گا ———

نہ معلوم فیصلے کا وقت کب آئے گا؟ ہم کب بیدار ہوں گے؟ ——— ہم کب جاگیں گے؟ ——— ہم کب اپنی سیرتوں کو جگائیں گے؟ ——— کب ہم چراغ جلائیں گے؟ ——— کب ہم چراغ دکھائیں گے؟ ——— کب ہم روشنیاں بکھیریں گے؟ ——— کیا اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے کا وقت نہیں آیا ہے؟ ——— کیا ابھی اور ٹھوکریں کھانی ہیں؟ ——— نہیں نہیں وقت آ گیا ——— وقت کی پکار یہی ہے کہ ہم اپنی سیرتوں کو اسوۂ حسنہ سے سجائیں ——— این و آں سے بے پرواہ ہو کر انھیں کے دامن سے لپٹ جائیں ——— دیوانگیٔ عشق کا یہی تقاضا ہے ——— عاشق اِدھر اُدھر نہیں دیکھتا ——— وہ تو محبوب ہی کو دیکھتا اور محبوب ہی کو تکتا ہے ——— اس کی نظر میں کوئی نہیں جچتا ———

Marfat.com

—— ہم کیسے عاشق ہیں کہ ہماری نظر میں سب جچتے ہیں مگر وہی نہیں جچتا —— ہمیں اسوۂ حسنہ پر عمل کرتے شرم آتی ہے —— کیا کسی نے کسی عاشق کو محبوب کی ادائیں اپناتے شرماتے دیکھا ہے ؟ —— حیف ہم کو کیا ہو گیا ؟ —— ہم کو کس کی نظر لگ گئی —— ہم کس کے فریب میں آگئے ؟ —— اگر ہم کو اس جانِ جاناں صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت ہے تو ہر فریب کا پردہ چاک کرنا ہو گا —— ہر ادا کو چھوڑنا ہو گا —— صرف اور صرف اس کی ادائیں اپنانی ہوں گی —— صرف اسی کی یاد منانی ہو گی —— سعودی عرب کے ایک عاشق رسول ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی نے کیا خوب فرمایا :-

ہم پر واجب ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی کرکے زندگی میں ہر وقت اور ہر آن آپ کی یاد منائیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہم سے محبت فرمانے لگے —— اس بلند مقام تک پہنچنے کے لئے اس کے علاوہ کوئی طریقہ نہیں کہ ہم اس کی پیروی کریں جو آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں —— جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے :

"آپ فرما دیجئے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو پیروی کرو میری۔ اللہ تم سے محبت فرمائے گا" ۵ے

اس میں شک نہیں کہ یاد منانے کا اس سے بہتر اور مؤثر کوئی طریقہ نہیں کہ ہم خود "سرو چراغاں" بن جائیں' ایک ایک سنت کو اپنے سینے سے لگالیں —— بلاشبہ وہ جانِ جاناں' وہ جانِ جہاں صلے اللہ علیہ وسلم اسی لائق ہے کہ سارا جہاں اس کی پیروی کرے —— یہ کوئی جذباتی خیال نہیں' ہر دل کی آواز ہے' ہر دل کی پکار ہے —— برطانیہ کے شاہی خاندان کے ایک نومسلم پادری نے کیسی دل لگتی بات کہہ دی ہے :-

میں نے پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا مطالعہ شروع کیا اور بہت جلد اس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ آپ کی زندگی دنیا جہان کی خوبیوں کا زندۂ جاوید مرقع ہے —— اتنی بھرپور مکمل کہ قیامت تک کیلئے پوری نوع انسانی کی رہنمائی کرسکتی ہے ۶ے

Marfat.com

# حواشی اور حوالے

۱؎ حضرت امام احمد بن حنبل کے استاد اور امام بخاری اور امام مسلم کے استاذ الاساتذہ عبدالرزاق ابوبکر بن ہمام رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب مصنف میں اس حدیث کو نقل فرمایا ہے ـــــ اور مندرجہ ذیل علمائے اعلام نے اپنی اپنی کتابوں میں اس حدیث سے استناد کیا ہے :-

ا۔ علامہ ابن حجر ہیتمی : فتاویٰ حدیثیہ، ص ۲۸۹

ب۔ علامہ قسطلانی : مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۵۵

ج۔ ابو عبداللہ محمد بن عبدالباقی : زرقانی، ج ۱، ص ۴۶

د۔ علامہ عبدالغنی نابلسی : الحدیقۃ الندیہ، مطبوعہ فیصل آباد ج ۲، ص ۳۷۵

ھ۔ برہان الدین حلبی : سیرت حلبیہ، ج ۱، ص ۳۰

و۔ علامہ آلوسی بغدادی : تفسیر روح المعانی پ ۱۷، ص ۹۶

۲؎ شیخ عبدالحق محدث دہلوی : مدارج النبوۃ، ج ۲، ص ۲

۳؎ قرآن حکیم، سورہ مائدہ : آیت نمبر ۱۵

۴؎ (ا) برہان الدین حلبی : انسان العیون، ج ۱، ص ۲۹

(ب) المولیٰ اسمٰعیل الحقی الحنفی : تفسیر روح البیان، ج ۳، ص ۵۴۳

نوٹ :- سندھ کے فاضل جلیل علامہ محمد ہاشم ٹھٹوی نے اپنی تصنیف قرۃ العاشقین میں تحریر فرمایا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور تخلیق آدم (علیہ السلام) سے ۲۷ ہزار برس پہلے پیدا ہوا۔ محمد طفیل احمد نقشبندی : تحفۃ الزائرین، کراچی ۱۹۸۶ء، ج ۴، ص ۲۴۳

ـــــ حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ سے بھی ایک روایت ملتی ہے جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں آدم علیہ السلام کی تخلیق سے چودہ ہزار برس پہلے اپنے

Marfat.com

# حواشی اور حوالے

Marfat.com




Marfat.com

ـــ پروردگار کے حضور ایک نور تھا (برہان الدین حلبی: انسان العیون، ج ۱، ص ۲۹)
قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک دن کو ہمارے ہزار سال کے برابر فرمایا ہے۔ (سورۂ حج، آیت نمبر ۴۷) اگر حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بتائے ہوئے سالوں کا اس تناسب سے حساب لگایا جائے تو نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق اربوں اور کھربوں برس پہلے ہوئی ـــــ حقیقت یہ ہے کہ حدیث کا کماحقہ، ادراک عقل و فہم کے بس کی بات نہیں ـــــ یہ معاملات عقل سے بہت بلند ہیں ـــــ یہاں دانشِ برہانی نہیں، دانشِ نورانی کی ضرورت ہے ـــــ

۵ محمد ظفر الدین بہاری: تنویر السراج فی ذکر المعراج، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۵ء، ص ۲۴-۲۵ بحوالہ مصنف ابن عبدالرزاق۔

۶ (ا) نواب صدیق حسن خاں: مسک الختام (ترجمہ فارسی)، ص ۲۴۴ ـــ
(ب) ابوالفتح محمد نصر اللہ خاں: عید میلاد النبی کا بنیادی مقدمہ کراچی، ص ۱۰۸-۱۰۹

۷ (ا) جنگ، کراچی، ۲۴ جنوری ۱۹۶۷ء
(ب) الارشاد جدید (کراچی) فروری ۱۹۶۷ء
(ج) استقامت (کانپور) مارچ ۱۹۸۷ء، ص ۱۰۵ ـــ

۸ قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے خلق لکم ما فی الارض جمیعا (سورۃ البقرہ ۲۹) یعنی زمین میں جو کچھ ہے وہ انسان ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے ـــــ دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے وَسخر الشمس والقمر (سورۂ ابراہیم، آیت ۳۳) یعنی چاند و سورج کو تمہارا خدمت گار اور مطیع و فرمانبردار بنا دیا ـــــ گویا زمین و آسمان انسانِ کامل کے لئے پیدا کئے گئے ہیں اور اس انسان کامل کا یوں ذکر فرمایا "وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین" اور ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر دو عالم کے لئے رحمت بنا کر اور ایک وجود پر سب سے بڑی رحمت اور سب سے بڑا احسان اس کا وجود میں آنا ہے ـــــ گویا آپ تخلیق کائنات کا اولین سبب ہیں ـــــ

۹ (ا) برہان الدین حلبی: انسان العیون، ج ۱، ص ۳۵۷ ـــ

Marfat.com

(ب) علامہ عبدالرحمن صفوری : نزہتہ المجالس، ج ۲، ص ۱۱۹

۱۰؎ (۱) ملا علی قاری : موضوعات کبیر، ص ۸۹

(ب) ابو عبداللہ حاکم نیشاپوری : المستدرک، ج ۲، ص ۶۱۵

(ج) امام محمد بن یوسف شامی : السیرۃ الشامیہ، ج ۱، ص ۱۶۲

۱۱؎ ملا علی قاری : موضوعات کبیر، ص ۵۹

۱۲؎ علامہ فاسی : مطالع المسرات، ص ۲۶۴

۱۳؎ احمد رضا خاں : ختم النبوت، لاہور ۱۹۷۴ء، ص ۱۲

۱۴؎ ابن تیمیہ : فتاویٰ کبریٰ، ج ۱، ص ۱۵۱

۱۵؎ برنا باس کا اصل نام یوسف تھا، یہ یہودی تھے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دست اقدس پر مشرف باسلام ہوئے، یہ آپ کے قابل اعتماد حواریوں میں تھے۔ انجیل برنا باس انھیں کی مرتب کردہ ہے۔ یہ انجیل ۳۲۵ء تک اسکندریہ کے گرجاؤں میں تسلیم کی جاتی تھی۔ اس کے اطالوی ترجمے کا ایک مخطوطہ ویانا کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ ۱۹۰۷ء میں اس کا انگریزی میں ترجمہ مسٹر اور مسز ریگ نے کیا۔ یہی ترجمہ ۱۹۷۳ء میں کراچی سے شائع ہوا۔

۱۶؎ انجیل برنا باس، مطبوعہ کراچی ۱۹۷۳ء، باب ۵۵، ص ۷۲، باب ۹۷، ص ۱۱۳

۱۷؎ ایضاً ــــــ باب ۹۷، ص ۱۲۳، باب ۹۶ - ۹۹، ص ۱۱۱ - ۱۱۲

۱۸؎ انجیل یوحنا، ۲ ــــ ۴ ــــــ

۱۹؎ سید حسین علی ادیب رائے پوری : مدارج النعت، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء، ص ۲۴۶

۲۰؎ حافظ جمال الدین عبدالرحمن ابن الجوزی البغدادی : بیان المیلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء (مترجمہ مفتی غلام معین الدین نعیمی) ص ۸

۲۱؎ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی سندھ کے مشہور محدث و فقیہہ اور مجدد وقت تھے۔ ۱۱۰۴ھ / ۱۶۹۲ء میں ولادت ہوئی اور ۱۱۷۴ھ / ۱۷۶۱ء میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک مکلی (ٹھٹھہ) میں واقع ہے ــــــ علامہ موصوف کی عربی و فارسی و سندھی تصانیف

Marfat.com

کی تعداد تین سَو سے متجاوز ہے جن میں سے بعض عرب اور پاکستان میں شائع ہوئی ہیں علامہ موصوف نے سندھ میں نفاذ شریعت کے لئے بھرپور کوشش کی' انہیں کے ایما پر حاکم سندھ غلام شاہ عباسی نے ۱۱۷۲ھ / ۱۷۵۸ء میں منشور شریعت جاری کیا جو پورے سندھ میں نافذ کیا گیا۔

۲۲؎ ابوالسراج محمد طفیل نقشبندی: تحفۃ الزائرین' ج ۴' ص ۲۷۸

۲۳؎ قرآن حکیم' سورۂ آل عمران' آیت ۸۱

۲۴؎ انجیل برناباس' باب ۴۴' ص ۵۳

۲۵؎ (ا) محمد بن عبدالباقی: زرقانی' ج ۱' ص ۴۹

(ب) علامہ قسطلانی: مواہب اللدنیہ' ج ۱' ص ۱۰

۲۶؎ علامہ ابن کثیر: میلاد مصطفیٰ (ترجمہ اردو مولانا افتخار احمد قادری) مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء ص ۱۳

۲۷؎ انجیل برناباس' باب ۳۹' ص ۵۰

۲۸؎ (ا) عادت الٰہی ہے کہ وہ اپنے برگزیدہ محبوبوں کی اداؤں کو قانون کی شکل دیکر عبادات میں شامل فرما دیتا ہے مثلاً ارکان حج پر غور فرمائیں تو صفا اور مروہ کے درمیان سعی حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی یاد دلا رہی ہے ـــــــ رمی جمار حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یاد دلا رہی ہے ـــــــ وقوف عرفات حضرت آدم و حوا علیہما السلام یا حضرت ابراہیم و ہاجرہ علیہما السلام کی یاد دلا رہا ہے ـــــــ خود بیت اللہ کا ایک ایک ذرّہ ان کی یاد دلا رہا ہے۔

نماز پر غور فرمائیں تو اس کے ارکان عاشق خستہ جگر کی ادائیں معلوم ہوتی ہیں ـــــــ کبھی وہ مضطربانہ کھڑا ہو جاتا ہے ـــــــ کبھی نڈھال ہو کر جُھک جاتا ہے کبھی تھک کر بیٹھ جاتا ہے ـــــــ کبھی بیقراری میں اِدھر اُدھر دیکھتا ہے ـــــــ کبھی ہاتھ پھیلا پھیلا کر دعائیں اور التجائیں کرتا ہے ـــــــ یہ ساری ادائیں نماز میں جمع کر کے آنکھ کی ٹھنڈک بنا دیا ـــــــ

Marfat.com

نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آنکھوں سے لگانا اور چومنا حضرت آدم علیہ السلام کی ایک ادائے دل ربا تھی، عاشقان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھا گئی، انھوں نے بھی سنت الٰہی پر عمل کرتے ہوئے اس ادا کو یادگار بنا دیا۔

(ب) علامہ محمد ہاشم تتوی نے تقبیل ابہامین کے استحباب پر ایک رسالہ مفتاح الجنان تحریر فرمایا ہے۔

۲۹؎ انجیل برناباس، باب ۳۹، ص ۵۰ ۔

۳۰؎ حافظ جمال الدین عبدالرحمٰن ابن الجوزی البغدادی: بیان میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۰ء، ص ۱۶ ۔

۳۱؎ ایضاً، ص ۲۱ (ملخصاً)

۳۲؎ ایضاً، ص ۲۲ ۔

۳۳؎ قرآن حکیم، سورۂ البقرہ، آیت نمبر ۱۲۹ ۔

۳۴؎ قرآن حکیم، سورہ صف، آیت نمبر ۶ ۔

۳۵؎ (ا) شیخ سلیمان جمل: تفسیر جمل، مطبوعہ مصر

(ب) علاؤ الدین علی بن محمد الخازن: تفسیر خازن، مطبوعہ مصر

(ج) علامہ ابن کثیر: مولد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۱۳

(د) ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب: مشکوٰۃ المصابیح، مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۳ ۔

۳۶؎ قرآن حکیم، سورۂ اعراف، آیت نمبر ۱۵۶-۱۵۷ ۔

۳۷؎ توریت، تکوین، ۴۹: ۱۰ ۔

۳۸؎ (ا) توریت، خروج ۱۹: ۱۷؛ ۲۰: ۱۸-۲۰ ۔

(ب) توریت، التثنیہ ۱۸: ۱۵-۲۲؛ ۲۳-۳۱؛ ۳۴: ۱۰-۱۲ ۔

۳۹؎ (ا) انجیل متی، ۲۱: ۳۳-۴۴؛ ۹: ۲-۲۷ ۔

(ب) التثنیہ ۳۳: ۱-۴ ۔

Marfat.com

(ج) دکتور رہانی زرقا: یسوع المسیح فی ناسوتہ والوہیتہ، مصر ۱۹۷۱ء
ص ۴۴، ۴۷، ۴۳-۹۰،

۴۰ ابوسعید خرگوشی: شرف النبی، مطبوعہ تہران مہرماہ ۱۳۶۱ھ) ص ۲۱۳-۲۱۷

۴۱ گوتم بدھ، کپل وستو (دامن ہمالیہ، بھارت) میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً ۵۰۰ برس قبل پیدا ہوا۔ اس نے ایک تحریک چلائی جو بدھ مت کے نام سے چین، جاپان، ہندوستان، پاکستان، ترکستان وغیرہ میں پھیل گئی اس طرح اس تحریک نے مشرقی بلاک بنایا جب کہ پانچ سو برس بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تحریک نے مغربی بلاک بنایا ـــ گویا گوتم بدھ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرقی نقیب تھا۔ جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کے مغربی نقیب تھے ـــ قرآن کریم میں انبیاء کی فہرست میں ایک نام ذوالکفل (سورۂ انبیاء، آیت ۸۵) آیا ہے بعض مفسرین کا خیال ہے کہ یہ گوتم بدھ ہوسکتا ہے جو کپل وستو میں پیدا ہوا۔ عربی میں کپل کو کفل ہی کہا جائے گا۔ آزاد کشمیر (پاکستان) میں ایک شہر کا نام کفل گڑھ ہے اس علاقہ میں بدھ مت کے لوگ حکمراں رہے۔ ممکن ہے اس نام میں گوتم بدھ کے جائے پیدائش کی رعایت رکھی گئی ہو؛

۴۲ *SACRED BOOKS OF THE EAST,*
Vol. 35, p. 225

۴۳ MOINER WILLIAM: *SANSKRIT ENGLISH DICTIONARY*
*Ref. BUDDHISM,* p. 181

DR. PAUL CARUS: *THE GOSPEL OF BUDDHA,* p. 218

*LEADER* (ALLAHABAD) 16 Oct. 1930, Col. 3, p. 7

۴۴ قرآن حکیم، سورۂ انبیاء، آیت ۱۰۷ـــ

۴۵ تمام عالمی مذاہب میں آخری نبی کا تصور ملتا ہے۔ بدھوں نے آخری نبی کے

Marfat.com

انتظار میں برصغیر ایشیا میں جگہ جگہ مجسمے بھی بنائے۔ بدھ بادشاہوں نے بہت دلچسپی لی اور گندھارا، گیا، بنارس، سرحد، دکن، برما، چین، جاپان، سنٹرل ایشیا میں مجسمے بنائے۔ ان میں سے بعض ۱۲۰ فٹ بلند ہیں ـــــــ غالباً یہ مجسمے آخری نبی کے متعلق گوتم بدھ کی دی ہوئی تفصیلات کے مطابق بنائے گئے ہوں گے۔

(ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES,* LAHORE, 1975, Vol. III, p 1082)

DR. PAUL CARUS: *GOSPELS OF BUDDHA,* pp. 215-218

ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES,* LAHORE, 1975, Vol. III, p. 1040

۴۸ قرآن حکیم معجزات اور عجائبات کا مجموعہ ہے۔ مصر کے ماہر شماریات، راشد الخلیفہ مصری نے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں یہ ثابت کیا ہے کہ قرآن حکیم کی اساس ۱۹ کے عدد پر ہے۔ انھوں نے مختلف زاویوں سے قرآن حکیم میں اس عدد کی جلوہ گری کا جائزہ لیا ہے ـــــــ عرصہ ہوا ان کا مقالہ کراچی سے بھی شائع ہوا تھا۔ عنوان ہے:۔

*THE PERPETUAL MIRACLE OF MUHAMMAD*

(صلی اللہ علیہ وسلم)

اس مقالے میں ایک چارٹ بھی ہے جس کا عنوان ہے:۔

القرآن الکریم: معجزۃ محمدیۃ الابدیۃ

اس چارٹ میں انھوں نے کمپیوٹر کے ذریعہ مختلف اعداد و شمار جمع کر کے علم الاعداد کی رو سے متن قرآن کی صداقت اور قطعیت کو ثابت کیا ہے۔ جس سے قرآن حکیم کی عالم گیریت بھی ثابت ہوتی ہے کیوں کہ جس کو نافذ ہونا ہے، اس کو باقی بھی رہنا ہے۔ سنت الٰہی ہے کہ غیر مفید اور غیر مؤثر شے کو مٹا دیا جاتا ہے مگر قرآن حکیم ڈیڑھ ہزار برس گزر جانے کے باوجود اب تک مٹنا تو کجا ذرہ برابر نہیں بدلا، جیسا تھا ویسا ہی ہے۔

Marfat.com

ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES,*
Vol. III, p. 1071.

(۱) مختلف ادیان کی کتابوں میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت اور بعثت وغیرہ سے متعلق بکثرت بشارتیں اور پیش گوئیاں ہیں راقم سیرت مبارکہ پر ایک کتاب مرتب کر رہا ہے انشاء اللہ اس میں تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اس سیرت مبارکہ کی ترتیب کچھ اس طرح ہوگی۔

۱ پہلے باب میں قرآن حکیم کی وہ تمام آیات جمع کی جائیں کی جن میں بتایا گیا ہے کہ توریت و انجیل اور دوسری آسمانی کتابوں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر موجود ہے؛

۲ دوسرے باب میں ہندوؤں کے ویدوں، اپنشدوں، پرانوں، پارسیوں اور آتش پرستوں کی ژند اوستا ــــ بدھوں کی کتابوں اور ملفوظات ــــ ــــ توریت، زبور و انجیل اور دوسرے صحف سماوی میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو بشارتیں اور پیش گوئیاں ہیں ان کو جمع کیا جائے گا۔

۳ تیسرے باب میں عالم سماوات، عالم حیوانات، عالم جمادات اور عالم نباتات کی شہادتوں کو یکجا کیا جائے گا۔

۴ چوتھے باب میں کتب تاریخ وسیرت وحدیث میں صحف سماوی کے حوالے یا تاریخی واقعات کے حوالے سے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے قبل کی بشارتوں اور واقعات کا ذکر کیا جائے گا۔

۵ پانچویں باب میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جامع اور مختصر سیرت مبارکہ پیش کی جائے گی۔

۶ چھٹے باب میں آپ کی شخصیت سے متعلق دنیا کے مختلف مذاہب کے عالموں اور دانشوروں کے تاثرات جمع کیے جائیں گے۔

۷ ساتویں باب میں دورِ جدید کے تقاضوں کے پیشِ نظر پیغام محمدی کی

Marfat.com

منتخب اور اہم باتوں کا ذکر ہوگا۔

◆ آٹھویں باب میں اسلام کے بارے میں دنیا کے مختلف مذاہب کے دانشوروں اور عالموں کے تاثرات بیان کئے جائیں گے۔

◆ نویں باب میں دنیا میں اسلام لانے والے مختلف مذاہب کے ممتاز دانشوروں کا ذکر ہوگا۔

◆ دسویں باب میں اسلام کے بارے میں مختلف مذاہب کی کتابوں اور صحف سماوی کی روشنی میں دین واحد اور صراط مستقیم کی نشاندہی کی جائے گی اور اسلام کی حقانیت کو ثابت کیا جائے گا۔

اس کتاب میں حرمین شریفین کے نادر عکسوں کے علاوہ صحف سماوی کی اصل عبارت کے عکس بھی دیئے جائیں گے۔

---

۵۰ علامہ ابن جوزی ۵۱۱ھ / ۱۱۱۷ء میں پیدا ہوئے اور ۵۹۷ھ / ۱۲۰۰ء میں انتقال فرمایا ——— فن حدیث میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ اس فن میں ایسا کمال حاصل تھا کہ حدیث سنتے ہی اس کے مقام و مرتبہ کا تعین فرما دیا کرتے تھے ——— ابن تیمیہ بھی فن حدیث میں ابن جوزی کے کمال کے معترف تھے ——— ابن جوزی ایک ہزار سے زیادہ کتب و رسائل کے مصنف تھے ——— وہ عالم اسلام کی ایک ممتاز شخصیت تھے جو آج سے نو سو سال قبل اس عالم آب و گل میں تشریف لائے۔

---

۵۱ حافظ جمال الدین عبدالرحمن ابن الجوزی البغدادی: بیان المیلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۵-۶ ———

Marfat.com

# ۲

۱؎ ملاکی، ۳ : ۱-۲

۲؎ زبور : ۹۲، ۱۳ بحوالہ قتیل دانا پوری، محمد رسول اللہ آسمانی صحائف میں، استقامت (کانپور)، رسول نمبر ۱۹۸۵ء، ص ۹۷

۳؎ فاران شہر مکہ معظمہ یا مکہ کے پہاڑ کا نام ہے مندرجہ ذیل مآخذ ملاحظہ فرمائیں:

(ا) معجم یاقوت، مطبوعہ مصر ۱۳۲۴ھ، ج ۶، ص ۳۲۳

(ب) ہمدانی، صفۃ جزیرۃ العرب، مطبوعہ لندن ۱۸۸۳ء، ص ۱۷۰

(ج) قطب الدین نہروانی مکی : الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام، لیبسک ۱۸۵۷ء، ص ۱۸

۴؎ کتاب اشعیاہ، باب ۴۱ مطبوعہ ۱۷۲۳ء

۵؎ توریت، سفر الاستثنا، باب ۳۳، مطبوعہ ۱۸۴۴ء

۶؎ محمد افضل شریف : البشارات، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء، ص ۸۱-۸۲

۷؎ ویاس جی، پوتھی راسنگ رام، کانڈ ۶، اسکنڈ ۱۲ مترجمہ گوسائیں تلسی داس:

(ا) تلسی داس نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ کوئی شخص بغیر نام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھ سکتا۔

(شاہ رکن الدین الوری، توضیح العقائد، لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۷۱)

۸؎ انجیل برنا باس، باب ۹۷، ص ۱۲۴

۹؎ انجیل برنا باس، باب ۳۹، ص ۵۰

۱۰؎ عبدالرحمن جامی : شواہد النبوۃ لتقویۃ یقین اہل الفتوۃ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۴۶-۴۷

۱۱؎ ایضاً، ص ۴۶-۴۷

Marfat.com

۱۲ (ا) علامہ ابن کثیر: میلادِ مصطفیٰ ؐ مترجمہ مولانا افتخار احمد قادری، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء ص ۱۱-۱۲

(ب) سیرت ابن ہشام، ج ۱، ص ۱۵۸

(ج) سیرت ابن کثیر، ج ۱، ص ۲۰۶

۱۳ ابی الحسن علی الجزری ابن اثیر: اسد الغابہ فی معرفتہ الصحابہ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء ج ۲، ص ۱۶

۱۴ (ا) اسمعیل بن عمر الدمشقی: البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۲۷۵

(ب) علامہ ابن کثیر: میلاد مصطفیٰ، ص ۱۱

۱۵ احمد رضا خاں: ختم النبوت، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۴ء، ص ۲۰

۱۶ ایضاً، ص ۲۲

۱۷ علمائے یہود میں ابن الہیبان بھی شام سے اسی لئے منتقل ہو کر مدینہ منورہ آکر بس گیا تھا کہ بعثت نبوی کا وقت قریب آرہا ہے، شاید وہ دیدار مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سعادت حاصل کر کے اسلام سے مشرف ہو جائے مگر اس کے دل کی آرزو دل ہی میں رہ گئی اور موت قریب آگئی ـــــ جب وہ مرنے لگا تو اس نے حاضرین کو وصیت کی کہ تم جب اس کو پالو تو جلد اس کی خدمت میں حاضر ہو کر دین اسلام قبول کر لینا۔

(سیرت ابن ہشام ترجمہ فارسی رفیع الدین اسحاق بن محمد ہمدانی، مطبوعہ تہران ۱۳۴۵ شمسی، ج ۱، ص ۱۸۷-۱۸۸)

۱۸ (ا) جلال الدین سیوطی: خصائص الکبریٰ، ج ۱، ص ۱۲۵

(ب) محمد ضیاء القادری: انوار المحمدیہ، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۶ھ، ص ۲۴۵

۱۹ عبدالرحمٰن جامی: شواہد النبوۃ، ص ۵۸

۲۰ قرآن حکیم، سورۂ بلد، آیت نمبر ۱-۳

مکہ معظمہ جزیرہ نمائے عرب کے صوبہ حجاز کا مرکزی شہر اور عالم اسلام کا دینی اور روحانی مرکز ہے۔ یہ شہر ۲۱ درجے، ۲۸ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۳۷ درجے ۵۴

Marfat.com

دقیقے طول بلد مشرق پر واقع ہے، یہ ایک وادی میں ہے جس کے چاروں طرف پہاڑ ہی پہاڑ ہیں۔ یونانی جغرافیہ نویس بطلیموس نے دوسری صدی عیسوی میں اپنے جغرافیہ میں مکہ مکرمہ کو MACORBA لکھا ہے۔ یہ عربی لفظ "مقربہ" کی تعریب ہے جس کے معنی لوگوں کو معبودوں کے قریب لانے والے کے ہیں۔ بعض محققین نے اس کے معنی مَعبدُ (عبادت گاہ) کے بھی لکھے ہیں۔ ولندیزی مستشرق ڈوزی کی رائے میں مکہ معظمہ کی تاریخ کا آغاز حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے سے ہوتا ہے۔ اس کا ذکر توریت وانجیل میں بھی ہے ۔۔۔۔۔ امام ازرقی نے لکھا ہے کہ زمین پر اولین شئے بیت اللہ تھا اور قرآن حکیم سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں اللہ کا پہلا گھر کعبۃ اللہ ہی ہے۔

بقول امام ازرقی یہ سرخ رنگ کے کھوکھلے یاقوت سے بنا ہوا تھا، اس کے بعد اولاد آدم نے ایک مکان پتھر اور مٹی کا بنایا جو طوفان میں صرف ایک ٹیلے کی صورت میں باقی رہا اسی پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے بیت اللہ کی تعمیر نو فرمائی۔

حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں حضرت ابراہیم علیہ السلام مصر سے اپنی زوجہ ہاجرہ اور فرزند حضرت اسمٰعیل علیہما السلام کو لے کر فلسطین آئے پھر وہاں سے مکہ مکرمہ حاضر ہوئے یہیں حضرت اسمٰعیل جوان ہوئے اور یمن کے قبیلہ بنو جرہم کی لڑکی سے ان کی شادی ہوئی۔ بیت اللہ ایک عرصہ بنو جرہم کی تولیت میں رہا پھر رفتہ رفتہ یہ تولیت بنو ہاشم میں آئی اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد حضرت عبد المطلب اس کے متولی ہوئے۔

۱۔ جواد علی: المفصل فی تاریخ العرب قبل الاسلام، مطبوعہ بیروت ۱۹۷۰ء ج ۴، ص ۹ ۔ ۲۰ ۔

۲۔ الازرقی: اخبار مکہ، مطبوعہ بیروت ۱۹۷۹ء ج ۱، ص ۵۲ ۔ ۵۳ ۔

۳۔ ابن ہشام: سیرت ابن ہشام، مطبوعہ قاہرہ ۴۳ ۔ ۵۷ ۔

۴۔ علامہ ابن جوزی نے ولادت باسعادت کی تاریخ کے سلسلے میں تین مختلف قوال نقل کئے ہیں،

Marfat.com

(۱) ۱۲ ربیع الاوّل (حضرت عباس رضی اللہ عنہ)

(۲) ۸ ربیع الاوّل (حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ)

(۳) ۳ ربیع الاوّل (حضرت عطا رضی اللہ عنہ)

یہ اقوال نقل کر کے فرمایا:۔ لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

(ابن جوزی: بیان میلاد النبی، ص ۳۱)

بھاگوت پران سے علامہ ابن جوزی کے فیصلے کی توثیق ہوتی ہے۔

۲۲ؔ حضرت آمنہ کے دو مہینے حمل سے گزرے تھے کہ حضرت عبداللہ کا انتقال ہوگیا، اُن کی عمر شریف اُس وقت اٹھارہ سال تھی، دارالنابغہ میں ان کو سپرد خاک کیا گیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے زبور (۱۹) میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کو "یتیم" لکھا ہے۔

۲۳ؔ بھاگوت پران، اسکند ۱۲، باب ۲، شلوک ۱۸

(ا) ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے، ایم اے (سنسکرت وید) ڈی۔ فل (دھرم شاستر اچاریہ)، ڈپ۔ ان (جرمنی) نے ایک تحقیقی مقالہ بعنوان "کلکی اوتار اور محمد" الہ آباد یونیورسٹی میں ہندی میں قلم بند کیا ہے جس کا اُردو ترجمہ علامہ شاہ خالد میاں فاخری نے شائستہ فاخری سے کرا کر راقم کو عنایت فرمایا۔ یہ مقالہ قابل مطالعہ ہے۔ اس میں ہندوؤں کی کتابوں سے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ایسی واضح پیش گوئیاں ہیں جو اس سے قبل مطالعہ میں نہ آئیں۔

۲۴ؔ مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:۔

ربیع الاوّل کو اس خاص حیثیت سے کہ حضور کی اس میں ولادت باسعادت ہوئی صورۃً رمضان المبارک پر فضیلت ہے۔

(اشرف علی تھانوی: الظہور، مطبوعہ تھانہ بھون، ص ۱۵)

۲۵ؔ اشرف علی تھانوی: السرور لظہور النور (۱۳۳۲ھ) مطبوعہ ساڈھورہ ضلع انبالہ

Marfat.com

۲۶ سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کو پانچ ادوار پر تقسیم کیا جا سکتا ہے :۔
(ا) پہلا دور :۔ خلقت محمدی سے ظہور قدسی تک (یہ دور لاکھوں سالوں کو محیط ہے)
(ب) دوسرا دور : ظہور قدسی سے بعثت نبوی تک (۵۶۹ء تا ۶۰۹ء)
(ج) تیسرا دور : بعثت نبوی سے ہجرت نبوی تک (۶۱۰ء تا ۶۲۱ء)
(د) چوتھا دور : ہجرت محمدی سے وصال محمدی تک (۶۲۲ء تا ۶۳۲ء)
(ھ) پانچواں دور : وصال محمدی سے جلوس محمدی تک (یہ زمانہ نامعلوم سالوں کو محیط ہے)

۲۷ (ا) ابن کثیر، میلاد مصطفیٰ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۱۴
(ب) سیرت ابن ہشام، ج ۱، ص ۱۵۸-۱۵۹
(ج) سیرت ابن کثیر، ج ۱، ص ۲۰۴

۲۸ ابن کثیر : میلاد مصطفیٰ، ص ۱۴

۲۹ (ا) ابن کثیر : البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۲۶۸
(ب) ابن کثیر : میلاد مصطفیٰ، ص ۱۴

۳۰ ایضاً، ص ۱۶

۳۱ ابن جوزی، بیان میلاد النبی، ص ۳۵

(ا) لیلۃ القدر سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم پر اللہ کے بیکراں انعامات میں سے ایک انعام ہے ـــــ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پچھلی امتوں کے ایک ایسے عابد کا ذکر فرما رہے تھے جس نے ہزار مہینے رات عبادت میں اور دن جہاد میں گزار دیئے ـــــ صحابہ کو اس کی سعادت پر رشک ہوا اور یہ خیال ہوا کہ یہ سعادت اُن کو کیسے میسر آ سکتی ہے جب کہ اُن کی عمریں چھوٹی ہیں ـــــ اچانک رحمت باری جوش میں آئی اور لیلۃ القدر عطا فرمائی گئی جو ایک ہوتے ہوئے بھی ہزار مہینوں پر بھاری ہے اس طرح امت محمدیہ کی حسرت پوری ہوئی اور ہزار مہینوں والی کتنی ہی راتیں اُن کو میسر آ گئیں۔

(ب) لیلۃ القدر کی شان یہ ہے کہ اس میں فرشتے اور جبرئیل اترتے ہیں تو اس

Marfat.com

کی کیا شان ہوگی جس کے حضور فرشتے اور جبریل خادمانہ حاضر ہوتے ہیں۔؟

(ج) شب قدر سلامتی ہے صبح ہونے تک، پھر اس کی کیا بات ہے جس کی ذاتِ اقدس سلامتی و رحمت ہے رہتی دنیا تک بلکہ قیامت اور قیامت کے بعد تک رحمت ہی رحمت ہے ـــــ؟

(د) لیلۃ القدر میں قرآن نازل ہوا پھر اس رات کی کیا شان ہوگی جس میں صاحبِ قرآن تشریف فرما ہوئے؟

۳۲ امام قسطلانی: مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۲۶-۲۷ ـــــ

۳۳ (ا) ابو عبد محمد بن اسمٰعیل: بخاری شریف، ج ۲، ص ۷۶۴ ـــــ

(ب) ابن حجر عسقلانی: فتح الباری، ج ۹، ص ۱۱۸ ـــــ

(ج) بدر الدین عینی: عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، ج ۲۰، ص ۹۵۔

۳۴ امام تاج الدین سبکی وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں خشک سالی ہوئی اور سخت قحط پڑا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ لے گئے اور مجمع عام میں ان کے وسیلے سے بارش کی دعا فرمائی ـــــ خدا کی شان اچانک بادل امنڈ آئے، بارش ہونے لگی، حاضرین فرطِ محبت میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پیرہن مبارک اور چادر شریف کو چومتے تھے ـــــ ابن الاثیر نے اسد الغابہ میں اس واقعہ کا ذکر کیا ہے ـــــ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس واقعہ سے متاثر ہو کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی شان میں اشعار کہے جن کا ترجمہ یہ ہے:-

امام المسلمین نے ایسے وقت دعا کی اجب کہ خشک سالی مسلسل تھی پھر حضرت عباس کے چہرے کے طفیل بادل برس پڑا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا اور ان کے والد کے حقیقی بھائی ہیں۔

(ابو یوسف بن اسماعیل بنہانی: جامع کرامات اولیاء (ترجمہ لامع علامات الاولیاء)

Marfat.com

مطبوعہ مصر ۱۳۲۹ھ) ۱۳۲۴ھ مطبوعہ ملتان، ص ۵۵)۔۔۔
مولوی اشرف علی تھانوی نے جمال الاولیاءؒ کے نام سے اس کا خلاصہ بھی تیار کرایا تھا

۳۵؎ (ا) ابن حجر عسقلانی: فتح الباری، ج ۹، ص ۱۱۸۔۔۔
(ب) احمد سعید کاظمی: مقالات کاظمی، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۷ء، ج ۱، ص ۸۶
(ج) بدرالدین عینی: عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، طبع جدید، ج ۲ ص ۹۵

۳۶؎ امام قسطلانی: مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۲۷۔۔۔

۳۷؎ ابن کثیر: میلاد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) ترجمہ اردو مولانا افتخار احمد قادری، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۱۷۔۔۔
(الف) حضرت عبدالمطلب نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا محمدؐ نام تجویز کیا تو چونکہ عربوں میں یہ نام رکھنے کا رواج نہ تھا اس لئے دوست احباب نے پوچھا کہ عام روش سے ہٹ کر یہ نام کیوں کہا؟ ۔۔۔۔۔ آپ نے فرمایا:
"میری نیت یہ ہے کہ آسمان پر اللہ ان کی حمد کرے اور زمین پر اس کی مخلوق ان کی حمد کرے"۔ ۔۔۔۔۔ (ایضاً، ص ۱۷)

۳۸؎ احمد رضا خاں: ختم النبوت، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۴ء، ص ۳۸۔۔۔

۳۹؎ (ا) محدث ابن جوزی: المیلاد النبی، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۴۴
(ب) ابوعبداللہ محمد بن عبدالحاکم: مستدرک علی الصحیحین، مطبوعہ ہند
(ج) انجیل برناباس، باب ۹۷، ص ۱۱۳۔۔۔
(د) ابن کثیر: میلاد مصطفےٰ، ص ۱۳۔۔۔

۴۰؎ اتھروید، کھنڈ ۲۰، سوکت ۱۲۷، منتر ۱-۳۔۔۔

۴۱؎ رگ وید، منڈل ۵، سوکت ۲۷، منتر ۱۔۔۔

۴۲؎ بھوشیہ پران، پرو ۳، کھنڈ ۳، ادھیا ۳، شلوک ۵-۸۔۔۔

۴۳؎ ژند اوستا، فرور دین پشت ۱۳۔۔۔

۴۴؎ الدکتور احمد حجازی السقا: نبواۃ محمد فی الکتاب المقدس، ص ۳۰ بحوالہ

Marfat.com

اسفار الخمسہ۔

۴۵؎ انجیل برناباس، باب ۹۷، ص ۱۲۳۔

(۱) علم الاعداد اور فن جمل کے اعتبار سے نام نامی محمد کے عدد ۹۲ ہیں۔ اس کو مزید مختصر کریں تو ۱۱ بنتے ہیں (۱۱ = ۲ + ۹) پر مزید مختصر کریں تو ۲ بنتے (۲ = ۱ + ۱) اب آپ کی حیات طیبہ میں اس عدد کی جلوہ گری ملاحظہ فرمائیں:۔

۱۔ سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی شادی حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے ہوئی، اس وقت حضرت خدیجہ کی عمر ۴۰ سال تھی اور آپ کی ۲۵، دونوں کے اعداد کا مجموعہ ۶۵ ہوتا ہے، اس کو مختصر کریں تو ۱۱ بنتے ہیں (۱۱ = ۵ + ۶) اور مزید مختصر کریں تو ۲ بنتے ہیں (۲ = ۱ + ۱)۔

۲۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ ہیں۔ اس کے عدد ۳۶۲ بنتے ہیں، اس کو مزید مختصر کریں تو ۱۱ بنتے ہیں (۱۱ = ۲ + ۶ + ۳) اور مزید مختصر کریں تو ۲ بنتے ہیں (۲ = ۱ + ۱)۔

۳۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم 'خاتم الانبیاء' ہیں، اس کے عدد ۱۱۳۶ بنتے ہیں، اس کو مزید مختصر کریں تو ۱۱ بنتے ہیں (۱۱ = ۶ + ۳ + ۱ + ۱) اور مزید مختصر کریں تو ۲ بنتے ہیں (۲ = ۱ + ۱)۔

علم الاعداد کی روشنی میں مندرجہ بالا حقائق سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت، رسالت و نبوت کے بارے میں مزید رازہائے سربستہ معلوم ہوتے ہیں۔

۴۶؎ سام وید، پرپھاٹک ۲، دشتی ۶، منتر ۸۔

۴۷؎ قرآن حکیم، سورہ صف، آیت ۶۔

۴۸؎ انجیل یوحنا ۱۴ : ۱۶؛ ۱۷ تا ۱۵ : ۲۶؛
۷ : ۲۸ – ۲۹ تا ۱۶ : ۷ – ۱۴۔

(۱) سریانی زبان میں منحمنا کا ترجمہ "محمد" ہے اور یونانی زبان میں "برقلیطس"

Marfat.com

کا ترجمہ محمدؐ ہے۔ اناجیل کے ترجموں میں یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

(ابن ہشام (ترجمہ فارسی) مطبوعہ تہران، ج ۱، ص ۲۰۳، ۲۰۴)

(ب) عبرانی زبان میں "فارقلیط" کے معنی "محمدؐ" ہوتے ہیں۔ اس کا ترجمہ احمدؐ بھی ہو سکتا ہے۔

(سر سید احمد خاں: الخطبات الاحمدیہ، مطبوعہ لاہور ۱۸۷۰ء ص ۶۳۹)

(ج) 'فار' کے معنی 'محمدؐ یا محمودؐ' اور قلیطہ کے معنی 'مامن' یعنی امن اور حفاظت کی جگہ جو مکہ معظمہ کی خاص صفت ہے جس کا ذکر قرآن میں بھی ہے۔ تو اب 'فارقلیط' کے معنی 'محمدِ مکہ' ہوئے۔

(عنایت رسول چریا کوٹی: بشریٰ، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۳۸ء، ص ۲۱-۲۵)

(د) ڈاکٹر فری ہیگنس اور جان ڈیوڈ پورٹ نے لکھا ہے کہ انجیل میں جس "فارقلیط" کی خبر دی ہے وہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔

۴۹؎ الخطبات الاحمدیہ، ص ۶۳۹ —

۵۰؎ دیوان حسان بن ثابت، ص ۵۸ —

۵۱؎ انجیل برناباس، مطبوعہ کراچی، باب ۴۴، ص ۵۸-۵۹ —

۵۲؎ تسبیحات سلیمانی، باب ۵، آیت ۱۰-۱۶ بحوالہ خطبات احمدیہ، ص ۶۳۲، ۶۳۳

۵۳؎ ابن اثیر: اسد الغابہ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ج ۱، ص ۱۷ —

۵۴؎ ایضاً، ص ۱۸ —

۵۵؎ (ا) علامہ قسطلانی: مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۶ —

(ب) ولی الدین بن عبداللہ الخطیب: مشکوٰۃ المصابیح، مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۳

(ج) ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی: علموا اولادکم محبۃ رسول اللہ، مطبوعہ جدہ ۱۹۸۸ء ص ۱۷

امام احمد بن حنبل، ابو عیسیٰ ترمذی اور امام بخاری وغیرہ نے اسی مفہوم کی احادیث کو نقل فرمایا ہے۔

۵۶؎ سید یوسف سید ہاشم رفاعی: ادلۃ اہل السنۃ والجماعۃ (ترجمہ اردو مولانا

Marfat.com

عبدالحکیم شرف قادری) مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۱۷۔

۵۷؎ محمد افضل شریف، بشارت، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء

۵۸؎ تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائیں شمائل ترمذی شریف (شرح اردو سید محمد امیر شاہ گیلانی) مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء

۵۹؎ سلیمان ندوی: سیرت النبی، مطبوعہ اعظم گڑھ ۱۹۴۷ء، ج ۳، ص ۷۹۵

۶۰؎ قرآن حکیم، سورۂ حجرات، آیت ۲۔

۶۱؎ سید ہاشم رسولی، زندگانی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ترجمہ فارسی ابن ہشام) مطبوعہ تہران ۱۳۶۴ شمسی، ج ۱-۲، ص ۱۳۴۔

۶۲؎ قرآن حکیم، سورۂ بقرہ، آیت ۸۹۔

۶۳؎ ماہنامہ استقامت (کانپور) محمد عربی نمبر ۱۹۸۶ء، ص ۷۸۔

(۱) ایک ہندو فاضل ڈاکٹر وید پرکاش اوپادھیائے نے ہندوؤں کی مذہبی کتابوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ جس آخری نبی کی آمد آمد کی پیش گوئیاں ان کتابوں میں ہیں۔ وہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔ انھوں نے اپنے مقالہ کے آخر میں ہندوستان کے ہندوؤں کو خطاب کرتے ہوئے لکھا ہے:

"صرف میں ہی نہیں بلکہ تمام طبقے جو علم و دانش کی دولت سے مالامال ہیں، مجھے یقین ہے کہ ملک و قوم کے سکون کے لئے میری اس تحقیقی کتاب کو قبولیت کا درجہ دے سکیں گے۔ ——— بھارتی جس "کلکی" کو اوتار مانتے ہیں، مسلمان اسی "کلکی" (پیغمبر عالم) کے شاگرد ہیں۔ "کلکی" کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہ بھارت کے لئے رحمت کے فرشتے ہوں گے۔ اس لئے ہر وہ شخص جو بھارت کا رہنے والا ہے خود کو ہندو کہے یا انڈین، کلکی پر یقین کرے کیوں کہ یہی آخری اوتار ہیں...... جس کلکی (پیغمبر عالم) کے انتظار میں بھارتی بیٹھے ہیں وہ آچکے ہیں اور وہ محمد صاحب ہیں۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

Marfat.com

(کلکی اوتار اور محمد صاحب، مترجمہ شائستہ فاخری، قلمی)

۶۴ ماہنامہ استقامت (کانپور) محمد عربی نمبر، ص ۸۰

۶۵ نفائس تلامذۃ المدارس، مطبوعہ بیروت ۱۸۸۶ء

۶۶ (ا) انجیل، باب ۱۵، آیت ۲۳-۲۷، باب ۱۶، آیت ۷

(ب) سیرت ابن ہشام (فارسی) مطبوعہ تہران، ج ۱، ص ۲۰۴

۶۷ انجیل برنباس، باب ۶۳، ص ۲۱۲

۶۸

۶۹ انجیل برنباس، باب ۳۹، ص ۵۰

۷۰ محمد افضل شریف: بشارات، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء، ص ۲۷، بحوالہ جاماسپی مصنفہ حکیم جاماسپ بعہد گشتاسپ ۴۸۹ء

۷۱ (ا) سیرت ابن ہشام، ص ۱۸۹-۱۹۸

(ب) طبقات ابن سعد، ج ۴، ص ۵۳-۵۴

(ج) علامہ محمد رشید رضا، محمد رسول اللہ (ترجمہ اردو) مطبوعہ کراچی، ص ۹۲-۹۱

۷۲ ولی الدین محمد: مشکوٰۃ شریف مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۱۴۲

۷۳ رحمت اللہ کیرانوی: اظہار الحق، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء، ص ۳۲۷

۷۴ ولی الدین محمد: مشکوٰۃ شریف، مطبوعہ لاہور ج ۳، ص ۱۳۵

Marfat.com

# ۳

۱۔ قرآن حکیم، سورۂ ابراہیم، آیت ۳۴۔
۲۔ قرآن حکیم، سورۂ آل عمران، آیت ۱۶۴۔
۳۔ قرآن حکیم، سورۂ یونس، آیت ۵۷-۵۸۔
۴۔ عنایت رسول چریاکوٹی: بشریٰ، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۳۸ء، ص ۱۴۲۔ بحوالہ زبور، آیت ۵۔

(۱) مولوی اشرف تھانوی 'فضل اور رحمت' کی تشریح کرتے ہوئے کہتے ہیں:

'فضل اور رحمت' سے مراد حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا قدوم مبارک لیا جاوے اس تفسیر سے موافق جتنی نعمتیں اور رحمتیں ہیں خواہ وہ دنیوی ہوں یا دینی، اور اس میں قرآن بھی، سب اس میں داخل ہوجائیں گی اس لئے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا وجود باجود اصل ہے تمام نعمتوں کی اور مادہ ہے تمام رحمتوں اور فضل کا'۔

پھر آگے چل کر آیۂ کریمہ لقد من اللہ الآیہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں:

دوسرے مقام پر اس سے بھی زیادہ صاف ارشاد ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعی خوشی کی شئے دنیا میں اگر ہے تو حضور ہی ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم)'

(اشرف علی تھانوی: السرور بظہور النور (۱۳۳۲ھ) مطبوعہ ساڈھورہ، ص ۱۵-۱۶)

۵۔ عنایت علی چریاکوٹی: بشریٰ، ص ۴۰۹۔
۶۔ قرآن حکیم، سورۂ بنی اسرائیل، آیت ۷۹۔
۷۔ انجیل برناباس، باب ۸۲، ص ۱۰۴-۱۰۵۔

(۱) جوبلی کی مختلف تشریحات کی گئی ہیں ——— ایک یہ ہے کہ پچاس سال کے بعد آنے والا وہ سال جس میں غلاموں کو آزاد کیا جاتا تھا، جس میں قرضوں اور ان کے قرض معاف کئے جاتے تھے، جس میں غاصبوں سے مکانات بازیافت کرکے

Marfat.com

اصل مالکوں کو دیئے جاتے تھے ___

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے غلاموں کو آزاد کرایا، قرض داروں کے قرض معاف کرائے، غاصبوں سے حقوق لے کر حقداروں کو دیئے ___ اسی مبارک و مقدس ہستی کا آنا اصل میں وہ عید ہے جس کی پیشن گوئی حضرت عیسٰی علیہ السلام نے فرمائی۔

(ب) جوبلی کی ایک تشریح یہ بھی ملتی ہے :۔

قدیم یہودی قانون کے مطابق ہر پچاس برس کے بعد جوبلی کا سال منایا جاتا تھا۔ رومن کیتھولک چرچ میں وقتاً فوقتاً جوبلی کے سال کا اعلان ہوتا ہے زیادہ سے زیادہ ۲۵ برس کے بعد ___ پوپ کو یہ اختیار تھا کہ خصوصی جوبلی کا سال جب چاہیں منانے کا اعلان کر دیں

(ا) چیمبرس ٹوئنٹیتھ سنچری ڈکشنری، مطبوعہ لندن، ص ۵۷۵

(ب) ای۔ آر پانک: انسائیکلوپیڈیا ریلجن اینڈ ایتھکس، مطبوعہ نیویارک ۱۹۶۱ء ص ۲۱۴۔۲۱۵

نوٹ :۔ اصل میں یہ سال سو برس کے بعد منایا جاتا ہوگا جیسا کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے۔

(ب) حضرت عیسٰی علیہ السلام نے جس جشن میلاد کی طرف اشارہ فرمایا ہے وہ مسلم ممالک میں اور دوسرے بہت سے ملکوں میں تو منایا جاتا ہی ہے مگر حیرت کی بات ہے کہ دیار فرنگ میں بھی جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم شایان شان طریقے سے منایا جاتا ہے۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ (۷ نومبر ۱۹۸۷ء) کو لندن میں جشن عید میلاد کے مبارک موقع پر عظیم الشان جلوس نکالا گیا اور ایک شاندار محفل منعقد ہوئی۔ ماہنامہ اسلامک ٹائمز (یو کے) کی اطلاع کے مطابق ورلڈ صوفی کونسل (لندن) نے اس کا اہتمام کیا۔ برطانیہ کے مختلف شہروں سے ۲۵ ہزار مسلمان لندن میں جمع ہوئے۔ جلوس میلاد لندن کی شاہراہوں سے گزرتا ہوا ہائیڈ پارک پہنچا جہاں نماز ظہر باجماعت ادا

Marfat.com

کی گئی۔ شاید اس پارک میں کبھی ایسا روح پرور اجتماع نہ ہوا ہوگا ——— نماز کے بعد کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر امام شمس الدین الفاسی نے خطاب فرمایا ——— جلوس اور جلسے میں شریک حضرات کے نعروں اور درود و سلام کی گونج سے غیر مسلم بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور از خود جلوس میں شریک ہو کر لطف اندوز ہوئے عجیب سماں تھا کہ سب دل دے بیٹھے ———

(اسلامک ٹائمز، یو، کے، شمارہ دسمبر ۱۹۸۷ء، ص ۱۶)

صدیوں پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس عید کی پیش گوئی فرمائی تھی وہ اس دیار میں بھی منائی جا رہی تھی جہاں ان کے پیروکاروں کی اکثریت اور حکومت ہے ——— بلاشبہ یہ عید کسی ایک ملک و قوم کی نہیں ——— سب قوموں کی عید ہے ——— سب مظلوموں کی عید ہے ——— سب غلاموں کی عید ہے ——— سب زیر دستوں کی عید ہے۔

(مسعودؔ)

۸؎ شاہ احمد سعید دہلوی: اثبات المولد والقیام، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء ص ۲۳

۹؎ (ا) امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ: ترمذی شریف، مطبوعہ اسلام آباد ج ۲، ص ۲۰۱

(ب) ولی الدین بن عبد اللہ الخطیب، مشکوٰۃ المصابیح مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۱

۱۰؎ (ا) احمد بن حنبل امام: مسند

(ب) ولی الدین بن عبد اللہ الخطیب، مشکوٰۃ المصابیح، مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۳

۱۱؎ (ا) ابو عبد اللہ محمد بن عبد الباقی: زرقانی، مطبوعہ ۱۲۹۲ھ ج ۱، ص ۲۷ —

(ب) علامہ محمد رضا مصری: محمد رسول اللہ ﷺ، مطبوعہ لاہور، ص ۲۶۰ —

۱۲؎ محمد بن علوی المالکی الحسنی: حول الاحتفال بالمولد النبوی الشریف، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء (ترجمہ اردو از دوست محمد شاکر سیالوی) ص ۱۰

۱۳؎ (ا) بدر الدین عینی: عینی شرح بخاری، ج ۱۷ —

(ب) ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری: بخاری شریف، پارہ ۱۵، ص ۵۴۶ —

Marfat.com

(ج) محی الدین محمد بن علی بن محمد بن العربی الاندلسی : محاضرۃ الابرار و مسامرۃ الاخیار فی الادبیات،

۱۴ والنوادر والاخبار، مطبوعہ مصر ۱۹۰۶ء ص ۲۵ ـــــ

۱۵ ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل : بخاری شریف، مطبوعہ دہلی، ج ۱، ص ۶۵

۱۶ (ا) ابو جعفر محمد بن جریر طبری : طبری

(ب) علامہ ابن کثیر : میلاد مصطفےٰ، ۱۹۸۵ء ص ۲۹ - ۳۰ ـــــ

۱۷ (ا) سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ افضل دن جمعہ کا دن ہے، اس دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو۔

(ابو داؤد : سنن ابو داؤد، ص ۲۱۴) ـــــ

(ب) ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ہر جمعرات کو تمہارے اعمال مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔

(محدث ابن جوزی : الوفا باحوال المصطفےٰ، ص ۸۱۰) ـــــ

(ج) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس طرح درود و سلام کی شب جمعہ فضیلت ہے اسی طرح شب دوشنبہ (پیر) بھی فضیلت ہے کیوں کہ دوشنبہ ایام فاضلہ میں ہے کہ اس میں بندوں کے اعمال درگاہ رب العزت میں پیش کئے جاتے ہیں۔

(عبدالحق محدث دہلوی : جذب القلوب الی دیار المحبوب مطبوعہ کلکتہ ۱۲۶۳ھ ص ۳۶۸)

(د) دنوں کے علاوہ احادیث میں مقدس مہینوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ چنانچہ مسلم شریف میں ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم، رجب ایسے ہی مقدس مہینوں میں شمار کئے گئے ہیں۔

(مسلم بن الحجاج القشیری : مسلم شریف، مطبوعہ لاہور ج ۱، ص ۱۰۴)

۱۸ ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل : بخاری شریف، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۲ء، ج ۲، ص ۳۴۳

Marfat.com

۱۹؎ قرآن حکیم، سورۂ مریم، آیت نمبر ۱۵ ـــــ

۲۰؎ قرآن حکیم، سورۂ مریم، آیت ۳۳ ـــــ

۲۱؎ (ا) شاہ احمد سعید دہلوی : اثبات المولد والقیام، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء ص ۲۳

نوٹ :- حضرت شاہ احمد دہلوی، حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی اولاد امجاد سے ہیں، ۱۲۱۷ھ/۱۸۰۲ء میں رام پور (بھارت) میں پیدا ہوئے مشہور بزرگ حضرت شاہ غلام علی نقشبندی سے بیعت تھے۔ حضرت خالد کردی علیہ الرحمۃ کے ذریعہ جن کا سلسلہ ترکی میں خوب پھلا پھولا۔ حضرت شاہ احمد سعید علیہ الرحمۃ نے ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف جہاد کا فتویٰ جاری فرمایا۔ ۱۲۷۴ھ/۱۲۵۸ء میں انھوں نے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی اور وہیں ۲ ربیع الاول ۱۲۷۷ھ مطابق ۱۸ استمبر ۱۸۶۰ء کو وصال فرمایا۔ صاحب تصنیف بزرگ تھے اور اپنے وقت کے جلیل القدر عالم و عارف۔

(ب) محمد بن علوی المالکی الحسنی : حول الاحتفال بالمولد النبوی الشریف، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۱۰

(ج) ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی : علموا اولادکم محبۃ رسول اللہ، مطبوعہ جدہ، ۱۹۸۸ء، ص ۹۹ ـــــ

(د) امام ترمذی : ترمذی شریف، مطبوعہ دہلی، ص ۹۴ ـــــ

(ھ) امام قشیری : مسلم شریف، ص ۳۸۸ ـــــ

نوٹ :- نسبتوں کی دنیا بھی عجیب دنیا ہے ـــــ یہ نسبتیں آن کی آن میں ادنیٰ کو اعلیٰ بنا دیتی ہیں ـــــ ایک بوسیدہ کرسی جس کا کوئی پرسانِ حال نہ ہو جب بتایا جائے کہ یہ فلاں بادشاہ کی ہے تو انمول چیز بن جاتی ہے اور قابل زیارت ہو جاتی ہے ـــــ یہ انسان کی فطرت ہے کہ وہ نسبتوں کی قدر کرتا ہے کیوں کہ رحمٰن کی عادت ہے کہ وہ نسبتوں سے پیار فرماتا ہے ـــــ اپنے پیارے نبی ابراہیم علیہ السلام کے نشانِ قدم کو "مقام ابراہیم" بنا کر جاوداں بنا دیا

Marfat.com

ــــــ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کے آثار کو فتح و نصرت کا وسیلہ بنا کر 'تابوت سکینہ' کا خود تعارف کرایا۔

۲۲ے مسلم بن حجاج قشیری: مسلم شریف' کتاب الصیام' ج ۱' ص ۷ــــ

۲۳ے ابن اثیر: اُسد الغابہ' ج ۱' ص ۲۱-۲۲ــــ

۲۴ے ابن کثیر: میلاد مصطفیٰ' مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء' ص ۱۴ــــ

(ا) مسند میں ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم پیر کو پیدا ہوئے پیر کو ہی آپ مبعوث ہوئے' اور پیر کو ہی آپ نے ہجرت فرمائی' پیر کو ہی آپ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے اور پیر کو ہی حجاب اٹھائیں گے۔

(شاہ احمد سعید دہلوی: اثبات المولد والقیام' ص ۲۶)

۲۵ے (ا) ابن حجر عسقلانی، فتح الباری' ج ۹' ص ۱۱۸

(ب) بدرالدین عینی: عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری' ج ۲' ص ۹۵ــــ

(ج) عبدالرزاق صنعانی: مصنّف' ج ۷' ص ۴۷۸ــــ

(د) ابن کثیر: سیرۃ النبویہ من الہدایہ' ج ۱' ص ۲۲۴ــــ

(ھ) ابن الدبیع الشیبانی: حدائق الانوار' ج ۱' ص ۱۳۴ــــ

(و) حافظ بغوی: شرح السنۃ' ج ۹' ص ۷۶ــــ

(ز) ابن ہشام و السہیلی: روض الأنف' ج ۵' ص ۱۹۲ــــ

(ح) عامری: بہجۃ المحافل' ج ۱' ص ۱۴۱ــــ

(ط) محمد بن اسماعیل بخاری' مطبوعہ دہلی' ج ۲' ص ۷۶۴ــــ

۲۶ے چوں کہ "پیر" کے دن کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک خاص نسبت ہے اس لئے عرفاء آرزو کرتے ہیں کہ وہ دنیا سے اس محبوب دن اٹھائے جائیں ــــ راقم کے والد ماجد مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ رحمۃ اللہ علیہ (۱۳۸۶ھ/۱۹۶۶ء) اپنے وقت کے جلیل القدر عالم و عارف تھے اور تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق صادق ــــ اُن کی آرزو تھی کہ جب بارگاہ ذوالجلال میں حاضری ہو تو پیر کے دن ہو

Marfat.com

ـــــ خدا کی شان آپ نے ۲۴؍ شعبان المعظم پیر کے دن وصال فرمایا ـــــ مہینہ بھی محبوب دو عالم کا اور دن بھی جان دو عالم کا ـــــ سبحان اللہ!

۲۷؎ خلیل احمد رانا : انوارِ قطب مدینہ، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۸ھ بحوالہ عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن : مواہب جلیل علی مختصر خلیل۔

(۱) مصر کے چیف جسٹس نے اپنا ایک واقعہ نقل کیا ہے ـــــ اتفاق سے انھوں نے ۱۲ ربیع الاوّل کو روزہ رکھ لیا، ساحلِ سمندر کی طرف سیر کے لئے نکل گئے، وہاں اُن کے دوست ابن عاشر اپنے ساتھیوں کے ساتھ آ گئے ـــــ ـــــ انھوں نے مختلف قسم کی کھانے کی چیزیں نکالیں اور جج صاحب کو دعوت دی مگر انھوں نے معذرت کر دی کیوں کہ ان کا روزہ تھا ـــــ ابن عاشر نے جج صاحب کی طرف ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور کہا:

"اس کا کیا مطلب ہے؟ ـــــ آج خوشی و مسرت کا دن ہے، اس میں روزہ رکھنا ایسا ہی ناپسندیدہ ہے، جیسا عید کے دن۔"

جج صاحب فرماتے ہیں:

"میں نے ان کے کلام پر غور کیا اور میں نے اس کو حق پایا گویا میں سو رہا تھا، انھوں نے بیدار کر دیا۔"

(رانا خلیل احمد : انوارِ قطب مدینہ، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۸ھ، ص ۶۶۴)

۲۸؎ ابو عبداللہ شمس الدین ذہبی : تذکرۃ الحفاظ، ج ۱، ص ۲۱۲

۲۹؎ محمد بن عبدالباقی زرقانی : شرح الزرقانی للموطا، ج ۱، ص ۲ ـــــ

۳۰؎ حافظ ابن حجر عسقلانی : تہذیب التہذیب، ج ۱۰، ص ۹ ـــــ

۳۱؎ احمد رضا خاں : اقامۃ القیامہ (۱۲۹۹ھ)، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۰ء، ص ۴۴

۳۲؎ ایضاً، ص ۴۴ ـــــ

۳۳؎ امام یافعی قادری : قرۃ الناظر و خلاصۃ المفاخر، ص ۱۱ ـــــ

۳۴؎ قرآن حکیم، سورۃ الانشراح، آیت ۴ ـــــ

Marfat.com

۳۵۔ (الف) قاضی عیاض اندلسی : شفا شریف (عربی) مطبوعہ ملتان، ج ۱، ص ۱۲
(ب) شاہ احمد سعید دہلوی : اثبات المولد والقیام، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء، ص ۲۲
(ج) احمد رضا خان بریلوی : اقامۃ القیامہ، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء، ص ۴۲
۳۶۔ (الف) شاہ احمد سعید دہلوی : اثبات المولد والقیام، ص ۲۲ ـــ
(ب) قاضی عیاض اندلسی : الشفاء، ج ۱، ص ۱۲ ـــ
۳۷۔ محمد نعیم الدین مراد آبادی : خزائن العرفان فی تفسیر القرآن، مطبوعہ کراچی، ص ۹
۳۸۔ قرآن حکیم، سورۂ احزاب، آیت نمبر ۵۶، ۵۷ ـــ
(ا) "اللّٰھم صلی علی محمد" کے معنی علماء یہ بیان کرتے ہیں :۔

یارب "محمد" صلے اللہ علیہ وسلم کو عظمت عطا فرما ـــــ ! دنیا میں ان کا دین بلند اور ان کی دعوت غالب فرما کر اور اُن کی شریعت کو بقا عنایت کر کے ـــــ اور آخرت میں اُن کی شفاعت قبول فرما کر اور اُن کا ثواب زیادہ کر کے اور اولین و آخرین پر اُن کی فضیلت کا اظہار فرما کر اور انبیاء و مرسلین و ملائکہ اور تمام خلق پر ان کی شان بلند کر کے ـــــ

(خزائن العرفان فی تفسیر القرآن، ۵۰۶)

(ب) سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام کا یہ فیض جاری ہوا کہ "سلام" کو دعا بنا دیا اور فرمایا، آخرت میں اہل جنت کے ملتے وقت کا اکرام "سلام" ہے (سورۂ ابراہیم ۲۳) اور دنیا میں مسلمانوں کے ملتے وقت کی دعا بھی "سلام" ہے (سورۂ احزاب، ۴۴)

۳۹۔ قرآن حکیم، سورۂ احزاب، آیت نمبر ۴۳ ـــ
۴۰۔ (ا) پیر کرم شاہ ازہری : تفسیر ضیاء القرآن، مطبوعہ لاہور، ج ۱، ص ۱۱
(ب) حفیظ الرحمٰن سیوہاروی : قصص القرآن، مطبوعہ لاہور، ج ۴، ص ۲۲۸
(ج) ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل : بخاری شریف، ص ۷۵ ـــ ۴

Marfat.com

۴۱۔ (ا) پیر کرم شاہ ازہری: تفسیر ضیاء القرآن، مطبوعہ لاہور، ج ۴، ص ۲۱۲
(ب) علاؤالدین علی بن محمد بن ابراہیم البغدادی: تفسیر خازن، ص ۹۵
(ج) بدرالدین عینی: عینی شرح بخاری، کتاب الحج، ص ۱۴۵۶
۴۲۔ قرآن حکیم، سورہ صٰفٰت، آیت نمبر ۱۰۲۔۱۰۵
۴۳۔ مولوی اشرف علی تھانوی کسی زمانے میں ماہ ربیع الاوّل میں اہتمام کے ساتھ تقریر فرمایا کرتے تھے چنانچہ ۱۳۳۱ھ میں وعظ فرمایا جس کا عنوان الظہور تھا پھر ۱۳۳۲ھ میں وعظ فرمایا جس کا عنوان النور تھا پھر ۱۳۳۳ھ میں جو محفل ہوئی وہ حسن اتفاق سے ۱۲ ربیع الاوّل کو ہوئی، تقریر کا عنوان تھا "السرور" یہ وعظ جامع مسجد تھانہ بھون میں ہوا (اشرف علی تھانوی: ارشاد العباد فی عید المیلاد، مطبوعہ ساڈھورہ)
۴۴۔ اشرف علی تھانوی: السرور بظہور النور۔ ملقب بہ ارشاد العباد فی عید المیلاد، مطبوعہ ساڈھورہ (ضلع انبالہ)، ص ۶۔
۴۵۔ (ا) عساکرالدین ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری النیشاپوری: مسلم شریف، کتاب الصلوٰۃ المسافرین، ج ۱، ص ۲۵۶
(ب) سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر سستانی قندھاری: سنن ابوداوٗد مطبوعہ کراچی، ابواب قیام اللیل، باب نمبر ۱۰، ص ۱۸۹
(ج) ابوعبدالرحمن احمد بن علی النسائی: سنن نسائی، مطبوعہ کراچی، باب قیام اللیل، ص ۱۸۲
(د) امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن عبداللہ ابن ماجہ، سنن ابن ماجہ مطبوعہ لکھنؤ، کتاب الاحکام، باب نمبر ۱۱، ص ۱۷۰
(ھ) شیخ عبدالحق محدث دہلوی: مدارج النبوۃ، ج ۱، ص ۶۲
۴۶۔ قرآن حکیم، سورہ حجر، آیت نمبر ۹
۴۷۔ قرآن حکیم، سورہ اعراف، آیت نمبر ۲۰۴

Marfat.com

۴۸۔ محمد اسحاق بھٹی : فقہائے ہند، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۴ء ج ۱، ص ۱۲۔

۴۹۔ (ا) اخبار مدینہ (بجنور) انڈیا، شمارہ ۱۷ فروری ۱۹۲۷ء

(ب) اخبار زمیندار (لاہور) شمارہ ۱۶ فروری ۱۹۲۷ء

۵۰۔ رکن الدین شاہ : توضیح العقائد، مطبوعہ دہلی، ص ۴۳، ۴۷۔

۵۱۔ ظفر الدین بہاری : معراج النبی، مطبوعہ کراچی، ص ۲۹۔

۵۲۔ ایضاً، ص ۲۸۔ ۲۹۔

۵۳۔ کتب خانہ منظریہ، جامع فتحپوری مسجد، دہلی۔

۵۴۔ ظفر الدین بہاری، معراج النبی، ص ۲۹۔

(ا) اسی شہر ٹھٹھہ (سندھ) میں جہاں راقم یہ کتاب لکھ رہا ہے دارالعلوم مجددیہ عثمانیہ کے شیخ الجامعہ علامہ مفتی محمد عبدالرحمٰن تنوی کے ہاں ۱۹۸۶ء میں ایک فرزند تولد ہوا جس کا نام سیف الرحمٰن ہے۔ اس کے بدن پر صاف حروف میں نام نامی محمد لکھا ہوا ہے۔

۵۵۔ شیخ فرید بھکری : ذخیرۃ الخوانین، مطبوعہ کراچی، ص ۱۷۴۔

۵۶۔ دائرۃ المعارف الاسلامیہ، مطبوعہ لاہور، ج ۱۱، ص ۳۳۲۔

۵۷۔ میر علی شیر قانع تنوی، تحفۃ الکرام، مطبوعہ حیدر آباد سندھ ۱۹۵۷ء ص ۲۹۔ ۳۱۔

۵۸۔ پنجاب یونیورسٹی (لاہور) میں پروفیسر بشیر احمد نے مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی شاعری پر ضخیم مقالہ پیش کیا۔ اسی یونیورسٹی میں پروفیسر محمد اسحاق قریشی نے "عربی نعتیہ شاعری" پر ایک تحقیقی مقالہ پیش کیا اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

(ا) حال ہی میں پاکستان کے مشہور قلم کار راجہ رشید محمود نے لاہور سے ماہنامہ "نعت" جاری کیا ہے۔ اس رسالے کا نام ہی نعت نہیں بلکہ اس کا محور بھی نعت ہے اور ہر شمارہ نعت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم)

Marfat.com

کے کسی نہ کسی گوشے کا مظہر ہوگا ــــــ دو تین نمبر نظر سے گزرے ہیں نہایت ہی بلند پایہ اور خوبصورت ہیں۔ اس ماہنامہ کی اشاعت سے نعت مصطفےٰ کی وسعت اور عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ ماہنامہ ۱۹۸۸ء سے نکلنا شروع ہوا ہے ــــــ اوسطاً ۱۱۲ صفحات پر مشتمل ہوتا ہے۔ پاکستان سے نکلنے والے رسائل میں نہایت ممتاز ہے ــــــ اسی طرح عربی ادب کے ممتاز فاضل پروفیسر منیر قصوری "ایوانِ نعت" کے نام سے ایک رسالہ نکال رہے ہیں جس کے پانچ شمارے منظرِ عام پر آچکے ہیں۔

۵۹۔ سید حسین علی ادیب رائے پوری : مدارج النعت، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء ص ۲۶۰

۶۰۔ دنیا کی بہت سی زبانوں میں نعتیں کہی گئی ہیں، بعض زبانوں میں نعتوں کے مجموعے بھی شائع ہوئے ہیں، اردو زبان میں ایسے مجموعوں کا اچھا خاصا ذخیرہ ہے۔ چند مجموعوں کے نام یہ ہیں :

صہبائے مدینہ (آثم نظامی)، عکس جمال (اثر لدھیانوی)، بہار عقیدت (اختر الحامدی)، شاخِ طوبیٰ (ادیب سیمابی)، سرو تش سدرہ (ارمان اکبر آبادی)، رنگ و بو (اعظم چشتی)، حدیث آشنا (اقبال صلاح الدین)، شعاع ایمان (الطاف احسانی)۔ قلزم رحمت (امیر مینائی)، مینائے کوثر (انجم وزیر آبادی)، چراغ عالمین (اسماعیل انیس)، غنچہ نور (بسمل میرٹھی)، کرم بالائے کرم (بہزاد لکھنوی)، قندیل حرم (ریاض ہمدانی) خمخانۂ حجاز (حافظ پیلی بھیتی)، مطلع فاران (حافظ لدھیانوی)، زمزمۂ محبت (عبدالقدیر حسرت)، حدائق بخشش (رضا بریلوی)، ذوق نعت (حسن بریلوی) گلبانگ حرم (حمید صدیقی)، فارقلیط (عبدالعزیز عدم)، قرار جاں (خالد محمود)، خورشید حرا (زکی قریشی)، نجم سحر (ذوقی مظفر نگری)، فردوس تخیل (ز خ ش)، جام حیات (ساحر صدیقی)، سراپا آئینہ (سخنور سکندری)، سحاب رحمت (سکندر لکھنوی)،

Marfat.com

شاخِ بریدہ (شاد افسری) سوزِ دروں (شبیر بخاری) جامِ طہور (صابر براری) جلوہ عیاں (صابر فقیر صابر) قندیلِ نور (صابر کاسگنجوی) جانِ کائنات (صائم چشتی) جمالِ نور (عزیز حاصل پوری) آہنگِ حجاز (فضلِ حق) نورِ ازل (فقری کانپوری) بہارِ خلد (کافی مراد آبادی) جانِ جہاں (محمد افضل فقیر) حرفِ ثنا (محشر بدایونی) حدیثِ شوق (راجہ رشید محمود) میزابِ رحمت (مسرور کیفی) بابِ جبریل (حافظ مظہر الدین) کاروانِ شوق (ناظم برمی) صبحِ ازل (نسیم امروہوی) حیاتِ جاوداں (نسیم بستوی) آہِ سحرگاہی (بیگم نصرت عبدالرشید) طلوعِ سحر (ہلال جعفری) صبحِ سعادت (یزدانی جالندھری) قدم قدم سجدے (خالد محمود خالد) وغیرہ وغیرہ

(ماہنامہ نعت (لاہور) شمارہ جنوری ۱۹۸۸ء)

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ جذبات کا ایک سیلاب ہے جو امنڈا چلا آرہا ہے، تھمائے نہیں تھمتا، سب کی نگاہیں ایک ہستی کی طرف لگی ہوئی ہیں، اپنی اپنی بساط کے مطابق سب جلوے سمیٹ رہے ہیں، فکر و خیال کی جھولیاں بھر رہے ہیں، دنیائے جدید کی تاریک فضاؤں میں نور بکھیر رہے ہیں، دل گرما رہے ہیں، روح جگا رہے ہیں، قدم قدم روش روش گُل کھلا رہے ہیں ـــــ دینے والا دے رہا ہے، لینے والے لے رہے ہیں۔

۱۶۱۔ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تو بہت ہی بلند ہے، میں یہاں ایک ادنیٰ مثال پیش کرتا ہوں ـــــ کاغذ کے ٹکڑے کی کوئی قیمت نہیں کوڑی کے دام لینے کے لئے کوئی تیار نہیں ـــــ لیکن جب وہی کاغذ کا ٹکڑا حکمِ سلطانی کے ساتھ نوٹ بن کر جلوہ گر ہوتا ہے تو ہر شخص سر آنکھوں پر بٹھاتا ہے۔ ـــــ ہر کوئی قدر و منزلت کرتا ہے ـــــ سب لپکنے کے لئے دوڑتے ہیں ـــــ ایک جہاں اس کو اپنانے کے لئے جدوجہد کرتا ہے ـــــ اس کی حفاظت کے لئے جان کو جان نہیں سمجھتا ـــــ تجوریوں میں بند کر کے رکھتا ہے ـــــ کیوں؟ ـــــ سلطانِ وقت نے اس میں اپنے حکم کی روح پھونک دی ہے ـــــ

Marfat.com

اسی روح نے اس کو گراں قدر بنا دیا ہے ـــــ اب کوئی ایسا معقول انسان نہیں ملتا جو یہ کہے کہ یہ تو کاغذ کا ٹکڑا ہے ـــــ اس کی حفاظت کیوں کی جارہی ہے؟ ـــــ اس کو سینے سے لگا کر کیوں رکھا جارہا ہے ـــــ یہ بھی ایسا ہی ٹکڑا ہے جیسے گلی کوچوں میں پڑے پھرتے ہیں ـــــ اگر کوئی ایسی باتیں کرے تو اس کو کوئی معقول انسان نہیں کہہ سکتا ـــــ

۶۲۔ قرآن حکیم، سورۂ فتح، آیات نمبر ۸ - ۹ـــ

۶۳۔ توریت، باب ۱۶ـــ

۶۴۔ (ا) علامہ جلال الدین سیوطی: حسن المحاضرہ، ص ۵۰ - ۵۱ـــ

(ب) محبوب رضوی: مکتوبات نبوی، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۱۴۳

۶۵۔ قرآن حکیم، سورۂ توبہ، آیت نمبر ۲۴ـــ

(ا) قرآن حکیم میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں تین قسم کی آیات ہیں ـــــ ایک تو وہ جو کفار و مشرکین کے ذہنی اور فکری سطح کے مطابق ہیں، دوسری وہ جو علماء و فضلاء کی ذہنی و فکری سطح کے مطابق ہیں اور تیسری قسم کی آیات وہ ہیں جو صلحاء و عرفاء کی ذہنی اور روحانی سطح کے مطابق ہیں ـــــ جمال مصطفیٰ دیکھنا ہو تو تیسری قسم کی آیات ملاحظہ فرمائیں۔

۶۶۔ ابوالحسن بن الحجاج النیشاپوری: مسلم شریف (شرح و ترجمہ مولانا غلام رسول سعیدی) مطبوعہ لاہور، ج ۱، ص ۱۴۰ـ

۶۷۔ ایضاً، ج ۱، ص ۱۴۲ـ

۶۸۔ غلام ہندوستان میں ایسے عاشقان رسول موجود تھے ـــــ ان سرفروشوں میں غازی عبدالرشید شہید، غازی میاں محمد شہید، غازی عبدالقیوم شہید اور غازی علم الدین شہید قابل ذکر ہیں۔ ان شہیدوں نے جان پر کھیل کر گستاخانِ مصطفیٰ کو ہمیشہ کے لئے خاموش کردیا اور شہید ہو کر حیات جاوداں

Marfat.com

حاصل کی۔ اللہ اللہ ؎

قسمت نگر کہ کشتۂ شمشیر عشق یافت
مرگے کہ زندگاں بدعا آرزو کنند

۶۹۔ علامہ عبدالواحد سیوستانی: بیاض واحدی (قلمی) مخزونہ کتب خانہ خیاری شریف، سندھ؛

۷۰۔ احمد رضا خاں بریلوی: اقامتہ القیامہ (۱۲۹۹ھ)، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۰ء، ص ۴۵-۴۶

۷۱۔ حدیث وصال، مطبوعہ کوئٹہ ۱۹۸۸ء۔ ص ۴



Marfat.com

# ۴

۱۔ سلیمان ندوی: سیرت النبی، مطبوعہ اعظم گڑھ ۱۹۴۷ء ج ۳، ص ۸۱۶ بحوالہ انجیل
متی، ۱۳-۳۱ وانجیل مرقس ۴-۳۰

۲۔ قرآن حکیم، سورۂ مؤمنون، آیت نمبر ۱۲-۱۴

۳۔ احمد رضا خاں: اقامتہ القیامہ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۰ء، ص ۴۱-۴۲

۴۔ علامہ شمس بریلوی: سرور کونین کی فصاحت، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۵ء، ص ۱۰۴

۵۔ قرآن حکیم، سورۂ دھر، آیت نمبر ۲۳، سورۂ فرقان، آیت نمبر ۳۲

۶۔ طبرسی: تفسیر مجمع البیان بحوالہ دائرۃ المعارف الاسلامیہ، مطبوعہ لاہور،
ج ۱۶، ص ۳۴

۷۔ جلال الدین سیوطی: الاتقان فی علوم القرآن، مطبوعہ کراچی، ج ۱، ۱۴۵، ۱۴۹

۸۔ قرآن حکیم، سورۂ قیمۃ، آیت نمبر ۱۷، سورہ حجر، آیت نمبر ۹

۹۔ احمد رضا خاں: اقامتہ القیامہ، مطبوعہ کراچی، ص ۵۷

۱۰۔ یہ مجلدات تقریباً پندرہ سو صفحات پر مشتمل ہیں، ہر جلد میں پندرہ اجزاء اور ہر جز میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت خاص سے متعلق درود کے صیغے ہیں۔ کتاب کا نام ہے "مجموعہ صلوات الرسول فی صلوتہ وسلامہ صلی اللہ علیہ وسلم"۔ یہ مجموعہ ایک جلیل القدر عارف خواجہ عبدالرحمٰن چھوہردی رحمۃ اللہ علیہ (ہری پور ہزارہ) کی تالیف ہے۔ پہلی بار مطبع اسلامیہ اسٹیم پریس، لاہور میں چھپی۔ اب پھر بنگلادیش سے شائع ہوگئی ہے۔

۱۱۔ قرآن حکیم، سورۂ الم نشرح، آیت نمبر ۴

۱۲۔ عبدالحق الہ آبادی مہاجر مکی: الدار المنظم فی حکم عمل مولد النبی الاعظم، باب نمبر ۸
ص ۱۲۳-۱۲۴ بحوالہ سیرت حلبیہ و سیرت شامی۔

۱۳۔ قرآن حکیم، سورۂ ابراہیم، آیت نمبر ۵

Marfat.com

(۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا جا رہا ہے کہ "اپنی قوم کو اللہ کے دن یاد دلاؤ" ——— مزید تشریح اور وضاحت نہ فرمائی ——— لیکن یہ کہہ کر اشارہ فرما دیا "بیشک اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر والے شکر گذار کو" ——— معلوم ہوا ان دنوں کا تعلق غمی کے دنوں سے بھی ہے اور خوشی کے دنوں سے بھی ——— اس لئے مفسرین کرام نے ایام اللہ سے وہ دن مراد لئے ہیں جن میں انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام رحمہم اللہ کی زندگی میں کوئی اہم واقعہ یا حادثہ پیش آیا ہو یعنی اس دن اللہ نے ان کو آزمایا ہو یا انعام فرمایا ہو ——— سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ قدسی تمام انعامات الٰہیہ کی جان ہے اس لئے آپ کی تشریف آوری کا دن بدرجہ اولیٰ ایام اللہ میں شامل ہے بلکہ ایام اللہ کا سرتاج ہے۔

۱۴- قرآن حکیم، سورہ مائدہ، آیت نمبر ۱۱۴ ———

۱۵- (ا) ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ: ترمذی شریف، مطبوعہ دھلی و کراچی

(ب) محمد بن اسمٰعیل بخاری شریف، مطبوعہ کراچی ۱۳۸۱ھ، ص ۱۱ ———

۱۶- اشرف علی تھانوی: السرور بظہور النور، مطبوعہ ساڈھورہ، ص ۳۷ ———

۱۷- قرآن حکیم سورہ ضحیٰ، آیت نمبر ۱۱ ———

۱۸- ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل: بخاری شریف، ج ۲، ص ۵۶۶ ———

۱۹- سید یوسف سید ہاشم رفاعی: ادلۃ اہل السنۃ والجماعۃ (ترجمہ اردو مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری) مطبوعہ لاہور ۱۹۸۴ء، ص ۲۷۵ - ۲۷۶ بحوالہ صحیح مسلم

(۱) محبوبانِ الٰہی کا ذکر بھی اللہ ہی کا ذکر ہے ——— کیوں کہ دوست کو دوست کا ذکر اچھا معلوم ہوتا ہے۔ پھر دوستی و محبت کی یہ شان ہو:-

"جس شخص نے میرے ولی سے دشمنی رکھی میری طرف سے اس کے لئے اعلان جنگ ہے۔"

(۱) ولی الدین بن عبد اللہ الخطیب: مشکوٰۃ المصابیح۔ مطبوعہ لاہور، ج ۱، ص ۴۹۱ء

Marfat.com

(ب) بخاری شریف مطبوعہ لاہور، ج ۳/ ص ۵۱۳)

وہ کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ سے جنگ پر آمادہ ہو۔ معاذ اللہ!

۲۰۔ خلیل احمد رانا: انوار قطب مدینہ، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۸ھ، ص ۴۶۴

۲۱۔ شاہ احمد سعید دہلوی: اثبات المولد والقیام، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء، ص ۳۵

بحوالہ محدث ابن جوزی۔

۲۲۔ ملا علی قاری: المورد الروی۔

۲۳۔ سید سلیمان ندوی: سیرت النبی، مطبوعہ اعظم گڑھ، ج ۳، ص ۶۶۴

۲۴۔ خلیل احمد رانا: انوار قطب مدینہ، مطبوعہ لاہور، ص ۴۶۵

۲۵۔ جمال الدین عبدالرحمٰن ابن الجوزی: بیان المیلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور، ص ۳۵

۲۶۔ ایضاً، ص ۳۶۔

۲۷۔ (ا) ابو محمد عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل المعروف بہ ابی شامہ:

الباعث علی انکار البدع والحوادث،

(ب) محمد بن علی یوسف دمشقی شامی: سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد۔

(ج) عبدالحق مہاجر مکی: الدار المنظم فی حکم عمل مولد النبی الاعظم۔

۲۸۔ ملک معظم ابو سعید مظفر الدین ۵۵۹ھ / ۱۱۶۴ء میں پیدا ہوئے اور ۵۸۶ھ ۱۱۹۰ء میں اپنے والد زین الدین کے جانشین ہوئے اور سلطان اربل کہلائے۔ بہت ہی سخی اور فیاض تھے، امور خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ سب سے اہم کارنامہ شاہی پیمانے پر محفل میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کا انعقاد ہے۔ ۶۳۰ھ / ۱۲۳۰ء میں ان کا انتقال ہوا۔

۲۹۔ ابن خلکان: وفیات الاعیان انباء انباء الزمان، مطبوعہ قاہرہ ۱۹۴۷ء

(ا) مسجد جامع فتحپوری دہلی (بھارت) میں عارف کامل حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز کی سرپرستی میں ہر سال ۱۲ ربیع الاول

Marfat.com

